کتاب مستطاب

الشافی

ترجمہ

فروعِ کافی

جلد دوئم

مفسر قرآن عالی جناب ادیب اعظم مولانا السید ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی نقوی الامروہوی

ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ رجسٹرڈ
ناظم آباد، کراچی

[illegible]
[illegible] لطیف آباد، یونٹ نمبر ۸-C1

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب مستطاب

الشافی

کتاب الصلوٰۃ

ترجمہ

فروع کافی

جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ **محمد یعقوب کلینی** علیہ الرحمۃ

مترجمہ

مفسر قرآن عالیجناب ادیب اعظم مولانا السید **ظفر حسن** صاحب قبلہ مدظلہ العالی

مصنف دو صد کتب

ناشر: **ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ)**
ناظم آباد ۲ کراچی

[illegible]
مرکز تبرکات و تحائف
N-37/2 امام بارگاہ رضویہ سوسائٹی
[illegible]

مُصَنِّفہ

سَیِّدُ المُفَسِّرِین

اَدِیبِ اَعظَم اَلحَاج مَولَانَا سَیِّد ظَفَر حَسَن صَاحِب قبلہ اَمرُوہَوِی

بانی جامعہ امامیہ و صدر جامعہ امامیہ کمیٹی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتابِ مستطاب

الشّافی

کتاب الصّلوٰۃ

ترجمہ

فروعِ کافی

جلد دوم

حضرت ثقۃ الاسلام علامہ فہامہ مولانا الشیخ محمد بن یعقوب کلینی علیہ الرحمتہ

مُترجمہ

مفسرِ قرآن عالیجناب ادیبِ اعظم مولانا السیّد ظفر حسن صاحب قبلہ مدظلہ العالی

مُصنّف دو صد کتب

ناشر: ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
ناظم آباد ۲ کراچی

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر ــــــــــ ظفر شمیم پبلیکیشنز ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
بلاک ۲ سب بلاک اے روڈ ۵
مکان ۱۳ ناظم آباد کراچی

مطبع ــــــــــ قریشی آرٹ پریس
ناظم آباد۔ کراچی

کتابت ــــــــــ سید محمد رضا زیدی

ھدیہ ــــــــــ ۱۶۰ روپے

سال اشاعت ــــــــــ ستمبر ۲۰۰۴ء

فہرست مضامین

کتاب الصلوٰۃ

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اردو ترجمہ
۱	فضیلت نماز	۱	۳
۲	نماز کی حفاظت کرنے والا اور ضائع کرنے والا	۵	۸
۳	فرض الصلوٰۃ	۱۲	۱۴
۴	اوقات نماز کا اوّل و وسط و آخر	۱۵	۱۷
۴(الف)	وقت ظہر و عصر	۱۸	۲۰
۵	وقت مغرب و عشاء	۲۱	۲۴
۶	وقت نماز فجر	۲۶	۲۷
۷	علم وقت نماز بادل اور آندھی کے دن اور استقبال قبلہ	۲۸	۳۰
۸	دو نمازیں ایک ساتھ پڑھنا	۳۱	۳۲
۹	جو نمازیں ہر وقت پڑھی جاسکتی ہیں	۳۳	۳۳
۱۰	تطوع اور ساعات جن میں نماز نہیں پڑھتے۔	۳۴	۳۶
۱۱	اگر کوئی سو جائے یا نماز پڑھنی بھول جائے۔	۳۷	۴۰
۱۲	بنائے مسجد نبوی	۴۳	۴۴
۱۳	مصلی وقت نماز اپنے آگے کیا رکھے	۴۴	۴۵
۱۴	مرد و عورت کا قریب قریب نماز پڑھنا	۴۶	۴۷

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اردو ترجمہ
۱۵	نماز میں خشوع و کراہت فعلِ عبث۔	۴۸	۵۰
۱۶	نماز میں دعا و بکا	۵۱	۵۲
۱۷	اذان و اقامت و ثواب	۵۲	۵۸
۱۸	مسجد میں داخل یا خارج ہوتے وقت کیا کیا جائے۔	۶۱	۶۱
۱۹	افتتاح نماز	۶۲	۶۴
۲۰	قرأت قرآن	۶۶	۷۰
۲۱	عزائم السجود	۷۲	۷۳
۲۲	آخری دو رکعتوں میں قرأت و تسبیح	۷۴	۷۵
۲۳	رکوع و سر اٹھانے کے بعد کیا کیا جائے	۷۵	۷۷
۲۴	سجدہ، تسبیح اور دعا، فرائض و نوافل نمازیں	۷۸	۸۴
۲۵	ذکر رکوع و سجود	۹۰	۹۱
۲۶	کس چیز پر سجدہ نہ کرو اور کیا مکروہ ہے	۹۲	۹۴
۲۷	پیشانی زمین پر رکھنا	۹۵	۹۶
۲۸	قیام و قعود	۹۷	۹۹
۲۹	تشہد و سلام	۱۰۱	۱۰۲
۳۰	قنوت	۱۰۳	۱۰۵

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اُردو ترجمہ
۳۱	تعقیبات	۱۰۷	۱۱۱
۳۲	نماز میں صدور حدث	۱۱۴	۱۱۴
۳۳	شروع نماز میں سہو	۱۱۵	۱۱۶
۳۴	قرأت میں سہو	۱۱۶	۱۱۷
۳۵	رکوع میں سہو	۱۱۷	۱۱۸
۳۶	سجدہ میں سہو	۱۱۸	۱۱۹
۳۷	پہلی دو رکعتوں میں سہو	۱۱۹	۱۲۰
۳۸	نماز فجر و مغرب و جمعہ میں شک	۱۲۱	۱۲۱
۳۹	تیسری و چوتھی میں شک	۱۲۳	۱۲۴
۴۰	چوتھی اور پانچویں میں شک	۱۲۵	۱۲۶
۴۱	نماز میں کلام کرنا	۱۲۷	۱۲۹
۴۲	ہر نماز میں سہو، کثیر السہو،		
	نافلہ میں سہو، امام و ماموم کا سہو	۱۳۱	۱۳۶
۴۳	سہو کرنے والے کی نماز	۱۳۵	۱۴۰
۴۴	کیا نماز قطع ہو جاتی ہے ضحک حدث		
	اشارہ و نسیان سے۔	۱۴۱	۱۴۳
۴۵	نمازی کا جواب سلام دینا اور نماز		
	میں چھینکنا	۱۴۴	۱۴۵
۴۶	نمازی موذی جانور کو نماز میں		
	مار ڈال سکتا ہے۔	۱۴۵	۱۴۶
۴۷	بنائے مساجد اور کیا وہاں		
	سے لیا جائے اور دین حدث اور نوم	۱۴۷	۱۴۹
۴۸	فضیلت نماز با جماعت	۱۵۱	۱۵۳
۴۹	اس کے پیچھے نماز پڑھنا جس کی اقتدا نہ ہو	۱۵۴	۱۵۵

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اُردو ترجمہ
۵۰	کس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے		
	کیا غلام پیش نماز ہو سکتا ہے		
	حقدار کون ہے۔	۱۵۷	۱۵۸
۵۱	مرد عورتوں کی امامت کر سکتا ہے		
	عورت عورتوں کی۔	۱۵۹	۱۵۹
۵۲	احکام جماعت	۱۵۹	۱۶۰
۵۳	پیش نماز کا طاہر یا رو بہ قبلہ نہ ہونا	۱۶۱	۱۶۲
۵۴	ایک شخص تنہا نماز پڑھتا ہے پھر		
	شریک جماعت ہوتا ہے۔	۱۶۲	۱۶۴
۵۵	جو شخص امام کے ساتھ نماز کا		
	کچھ حصہ پالے۔	۱۶۵	۱۶۸
۵۶	کسی کا صفوف جماعت کی طرف چلنا	۱۷۰	۱۷۲
۵۷	نماز کعبہ میں اس کی چھت پر اور		
	یہود و نصاریٰ کے معبدوں میں		
	اوران مقامات پر جہاں نماز		
	مکروہ ہے۔	۱۷۳	۱۷۸
۵۸	لباس مصلی	۱۸۰	۱۸۳
۵۹	کس لباس میں نماز مکروہ ہے	۱۸۵	۱۹۰
۶۰	ناپاک لباس میں نماز	۱۹۴	۱۹۷
۶۱	متلثم اور مختضب مصلی کے متعلق	۱۹۹	۲۰۰
۶۲	بچوں کی نماز اور ان سے مواخذہ		
	کا وقت۔	۲۰۰	۲۰۱
۶۳	نماز مرد پیر و مریض	۲۰۲	۲۰۴
۶۴	بیہوش اور اس مریض کی نماز جس کی قضا ہو جائے۔	۲۰۵	۲۰۶

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اردو ترجمہ
۶۵	فضیلت روز جمعہ اور شب جمعہ	۲۰۶	۲۰۹
۶۶	روز جمعہ زینت کرنا	۲۱۱	۲۱۳
۶۷	وجوب نماز جمعہ اور کس پر واجب ہے	۲۱۴	۲۱۵
۶۸	وقت نماز جمعہ و وقت عصر روز جمعہ	۲۱۵	۶۱۶
۶۹	نماز جمعہ کے لئے امام کا تہنیہ کرنا اور خطبہ پڑھنا۔	۲۱۷	۲۲۰
۷۰	نماز جمعہ میں سورتوں کا تعین	۲۲۳	۲۲۴
۷۱	نماز جمعہ میں قنوت	۲۲۵	۲۲۶
۷۲	جو نماز جمعہ میں شریک نہ ہو۔	۲۲۶	۲۲۷
۷۳	روز جمعہ کے نوافل	۲۲۷	۲۲۸
۷۴	نوادر جمعہ	۲۲۸	۲۳۰
۷۵	ابواب السفر	۲۳۱	۲۳۲
۷۶	وہ مسافت جس میں نماز قصر ہوتی ہے۔	۲۳۳	۲۳۴
۷۷	جو سفر کا ارادہ رکھتا ہو یا سفر سے واپس آئے۔	۲۳۵	۲۳۶
۷۸	مسافر کسی شہر میں کب تک قصر کرے	۲۳۷	۲۳۸
۷۹	ملاحوں، مکاریوں اور شکاریوں کے متعلق	۲۳۹	۲۴۰
۸۰	مسافر کا مقیم کی نماز میں شریک ہونا	۲۴۲	۲۴۲
۸۱	سفر میں نوافل	۲۴۲	۲۴۴
۸۲	کشتی میں نماز	۲۴۵	۲۴۶

باب نمبر	مضامین	عربی متن	صفحہ اردو ترجمہ
۸۳	نماز نوافل	۲۴۷	۲۵۳
۸۴	تقدیم و تاخیر نوافل و قضائے نوافل اور نماز چاشت۔	۲۵۷	۲۶۱
۸۵	نماز خوف	۲۶۳	۲۶۵
۸۶	گھمسان کی جنگ میں نماز	۲۶۶	۲۶۷
۸۷	نماز عیدین و خطبے	۲۶۸	۲۷۰
۸۸	نماز استسقاء	۲۷۲	۲۷۳
۸۹	نماز کسوف	۲۷۴	۲۷۵
۹۰	نماز تسبیح	۲۷۷	۲۷۹
۹۱	نماز فاطمہ زہرا وغیرہ	۲۸۰	۲۸۲
۹۲	نماز استخارہ	۲۸۳	۲۸۵
۹۳	نماز طلب رزق	۲۸۷	۲۹۰
۹۴	نماز حاجات	۲۹۲	۲۹۵
۹۵	خائف کی نماز	۲۹۷	۲۹۸
۹۶	نماز ارادۂ سفر کے وقت	۲۹۸	۲۹۹
۹۷	نماز شکر	۲۹۹	۲۹۹
۹۸	نماز وقت مجامعت و ارادۂ تزویج	۳۰۰	۳۰۱
۹۹	نوادر	۳۰۱	۳۰۷
۱۰۰	مساجد کوفہ	۳۱۲	۳۱۳
۱۰۱	فضیلت مسجد اعظم کوفہ	۳۱۳	۳۱۶
۱۰۲	مسجد سہلہ	۳۱۸	۳۱۹

[بسم الله الرحمن الرحيم]

«كتاب الصلاة»

«باب»

(فضل الصلاة)

قال محمّد بن يعقوب الكلينيّ مصنّف هذا الكتاب ـ رحمه الله ـ :

١ ـ حدَّثني محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسن بن محبوب ، عن معاوية بن وهب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن أفضل ما يتقرَّب به العباد إلى ربّهم وأحبّ ذلك إلى الله عزَّ وجلَّ ما هو ؟ فقال : ما أعلم شيئاً بعد المعرفة أفضل من هذه الصّلاة ، ألا ترى أنَّ العبد الصّالح عيسى ابن مريم عليه السلام قال : «وأوصاني بالصلاة والزَّكوة مادمت حيّاً» .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن هارون بن خارجة ، عن زيد الشحّام ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سمعته يقول : أحبُّ الأعمال إلى الله عزَّ و جلَّ الصّلاة وهي آخر وصايا الأنبياء عليهم السلام ، فما أحسن الرَّجل يغتسل أو يتوضّأ فيسبغ الوضوء ثمَّ يتنحّى حيث لا يراه أنيس فيشرف عليه و هو راكعٌ أو ساجدٌ إنَّ العبد إذا سجد فأطال السجود نادى إبليس: ياويلاه أطاع وعصيت و سجد وأبيت .

٣ ـ عليُّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن الوشّاء قال : سمعت الرِّضا عليه السلام يقول : أقرب ما يكون العبد من الله عزَّ وجلَّ وهو ساجد و ذلك قوله عزَّ و جلَّ : «واسجد واقترب» .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن يزيد بن خليفة قال :

سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول: إذا قام المصلّي إلى الصّلاة نزلت عليه الرّحمة من أعنان السّماء إلى أعنان الأرض وحفّت به الملائكة وناداه ملك: لو يعلم هذا المصلّي ما في الصلاة ما انفتل.

٥ ـ محمّد بن الحسن، عن سهل بن زياد، عن ابن محبوب، عن أبي حمزة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله: إذا قام العبد المؤمن في صلاته نظر الله إليه ـ أو قال: أقبل الله عليه ـ حتّى ينصرف وأظلّته الرّحمة من فوق رأسه إلى أفق السماء، والملائكة تحفّه من حوله إلى أفق السماء، ووكّل الله به ملكاً قائماً على رأسه يقول له: أيّها المصلّي لو تعلم من ينظر إليك ومن تناجي ما التفتّ ولازلت من موضعك أبداً.

٦ ـ أبو داود، عن الحسين بن سعيد، عن محمّد بن الفضيل، عن أبي الحسن الرضا عليه السلام قال: الصّلاة قربان كلّ تقيّ.

٧ ـ عنه، عن الحسين بن سعيد، عن صفوان بن يحيى، عن ابن مسكان، عن إسماعيل بن عمّار، عن أبي بصير قال: قال أبوعبدالله عليه السلام: صلاة فريضة خيرٌ من عشرين حجّة وحجّة خيرٌ من بيت مملوّ ذهباً يتصدّق منه حتّى يفنى.

٨ ـ جماعة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد بن عيسى، عن الحسين بن سعيد، عن فضالة، عن عبدالله بن سنان، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه قال: مرّ بالنبيّ صلى الله عليه وآله رجلٌ وهو يعالج بعض حجراته فقال: يا رسول الله ألا أكفيك؟ فقال: شأنك، فلمّا فرغ قال له رسول الله صلى الله عليه وآله: حاجتك؟ قال: الجنّة، فأطرق رسول الله صلى الله عليه وآله ثمّ قال: نعم، فلمّا ولّى قال له: يا عبدالله أعنّا بطول السجود [١].

٩ ـ أحمد بن إدريس، عن محمّد بن عبدالجبّار، عن صفوان، عن حمزة بن حمران، عن عبيد بن زرارة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله: مثل الصلاة مثل عمود الفسطاط إذا ثبت العمود نفعت الأطناب والأوتاد والغشاء وإذا انكسر العمود لم ينفع طنب ولا وتد ولا غشاء.

١٠ ـ محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن حمّاد بن عيسى، عن إبراهيم ابن عمر اليمانيّ، عمّن حدّثه، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ: «إنّ

الحسنات يذهبن السيّئات ، قال : صلاة المؤمن باللّيل تذهب بما عمل من ذنب بالنّهار .

١١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختريّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من قبل الله منه صلاة واحدة لم يعذّبه و من قبل منه حسنة لم يعذّبه .

١٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطاب ، عن الحسين بن سيف ، عن أبيه قال : حدّثني من سمع أبا عبدالله عليه السلام يقول : من صلّى ركعتين يعلم ما يقول فيهما : انصرف وليس بينه وبين الله ذنب .

١٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن عبدالله بن محمّد بن عيسى ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : الصّلاة ميزان من وفّى استوفى

بسم الله الرحمن الرحيم

کتاب الصلوٰۃ

باب ۱

فضیلت نماز

۱۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ بندوں کو اپنے رب سے زیادہ قریب کرنے والی اور خدا کے نزدیک زیادہ محبوب کیا ہے۔ فرمایا معرفت کے بعد نماز کیا تم نہیں جانتے کہ عبد صالح حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا ہے کہ جب تک میں زندہ

ہوں اللہ نے مجھے نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ (ض)

۲۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے سنا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل نماز ہے اور وہ انبیا علیہم السلام کی آخری وصیت ہے کیا اچھا ہے وہ شخص جو غسل یا وضو کرے اور پھر الگ جا کر کسی گوشہ میں رکوع و سجود کرے اور نہ کوئی دوست اسے دیکھ رہا ہو، جب بندہ سجدہ کو طول دیتا ہے تو شیطان کہتا ہے میرے ہلاکت ہو اس نے خدا کی اطاعت کی اور میں نے نافرمانی، اس نے سجدہ کیا اور میں نے انکار کیا۔ (صحیح)

۳۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے سنا کہ بندے کو خدا سے سب سے زیادہ قریب کرنے والا اس کا سجدہ ہے جیسا کہ فرمایا ہے سجدہ کرو قربت حاصل کرو۔ (ض)

۴۔ فرمایا حضرتؑ نے جب کوئی نماز پڑھنے کھڑا ہوتا ہے تو اس پر اطراف آسمان سے زمین کے اطراف تک رحمت خدا نازل ہوتی ہے اور ایک فرشتہ ندا کرتا ہے اگر یہ مصلی جان لیتا کہ نماز کا ثواب کیا ہے تو یہ نماز ترک نہ کرتا۔ (ض)

۵۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے جب کوئی بندۂ مومن نماز میں ہوتا ہے تو اللہ اس کی طرف نظر کرتا ہے یا اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے جب تک وہ نماز میں رہے اس کے سر پر افق آسمان تک رحمت الٰہی سایہ فگن رہتی ہے اور ملائکہ اس کے گرد رہتے ہیں افق آسمان تک اللہ ایک فرشتہ کو مقرر کرتا ہے جو اس کے سرہانے کھڑا کہتا ہے۔ اے مصلی اگر تو جان لیتا کہ کون تیری طرف دیکھ رہا ہے تو کس سے مناجات کر رہا ہے تو تو کبھی کسی طرف متوجہ نہ ہوتا اور اپنی جگہ سے نہ ہٹتا۔ (ض)

۶۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے نماز پرہیزگاری سے زیادہ باعث قربت ہے۔ (ض)

۷۔ فرمایا نماز فریضۂ حج سے بہتر ہے اور ایک حج بہتر ہے اس گھر سے جو سونے سے بھرا ہوا ہو اور وہ سب راہ خدا میں دے دیا جائے

۸۔ فرمایا رسول اللہ کے پاس سے گزرا وہ شخص جس نے بعض ازواج نبی کا علاج کیا تھا اس نے کہا یا رسول اللہ میری خدمات ٹھیک ہو گئیں۔ فرمایا ٹھیک ہیں جب وہ چلنے لگا تو آپؐ نے فرمایا تو کیا چاہتا ہے اس نے کہا جنت، حضرت نے سر جھکا لیا پھر فرمایا اے بندۂ خدا ہم مدد کرتے ہیں طول سجدہ کے ساتھ۔

۹۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسول خدا نے فرمایا ہے کہ نماز کی مثال ستون خیمہ کی ہے۔ جب تک ستون قائم ہے۔ رسیاں، میخیں اور پردے اپنی جگہ پر قائم رہتے ہیں اور ان سے فائدہ پہنچتا ہے لیکن جب وہ گر جائے تو یہ سب چیزیں بیکار ہو جاتی ہیں۔ (مجہول)

۱۰۔ فرمایا حضرتؑ نے اس آیت کے متعلق نیکیاں گناہوں کو کھا جاتی ہے۔ فرمایا نماز جب مرد مومن رات کو پڑھتا ہے وہ اس کے دن کے گناہوں کو دور کر دیتی ہے۔ (مرسل)

۱۱۔ فرمایا جس کی ایک نماز قبول ہو گئی اس پر عذاب نہ ہوگا اور جس کی ایک نیکی قبول ہو گئی اس پر بھی عذاب نہ ہوگا۔ (حسن)

۱۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جو دو رکعت نماز پڑھے اور جو کہتا ہو اور اس کو جانتا بھی ہو تو آپ کے اور خدا کے درمیان کوئی گناہ نہ رہے گا۔ (ضعیف)

۱۳۔ فرمایا رسولؐ خدا نے نماز ایک ترازو ہے جس نے پورا رکھا پورا پایا۔

﴿باب ۲﴾

☆(من حافظ على صلاته أو ضيعها)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس بن عبد الرّحمن، عن عبد الرّحمن بن الحجّاج، عن أبان بن تغلب قال: كنت صلّيت خلف أبي عبدالله عليه السلام بالمزدلفة فلمّا انصرف التفت إليَّ فقال: يا أبان الصلوات الخمس المفروضات من أقام حدودهنَّ و حافظ على مواقيتهنَّ لقي الله يوم القيامة وله عنده عهد يدخله به الجنّة ومن لم يقم حدودهنَّ ولم يحافظ على مواقيتهنَّ لقي الله ولاعهد له إن شاء عذّبه وإن شاء غفر له.

٢ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ، عن عبدالله بن عامر، عن عليّ بن مهزيار، عن ابن أبي عمير، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج، عن أبان بن تغلب قال: صلّيت مع أبي عبدالله عليه السلام المغرب بالمزدلفة فلمّا انصرف أقام الصلاة وصلّى العشاء الآخرة لم يركع بينهما ثمّ صلّيت معه بعد ذلك بسنة فصلّى المغرب ثمّ قام فتنفّل بأربع ركعات ثمّ أقام فصلّى العشاء الآخرة ثمَّ التفت إليَّ فقال: يا أبان هذه الصّلوات الخمس المفروضات من أقامهنّ وحافظ على مواقيتهنَّ لقي الله يوم القيامة وله عنده عهد يدخله به الجنّة ومن لم يصلّهنَّ لمواقيتهنَّ ولم يحافظ عليهنَّ فذاك إليه إن شاء غفر له وإن شاء عذّبه.

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس بن عبدالرّحمن، عن يونس ابن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قيل له و أنا حاضر: الرّجل يكون في صلاته خالياً فيدخله العجب فقال: إذا كان أوّل صلاته بنيّة يريد بها ربّه فلا يضرُّه مادخله بعد ذلك فليمض في صلاته وليخسأ الشّيطان.

٤ ـ جماعةٌ ، عن أحمد بن محمد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة ، عن حسين بن عثمان ، عن سماعة ، عن أبي بصير قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : كلُّ سهوفي الصّلاة(٢) يطرح منها غيرأنَّ الله تعالى يتمُّ بالنوافل ، إنَّ أوَّل ما يحاسب به العبد الصلاة فإن قُبلت قُبل ماسواها ، إنَّ الصّلاة إذا ارتفعت في أوَّل وقتها رجعت إلى صاحبها وهي بيضاء مشرقة تقول : حفظتني حفظك الله وإذا ارتفعت في غير وقتها بغير حدودها رجعت إلى صاحبها وهي سوداء مظلمة تقول : ضيّعتني ضيّعك الله .

٥ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسين ، عن محمد بن الفضيل قال : سألت عبداً صالحاً عليه السلام عن قول الله عزَّ و جلَّ : « الّذينهم عن صلاتهم ساهون » قال : هو التّضييع .

٦ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن زرارة عن أبي جعفر عليه السلام قال : بينا رسول الله صلى الله عليه وآله جالس في المسجد إذ دخل رجلٌ فقام يصلّي فلم يتمَّ ركوعه ولا سجوده فقال صلى الله عليه وآله : نقر كنقر الغراب لئن مات هذا وهكذا صلاته ليموتنَّ على غير ديني

٧ ـ عنه ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال : لا تتهاون بصلاتك فإنَّ النبيَّ صلى الله عليه وآله قال عند موته : ليس منّي من استخفَّ بصلاته ، ليس منّي من شرب مسكراً لايرد عليَّ الحوض لا والله .

٨ ـ عليّ بن محمد ، عن سهل بن زياد ، عن النّوفلي ، عن السكوني ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : لايزال الشّيطان ذعراً من المؤمن ما حافظ على الصّلوات الخمس فإذا ضيّعهن تجرّء عليه فأدخله في العظائم

٩ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن صفوان ابن يحيى ، عن العيص بن القاسم قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : والله إنّه ليأتي على الرّجل خمسون سنة وما قبل الله منه صلاة واحدة فأيُّ شيء أشدُّ من هذا والله إنّكم لتعرفون من جيرانكم وأصحابكم من لو كان يصلّي لبعضكم ما قبلها منه لاستخفافه بها ، إنَّ

الله عزّ وجلّ لا يقبل إلّا الحسن فكيف يقبل ما يستخفّ به .

١٠ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن هشام بن سالم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا قام العبد في الصلاة فخفّف صلاته قال الله تبارك وتعالى لملائكته : أما ترون إلى عبدي كأنّه يرى أنّ قضاء حوائجه بيد غيري أما يعلم أنّ قضاء حوائجه بيدي .

١١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد ابن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا ما أدّى الرّجل صلاة واحدة تامّة قبلت جميع صلاته وإن كنّ غير تامّات و إن أفسدها كلّها لم يقبل منه شيء منها ولم يحسب له نافلة ولا فريضة وإنّما تقبل النّافلة بعد قبول الفريضة وإذا لم يؤدّ الرّجل الفريضة لم يقبل منه النّافلة و إنّما جعلت النّافلة ليتمّ بها ما أفسد من الفريضة .

١٢ ـ وبهذا الإسناد ، عن حريز ، عن الفضيل قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن قول الله عزّ و جلّ : «الّذينهم على صلواتهم يحافظون » قال : هي الفريضة ، قلت : «الّذينهم على صلوتهم دائمون » قال : هي النافلة .

١٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن داود بن فرقد قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : قوله تعالى : «إنّ الصلوة كانت على المؤمنين كتاباً موقوتاً » قال : كتاباً ثابتاً وليس إن عجّلت قليلاً أو أخّرت قليلاً بالّذي يضرّك ما لم تضيّع تلك الاضاعة فإنّ الله عزّ وجلّ يقول لقوم : «أضاعوا الصلوة واتّبعوا الشّهوات فسوف يلقون غيّا

١٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن محبوب ، عن جميل بن درّاج ، عن بعض أصحابه ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : أيّما مؤمن حافظ على الصّلوات المفروضة فصلّاها لوقتها فليس هذا من الغافلين .

١٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن أبي إسماعيل السرّاج

عن ابن مسكان ، عن أبي بصير قال: قال أبو الحسن الأوّل عليه السلام : إنّه لمّا حضر أبي الوفاة قال لي : يا بنيّ إنّه لاينال شفاعتنا من استخفّ بالصلاة .

١٦ ـ محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن النّوفليّ ، عن السكونيّ ، عن جعفر ، عن أبيه عليهما السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : لكلّ شيء وجه ووجه دينكم الصّلاة ، فلا يشيننّ أحدكم وجه دينه ، و لكلّ شيء أنف وأنف الصّلاة التكبير .

باب۲

نماز کی حفاظت کرنے والا اور ضایع کرنے والا

۱۔ ابان بن تغلب نے کہا کہ میں مزدلفہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے پیچھے نماز پڑھا کرتا تھا جب حضرت وہاں سے لوٹے تو مجھ سے فرمایا۔ اے ابان پانچ نمازیں فرض ہیں جو ان کے حدود کو قائم رکھتا ہے اور ان کے وقتوں کی حفاظت کرتا ہے وہ روز قیامت اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کا ایک معاہدہ اللہ کے ساتھ ہوگا اور خدا اس کو جنت میں داخل کرے گا اور جس حدود کا لحاظ نہیں رکھا اور نمازوں کے اوقات کی نگہداشت نہیں کی تو اللہ اس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں کرے گا چاہے عذاب کرے گا چاہے بخش دے گا (ص)

۲۔ ابان بن تغلب نے کہا میں نے مزدلفہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب وہاں پلٹے تو آپ نے نماز پڑھی، پھر آپ نے نماز عشار پڑھی اور ان کے درمیان تاخیر نہ کی۔ اس کے بعد میں ایک سال تک حضرت کے پیچھے نماز پڑھتا رہا۔ آپ نماز مغرب کے بعد چار رکعت نافلہ پڑھتے تھے پھر نماز عشار، پھر حضرت نے مجھ سے فرمایا۔ اے ابان یہ ہیں پانچ واجب نمازیں، جس نے ان کو قائم کیا اور ان کے وقت کی حفاظت کی تو جب روز قیامت خدا سے ملے گا تو داخل جنت ہوگا اور جو ایسا نہ کرے گا تو خدا چاہے اسے بخش دے یا عذاب کرے۔ (ص)

۳۔ فرمایا اس شخص کے بارے میں جو نماز میں مشغول ہوا اور شیطانی وسوسہ اس کے دل میں داخل ہو۔ اگر اوّل نماز میں پرخلوص نیت شامل ہو اور خالصاً للہ ہو تو اپنی نماز جاری رکھے اور شیطان کو دھتکار دے۔ (مجہول)

۴۔ میں نے امام باقر علیہ السلام سے سنا ہر سہو جو نماز میں ہوگا اس سے نکال لیا جائے گا۔ سوائے اس سہو کے جسے اور نوافل سے پورا کر دے، بندہ سے سب سے پہلے جس چیز کا سوال کیا جائے گا وہ نماز ہے اگر یہ قبول ہو جائے گی تو بقیہ اعمال بھی قبول ہو جائیں گے جو نماز ناوقت اور خلاف شرائط پڑھی جائے گی وہ اپنے صاحب کے پاس سیاہ رنگ میں تاریکی سے لپٹی ہوئی آئے گی اور کہے گی تو نے مجھے ضائع کیا اللہ تجھے ضایع کرے۔ (موثق)

۵۔ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا اس آیت کے متعلق جو لوگ اپنی نماز کے متعلق ساھون ہیں فرمایا یعنی ضائع کرنے والے ہیں۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ رسول اللہ ایک دن مسجد میں تشریف فرما تھے ایک شخص آیا اس نے نماز پڑھی ناقص رکوع و سجود سے، حضرت نے فرمایا۔ اس نے کوّے کی طرح ٹھونگ ماری، اگر یہ مرگیا اور اس کی نماز اسی طرح کی ہے تو یہ میرے دین پر مرے گا۔ (حسن)

۷۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے اپنی نماز میں سستی نہ کرو رسولؐ اللہ نے مرتے وقت فرمایا وہ شخص مجھ سے نہیں جس نے نماز کو حقیر جانا وہ مجھ سے نہیں اور جو نشہ والی چیز پئے وہ میرے پاس حوض کوثر پر وارد نہ ہوگا۔ (حسن)

۸۔ فرمایا حضرت رسولؐ خدا نے، شیطان ہمیشہ اس مومن سے خوفزدہ رہتا ہے جو نماز پنجگانہ کی حفاظت کرتا ہے اور جو ان کو ضائع کرتا ہے اس پر جری ہو جاتا ہے اس کو بڑے بڑے گناہوں میں داخل کر دیتا ہے۔ (ضعیف)

۹۔ فرمایا حضرت نے اگر پچاس برس کسی کے ایسے گزر جائیں کہ اس کی ایک نماز قبول نہ ہو تو اس سے زیادہ سخت بات کیا ہوگی اپنے پڑوسیوں اور ساتھیوں میں سے ایسے شخص کو جانتے ہو جو دوسرے کے لئے نماز پڑھتا ہے مگر نماز کو حقیر جاننے کی وجہ سے اس کی نماز قبول نہیں کی جاتی۔ اللہ تعالیٰ انہی نمازوں کو قبول نہیں کرتا جو باحسن طریق انجام نہ دی گئی ہوں نہ انھیں جو استخفافاً ادا کی گئی ہوں۔ (صحیح)

۱۰۔ فرمایا حضرت نے جو کوئی نماز میں مشغول ہوتا ہے اور نماز کو حقیر جان کر شرائط بجا نہیں لاتا۔ تو خدا ملائکہ سے کہتا ہے کیا تم میرے اس بندہ کو نہیں دیکھتے۔ گویا وہ یہ سمجھ رہا ہے کہ اس کی حاجتوں کا پورا کرنا میرے غیر کے ہاتھوں میں ہے وہ نہیں جانتا کہ اس کی حاجتوں کا پورا کرنا میرے ہاتھ میں ہے۔ (صحیح)

۱۱۔ فرمایا پدر امام جعفر صادق علیہ السلام نے جب کوئی ایک نماز پوری طرح پڑھ لے تو اس کی اور نمازیں قبول ہو جاتی ہیں۔ اگرچہ وہ ناقص ہی ہوں اور اگر ایک نماز صحیح ہوتی پھر کوئی نماز قبول نہیں کی جاتی اور نہ پھر نافلہ کسی شمار میں آتی ہیں۔ فریضہ نافلہ کی قبولیت منحصر ہے فریضہ کی قبولیت پر، اگر فریضہ قبول نہیں تو نافلہ بھی نہیں، نافلہ سے تو وہ کمی پوری کی جاتی ہے جو فریضہ میں رہ جائے۔ (ص)

۱۲۔ میں نے حضرت سے اس آیت کا مطلب دریافت کیا۔ "وہ لوگ جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں"۔ فرمایا۔ اس سے مراد فریضہ ہے۔ میں نے کہا اور اس آیت میں کون نماز مراد ہے فرمایا نافلہ۔ (م)

۱۳۔ میں نے پوچھا اس آیت میں کتاب موقوت سے کیا مراد ہے۔ فرمایا نماز فریضہ ثابتہ، جس کے لئے وقت مقرر ہے اگر وقت سے ذرا وقت سے پہلے یا بعد میں پڑھی جائے تو یہ نقصان رساں ہے جب تک وہ نقصان دور نہ ہو، خدا فرماتا ہے ایسے لوگوں کے لئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور شہوات کی پیروی کی اور وہ عنقریب گمراہی سے ملنے والے ہیں۔ (م)

۱۴۔ فرمایا جو بندۂ مومن نماز کی حفاظت کرتا ہے اور اسے وقت پر پڑھتا ہے وہ غافلین میں سے نہیں ہے۔ (ص)

۱۵۔ فرمایا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے جب میرے والد کے مرنے کا وقت آیا تو فرمایا بیٹا جو نماز کو حقیر سمجھے گا وہ ہماری شفاعت حاصل نہ کر سکے گا۔

۱۶۔ حضرت نے فرمایا کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ ہر شے کا ایک چہرہ ہوتا ہے تمہارے دین کا چہرہ نماز ہے پس چاہیئے کہ تم میں سے کوئی اپنے دین کے چہرے کو عیب دار نہ کرے اور ہر شے کی ایک ناک ہوتی نماز کی ناک نماز ہے۔ (ض)

نماز کے فائدے

(یہ مضمون اصل کتاب میں نہیں ہے مترجم نے اپنی طرف سے لوگوں کو نماز کی طرف رغبت دلانے کے لئے اضافہ کیا ہے)

نماز شرع میں سب سے پہلا فریضہ ہے اور قدرت نے اس کو اتنا ضروری سمجھا ہے کہ کسی حالت میں بھی معاف نہیں کیا، نہ سفر میں نہ حضر میں، نہ تندرستی میں نہ بیماری میں، حتیٰ کہ میدان جنگ میں جب بجلی چکا چک تلوار چل رہی ہو اور گھمسان کی لڑائی ہو اس اہمیت سے واضح ہوتا ہے کہ اس فریضہ میں انسان کے لئے بیشمار فوائد ہیں ورنہ شریعت کو اس سختی سے پابند بنانے کی ضرورت پیش نہ آتی۔

حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا ہے نماز دین کا ستون ہے اگر یہ قبول ہو گئی تو تمام عبادتیں قبول ہو جائیں گی اور اگر یہ رد ہو گئی تو تمام عبادتیں رد کر دی جائیں گی۔ پس جب تمام عبادتوں کا قبول ہونا نماز کے قبول ہونے پر منحصر ہے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ ضرور اس میں کوئی خاص بات ہے اور وہ یہی ہے کہ نماز سے زیادہ عبدیت کا اظہار اور کسی عبادت میں نہیں ہوتا۔ ارکان نماز میں عاجزی، انکساری، ذلت و خواری کے تمام پہلو مضمر ہیں انسان پہلے کھڑے ہو کر، پھر جھک کر پھر خاک پر اپنی جبین نیاز رکھ کر معبود کے سامنے اپنی عاجزی اور فروتنی کا اظہار کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرتا ہے اس کی تسبیح و تقدیس کرتا ہے۔

ایک دن میں کم از کم پانچ بار اس کو بارگاہ باری میں حاضر ہو کر اپنے گناہوں سے توبہ کرنے اور اپنی نجات کے لئے دعا کرنے کا موقع ملتا ہے پاک و پاکیزہ رہنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت واسعہ کو دیکھئے کہ اس نے اپنی بارگاہ قدس و جلال میں بار بار اپنے بندہ کو حاضر ہونے کا موقع دیا کسی وقت کی قید نہیں اس کے دربار میں حاضر ہونے کا کوئی لباس نہیں، اس کے در پر کوئی دربان و چوکیدار نہیں جس وہ بندہ چاہے اس کی بارگاہ میں چلا آئے اور چاہے کتنے ہی گناہ کیے ہوں، اظہار ندامت کر کے معافی مانگ لے اور آئندہ گناہ نہ کرنے سے توبہ کر لے وہ ایسا بخشنے والا ہے کہ سب کو بخش دے گا۔

اس کے خزانۂ عامرہ میں کوئی کمی نہیں، اس کی ذات پاک میں کوئی بخل نہیں، طلب حاجت کے لئے کوئی شرط نہیں، ہاں بندہ بن کر مانگے جو چاہے مانگے جہاں کہیں ہو مانگے، جتنا چاہے مانگے، شرم کی ضرورت نہیں اس

نے وعدہ کیا ہے کہ جو تم مانگو گے دوں گا۔ اس کا دینا بندوں کا ایسا دینا نہیں کہ بار بار مانگنے سے اکتا جاتے ہیں وہ کبھی نہیں اکتاتا بلکہ جتنا زیادہ مانگو اتنا ہی زیادہ خوش ہوتا ہے۔

وہ یہ چاہتا ہے کہ بندے گناہوں سے دور رہیں ان کے نفس میں کثافت پیدا نہ ہو اور وہ جلد جلد میرے سامنے معافی مانگتے رہیں میں ان کے گناہ معاف کر کے ان کے نفسوں کو صاف ستھرا بنا دوں گا اس غرض کو پورا کرنے کے لئے اس نے نماز کو واجب کیا ہے جس کا منشاء یہ ہے کہ رات کو جو گناہ کئے ہیں وہ صبح کی نماز کے بعد مجھ سے معافی مانگ لے اور صبح کے بعد زوالِ آفتاب تک جو گناہ ہوں ظہر کی نماز کے بعد میرے سامنے توبہ کرے پھر دوپہر سے شام تک جو گناہ کئے ہیں عصر کی نماز کے بعد معافی مانگ لے، پھر نماز مغرب وعشاء کے بعد طلب امرزش کرے۔ اس صورت میں گناہ جمع ہو ہی نہیں سکتے ایسی صورت میں وہ نہ مجھ سے فرنٹ ہوگا اور نہ میرے عذاب کا مستحق۔

غور کرو کیسا بدبخت ہے وہ انسان جو خدا کی اس رحمت اور مہربانی سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتا اور اپنی سرکشی اور نافرمانی سے باز نہیں آتا۔

اللہ تعالیٰ نے بے شمار نعمتیں ہم کو عطا فرمائی ہیں اس نے اپنے فضل و کرم سے اپنی تمام کائنات کو ہمارے قدموں پر ڈال دیا ہے، ذرہ سے لے کر آفتاب تک، قطرہ سے لے کر دریا تک، غرض مابین آسمان و زمین جتنی مخلوق ہے وہ ہر وقت ہماری خدمت میں لگی ہوئی ہے تو کیا ہمارا یہ فرض نہیں کہ ہم ان تمام نعمتیں دینے والے کی بارگاہ میں بار بار شکریہ ادا کریں اور اس سے اپنی بندگی کا اظہار کریں اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اپنی دینی اور دُنیوی حاجتیں طلب کریں خدا کے نزدیک شکرگزاری اور اظہار بندگی کا بہترین طریقہ نماز ہے پس جو شخص نماز نہیں پڑھتا۔ اسے کیا حق ہے کہ خدا کے سامنے اپنی حاجت پیش کرے اُسے شرم آنی چاہیئے کہ وہ اپنے معبود اپنے منعم اور اپنے خالق کا کیسا نافرمان بندہ ہے کہ وہ اس کے سامنے سر جھکانا نہیں چاہتا اور اس کے عذاب سے نہیں ڈرتا۔ اگر وہ اس کی صحت بگاڑ دے تو کیا وہ دنیا بھر کی نعمتوں سے محروم نہ ہو جائے گا کیا ساری لذتیں اس کے لئے بے کیف نہ ہو جائیں گی۔

دنیا والے اگر ذرا سا احسان کسی کے ساتھ کرتے ہیں تو انسان کیسا اس کا رہینِ منت ہوتا ہے کس کس طرح شکرگزار ہوتے ہیں لیکن بے شمار نعمتیں دینے والے خدا کے سامنے اس کی گردن نہیں جھکتی، اس کی حمد و ثناء زبان پر نہیں آتی، کیا عقلِ انسانی کا یہی تقاضا ہے کیا ایک دن اسے خدا کے سامنے نہیں جانا ہے کیا اپنی نافرمانی اور ناحق شناسی کی سزا سے وہ بے خوف ہو چکا ہے۔

انسان کو اتنا تو سمجھنا چاہیئے کہ وہ عبث تو نہیں پیدا کیا گیا حکیمِ مطلق نے اُسے انسان بنا کر کھیل تو نہیں کھیلا، ضرور اس کی خلقت کی کوئی غرض و غایت ہے یہ غرض اس نے جو بتا دی ہے وما خلقت الجن والانس

الا لیعبدون (میں نے جنات کو اور انسان کو عبادت کے لیے پیدا کیا ہے) پس اگر انسان یہ غرض پوری نہیں کرتا تو وہ خدا کا انتہائی سرکش بندہ ہے۔ جو کام بھی احکام الٰہی کے مطابق کیا جائے گا وہ عبادت ہے لیکن تمام عبادتوں سے افضل و برتر ثواب ہے۔

جو شخص نماز نہیں پڑھتا وہ کھلم کھلا احکام الٰہی کی خلاف ورزی کرتا ہے اور اس امر کا کھلا ثبوت پیش کرتا ہے کہ اس کا ایمان خدا اور رسولؐ پر نہیں، اس کا اپنے کو مسلمان کہنا سفید جھوٹ ہے، مسلمان صرف زبان سے کہنے سے نہیں ہوتا بلکہ اپنے عمل سے اس کا ثبوت دینا ہوتا ہے۔

﴿باب۳﴾

☆(فرض الصلاة)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد ابن محمّد بن عيسى ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى عن حريز ، عن زرارة قال : سألت أبا جعفر عليه السلام عمّا فرض الله عزَّ وجلَّ من الصلاة فقال : خمس صلوات في اللّيل والنّهار ، فقلت : فهل سمّاهنَّ وبيّنهنَّ في كتابه ؟ قال : نعم قال الله تعالى لنبيّه صلى الله عليه وآله : «أقم الصّلوة لدلوك الشمس إلى غسق اللّيل»(1) ودلوكها زوالها ففيما بين دلوك الشّمس إلى غسق اللّيل أربع صلوات سمّاهنَّ الله وبيّنهنَّ ووقّتهنَّ وغسق اللّيل هو انتصافه ثمَّ : قال تبارك وتعالى : «وقرآن الفجر إنَّ قرآن الفجر كان مشهوداً» فهذه الخامسة وقال الله تعالى في ذلك : «أقم الصّلوة طرفي النّهار» وطرفاه المغرب والغداة «وزلفاً من اللّيل» وهي صلاة العشاء الآخرة وقال تعالى : «حافظوا على الصلوات والصّلوة الوسطى» وهي صلاة الظّهر وهي أوّل صلاة صلّاها رسول الله صلى الله عليه وآله وهي وسط النّهار ووسط الصّلاتين بالنهار : صلاة الغداة وصلاة العصر وفي بعض القراءة : «حافظوا على الصّلوات والصّلوة الوسطى صلاة العصر وقوموا لله قانتين» قال : ونزلت هذه الآية يوم الجمعة ورسول الله صلى الله عليه وآله في سفره فقنت فيها رسول الله صلى الله عليه وآله وتركها على حالها في السّفر و

الحضر وأضاف للمقيم ركعتين و إنّما وضعت الرّكعتان اللّتان أضافهما النّبيّ صلّى الله عليه وآله يوم الجمعة للمقيم لمكان الخطبتين مع الإمام فمن صلّى يوم الجمعة في غير جماعة فليصلّها أربع ركعات كصلاة الظّهر في سائر الأيّام.

٢ ـ وبإسناده، عن حمّاد، عن حريز، عن زرارة قال: قال أبو جعفر عليه السلام: فرض الله الصّلاة وسنّ رسول الله صلّى الله عليه وآله عشرة أوجه: صلاة الحضر والسفر وصلاة الخوف على ثلاثة أوجه و صلاة كسوف الشمس و القمر و صلاة العيدين و صلاة الاستسقاء و الصلاة على الميّت.

٣ ـ حمّاد، عن حريز، عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام في قول الله عزّ و جلّ «إنّ الصّلاة كانت على المؤمنين كتاباً موقوتاً» أي موجوباً.

۴ ـ حمّاد، عن حريز، عن زرارة قال: سألت أبا جعفر عليه السلام عن الفرض في الصّلاة فقال: الوقت والطّهور والقبلة و التوجّه والركوع والسجود والدّعاء، قلت: ماسوى ذلك؟ فقال: سنّة في فريضة.

۵ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: للصّلاة أربعة آلاف حدّ، وفي رواية أُخرى للصلاة أربعة آلاف باب.

۶ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن عمر بن أُذينة، عن زرارة عن أبي جعفر عليه السلام قال: عشر ركعات ركعتان من الظّهر وركعتان من العصر وركعتا الصّبح وركعتا المغرب وركعتا العشاء الآخرة لايجوز الوهم فيهنّ ومن وهم في شيء منهنّ استقبل الصّلاة استقبالاً وهي الصّلاة الّتي فرضها الله عزّ وجلّ على المؤمنين في القرآن وفوّض إلى محمّد صلّى الله عليه وآله فزاد النّبيّ صلّى الله عليه وآله في الصلاة سبع ركعات و هي سنّة ليس فيها قراءة إنّما هو تسبيح وتهليل وتكبير ودعاء فالوهم إنّما يكون فيهنّ فزاد رسول الله صلّى الله عليه وآله في صلاة المقيم غير المسافر ركعتين في الظّهر والعصر و العشاء الآخرة وركعة في المغرب للمقيم والمسافر.

۷/ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الصّلاة ثلاثة أثلاث ثلث طهور و ثلث ركوع وثلث سجود .

باب۳

فرض الصّلوٰۃ

۱۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کیا، کتنی نمازیں واجب ہیں فرمایا پانچ دن اور رات میں، میں نے کہا کیا اللہ نے ان کا نام رکھا ہے اور اپنی کتاب میں بیان کیا ہے فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے نماز پڑھو دلوک شمس سے غسق لیل تک، پس دلوک سے مراد ہے زوال آفتاب اور زوال سے غسق لیل تک نصف شب کا وقت ہے اور صبح کی نماز جو گواہ بنے گی یہ پانچویں نماز ہے اور فرمایا نماز پڑھو دن کے دونوں طرفوں میں اور دونوں طرفیں مغرب اور صبح کی نماز کی ہیں اور تاریکی شب سے مراد ہے نماز عشا، اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ نماز کی حفاظت کرو اور صلوٰۃ وسطیٰ اور وہ نماز ظہر ہے اور وہ اوّل نماز ہے جو رسولؐ اللہ نے دن کے درمیان پڑھی اور دن میں دو نمازوں کے درمیان صلوٰۃ صبح اور صلوٰۃ عصر ہے اور آیہ قوموا اللہ قانتین، روز جمعہ نازل ہوئی جبکہ حضورؐ سفر میں تھے آپ نے اس میں قنوت پڑھا اور اس کو سفر و حضر میں بدستور باقی رکھا اور روز جمعہ مقیم کے لئے دو رکعت کا اضافہ کیا اور حضورؐ نے ان دو رکعتوں کا اضافہ ان دو خطبوں کی جگہ کیا ہے جو امام کے ساتھ نماز جمعہ میں ہوتے ہیں پس جو کوئی بغیر جماعت کے نماز پڑھے تو اس کو چار رکعت اسی طرح پڑھنی چاہئیں جیسے ہر ظہر میں پڑھتا ہے۔ (ص)

۲۔ فرمایا ابوجعفر علیہ السلام نے کہ اللہ نے فرض قرار دیا اور رسول اللہ نے اپنی سنت بنایا دس نمازوں کو پانچ حضر میں اور پانچ سفر میں اور ایک صلوٰۃ خوف تین صورتوں میں اور سورج و چاندگرہن کی نماز اور نماز عیدین اور نماز استسقاء اور نماز میت۔ (ص)

۳۔ فرمایا حضرت نے کہ آیت مذکورہ میں کتاب موقوت سے مراد فریضۂ واجبہ ہے۔

۴۔ حضرت سے دریافت کیا گیا نماز میں کیا کیا فرض ہے فرمایا وقت کی پہچان، طہارت، قبلہ کا رخ، توجہ خاطر، رکوع و سجود اور حمد و سورہ کی قرأت، راوی نے کہا ماسوا اس کے فرمایا وہ سنت ہے۔ (ص)

۵۔ نماز کے حدود یعنی متعلقات چار ہزار ابواب ہیں۔ اس کے آسمان پر بلند ہونے کے لئے یعنی بکثرت ثواب ہے۔ (حسن)

۶۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے دس رکعتیں ہیں دو ظہر کی دو عصر کی دو صبح، دو مغرب اور دو عشاء کی۔ اوّل کی دو رکعتوں میں شک جائز نہیں، جس کو ان دو رکعتوں میں شک ہو وہ نماز دوبارہ پڑھے، ان رکعات کو اللہ نے

مومنین پر فرض قرار دیا ہے اور قرآن میں اس فرض کا ذکر ہے اور رسول خدا کو اضافہ کا اختیار دیا، حضرتؐ نے سات رکعتیں اور بڑھا دیں یہ سنت رسولؐ ہیں ان میں حمد و سورہ کی قرأت نہیں بلکہ تسبیح و تہلیل و تکبیر و دعا ہے ان میں شک ہو تو تدارک ہو سکتا ہے یہ سترہ رکعتیں مقیم کے لئے ہیں مسافر کے لئے نہیں یہ اضافی سات رکعتیں یوں ہیں ظہر و عصر و عشاء میں دو دو اور مغرب میں ایک، مغرب کی تین رکعتیں مقیم و مسافر کے لئے برابر ہیں۔ (حسن)

۷۔ فرمایا نماز میں تین چیزیں ہیں طہارت اور رکوع و سجود۔ (ص)

﴿باب﴾

☆(المواقيت اولها وآخرها وافضلها)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن عمر بن اُذينة، عن زرارة قال: كنت قاعداً عند أبي عبدالله عليه السلام أنا وحمران بن أعين فقال له حمران: ما تقول فيما يقول زرارة وقد خالفته فيه؟ فقال أبو عبدالله عليه السلام: ما هو؟ قال: يزعم أنَّ مواقيت الصلاة كانت مفوَّضة إلى رسول الله صلى الله عليه وآله هو الّذي وضعها فقال أبو عبدالله عليه السلام: فما تقول: أنت؟ قلت: إنَّ جبرئيل عليه السلام أتاه في اليوم الأوَّل بالوقت الأوَّل وفي اليوم الأخير بالوقت الأخير ثمَّ قال جبرئيل عليه السلام: ما بينهما وقت فقال أبو عبدالله عليه السلام: يا حمران إنَّ زرارة يقول: إنَّ جبرئيل عليه السلام إنّما جاء مشيراً على رسول الله صلى الله عليه وآله وصدق زرارة إنّما جعل الله ذلك إلى محمّد صلى الله عليه وآله فوضعه وأشار جبرئيل عليه السلام به

٢ ـ عدَّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد بن عيسى، عن محمّد بن الحسن بن علّان عن حمّاد بن عيسى؛ و صفوان بن يحيى، عن ربعيّ بن عبد الله، عن فضيل بن يسار، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إنَّ من الأشياء أشياء موسّعة و أشياء مضيّقة فالصلاة ممّا وسّع فيه تقدَّم مرَّة وتؤخّر اُخرى والجمعة ممّا ضيّق فيها فإنَّ وقتها يوم الجمعة ساعة تزول ووقت العصر فيها وقت الظهر في غيرها.

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس بن عبد الرحمن، عن عبدالله ابن سنان، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعته يقول: لكلِّ صلاة وقتان و أوَّل الوقت

أفضله وليس لأحد أن يجعل آخر الوقتين وقتاً إلّا في عذر من غير علّة .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب عن معاوية بن عمّار أو ابن وهب قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : لكلّ صلاة وقتان أوّل الوقت أفضلهما .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن زرارة قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : أصلحك الله وقت كلّ صلاة أوّل الوقت أفضل أو أوسطه أو آخره ؟ فقال : أوّله ، إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله قال : إنّ الله عزّ وجلّ يحبّ من الخير ما يعجّل .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطّاب ، عن عليّ بن سيف بن عميرة ، عن أبيه عن قتيبة الأعشى ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ فضل الوقت الأوّل على الآخر كفضل الآخرة على الدّنيا .

٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن أحمد بن إسحاق ، عن بكر بن محمّد الأزديّ قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : لفضل الوقت الأوّل على الأخير خير للرّجل من ولده وماله .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة قال : قال أبو جعفر عليه السلام : إعلم أنّ أوّل الوقت أبداً أفضل فعجّل بالخير ما استطعت و أحبّ الأعمال إلى الله عزّ وجلّ ماداوم العبد عليه وإن قلّ .

٩ ـ أحمد بن إدريس وغيره ، عن محمّد بن أحمد ، عن محمّد بن الحسين ، عن أبيه ، عن منصور بن حازم أو غيره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال عليّ بن الحسين صلوات الله عليهما : من اهتمّ بمواقيت الصّلاة لم يستكمل لذّة الدّنيا .

باب ۴

اوقات نماز کا اوّل و وسط و آخر

۱۔ زرارہ نے بیان کیا۔ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس بیٹھا تھا۔ حمران نے کہا۔ آپ کیا فرماتے ہیں اس مسئلہ میں جو زرارہ بیان کرتا ہے میں اس کا مخالف ہوں۔ حضرت نے فرمایا وہ کیا مسئلہ ہے اس نے کہا اس کا گمان یہ ہے کہ اوقاتِ نماز کا تعین خدا نے رسول خدا کے سپرد کیا تھا حضرت نے اس کا تعین کیا ہے امام نے فرمایا اور تم کیا کہتے ہو۔ میں نے کہا جبرئیل حضرت رسولؐ خدا کے پاس اوّل وقت آئے اور دوسرے روز آخر وقت، جبرئیل نے کہا ان دونوں کے درمیان وقت ہے

حضرت نے فرمایا۔ اے حمران زرارہ یہ کہتا ہے کہ جبرئیل رسولؐ اللہ کے پاس مشورہ دینے کے لئے آئے تو زرارہ نے سچ کہا اوقات کے تعین کو خدا نے آنحضرتؐ پر رکھ دیا تھا۔ حضرت نے جبرئیل کی رائے سے اوقات معیّن کئے۔ (حسن)

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے بعض چیزوں میں توسیع وقت ہوتی ہے اور بعض میں تنگیٔ وقت، نمازوں میں توسیع ہے بلحاظ تقدم و تاخر، لیکن نماز جمعہ میں تنگی ہے کیونکہ اس کا وقت زوال شمس کے بعد ہی ہے جو اور نمازوں کے ظہر کا وقت ہوتا ہے وہ روز جمعہ میں عصر کا وقت ہوتا ہے۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا ہر نماز کے لئے دو وقت ہیں اوّل وقت، وقت فضیلت ہے کسی کے لئے یہ سزاوار نہیں کہ وہ آخر وقت میں نماز پڑھے۔ ہاں بیماری کے سوا کوئی عذر ہو۔ (ص)

۴۔ فرمایا۔ حضرت نے ہر نماز کے لئے دو وقت ہوتے ہیں اوّل وقت پڑھنا افضل ہے۔ (ص)

۵۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا۔ ہر نماز کے لئے اوّل وقت افضل ہے یا درمیانی یا آخر، فرمایا اوّل وقت رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے خدا دوست رکھتا ہے اس خیر کو جس میں جلدی کی جائے۔ (حسن)

۶۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے اوّل وقت کو آخر وقت پر وہی فضیلت ہے جو دنیا پر آخرت کو ہے۔ (ص)

۷۔ حضرت نے فرمایا اوّل وقت کو آخر وقت پر ترجیح دینا نمازی کے لئے بہتر ہے اس کی اولاد و مال سے۔

۸۔ فرمایا حضرت نے پہلا وقت ہمیشہ افضل ہے پس جہاں تک ممکن ہو اس نیکی میں جلدی کرو اگرچہ کم ہو مگر اس کا خیال رکھنا چاہیئے۔ (ص)

۹۔ فرمایا علی بن الحسین علیہ السلام نے جو اوقات نماز کی پابندی کرے گا دنیوی لذات اس کی نظر میں ناقص ہوں گی۔ (مرسل)

﴿ باب ۲ ﴾ (الف)

(وقت الظهر والعصر)

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن يزيد بن خليفة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّ عمر بن حنظلة أتانا عنك بوقت ، فقال أبو عبدالله عليه السلام : إذاً لايكذب علينا ، قلت : ذكر أنّك قلت : إنّ أوّل صلاة افترضها الله على نبيّه صلى الله عليه وآله الظهر وهو قول الله عزّ وجلّ : «أقم الصلوة لدلوك الشمس» فإذا زالت الشمس لم يمنعك إلّا سبحتك ثمّ لاتزال في وقت إلى أن يصير الظلّ قامة وهو آخر الوقت فإذا صار الظلّ قامة دخل وقت العصر فلم يزل في وقت العصر حتّى يصير الظلّ قامتين و ذلك المساء ، فقال : صدق .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن سلمة بن الخطاب ، عن عليّ بن سيف بن عميرة ، عن أبيه عن عمر بن حنظلة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا زالت الشمس دخل وقت الظهر إلّا أنّ بين يديها سبحة وذلك إليك إن شئت طوّلت وإن شئت قصّرت .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ذريح المحاربي قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : متى اُصلّي الظهر ؟ فقال : صلّ الزّوال ثمانية ثمّ صلّ الظهر ثمّ صلّ سبحتك طالت أو قصرت ثمّ صلّ العصر .

٤ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن الحسين بن عثمان ، عن ابن مسكان ، عن الحارث بن المغيرة ؛ و عمر بن حنظلة ؛ و منصور بن حازم قالوا : كنّا نقيس الشمس بالمدينة بالذّراع فقال أبو عبدالله عليه السلام : ألا اُنبّئكم بأبين من هذا إذا زالت الشمس فقد دخل وقت الظهر إلّا أنّ بين يديها سبحة وذلك إليك إن شئت طوّلت و إن شئت قصّرت .

٥ [وروى سعد ، عن موسى بن الحسن ، عن الحسن بن الحسين اللّؤلؤي ، عن صفوان بن يحيى ، عن الحارث بن المغيرة النضري ؛ وعمر بن حنظلة ، عن منصور مثله وفيه : إليك

فإن كنت خفّفت سبحتك فحين تفرغ من سبحتك وإن طوّلت فحين تفرغ من سبحتك] .

٦ : ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن القاسم بن عروة ، عن عبيد بن زرارة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا زالت الشمس فقد دخل وقتُ الصلاتين إلّا أنّ هذه قبل هذه

٧ ورَوى سعد ، عن الحسين بن سعيد ؛ ومحمّد بن خالد البرقيّ ؛ والعبّاس بن معروف جميعاً ، عن القاسم ؛ وأحمد بن محمّد بن عيسى ، عن البرقيّ ، عن القاسم مثله وفيه : دخل وقت الظهر والعصر جميعاً وزاد : ثمّ أنت في وقت منهما جميعاً حتّى تغيب الشمس .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عبد الرّحمن بن أبي هاشم البجليّ ، عن سالم أبي خديجة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سأله إنسان وأنا حاضر فقال : ربّما دخلت المسجد وبعض أصحابنا يصلّون العصر و بعضهم يصلّون الظهر فقال : أنا أمرتهم بهذا لو صلّوا على وقت واحد عرفوا فاُخذ برقابهم .

٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن صالح بن سعيد ، عن يونس ، عن بعض رجاله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عمّا جاء في الحديث أن صلّ الظهر إذا كانت الشمس قامة وقامتين وذراعاً وذراعين وقدماً وقدمين من هذا ومن هذا فمتى هذا وكيف هذا وقد يكون الظلّ في بعض الأوقات نصف قدم ؟ قال : إنّما قال : ظلّ القامة ولم يقل : قامة الظلّ وذلك أنّ ظلّ القامة يختلف مرّة يكثر ومرّة يقلّ والقامة قامة أبداً لا يختلف ثمّ قال : ذراع وذراعان وقدمٌ وقدمان فصار ذراعٌ وذراعان تفسير القامة و القامتين في الزمان الّذي يكون فيه ظلّ القامة ذراعاً وظلّ القامتين ذراعين فيكون ظلّ القامة والقامتين والذّراع والذّراعين متّفقين في كلّ زمان معروفين مفسّراً أحدهما بالآخر مسدّداً به فإذا كان الزّمان يكون فيه ظلّ القامة ذراعاً كان الوقت ذراعاً من ظلّ القامة وكانت القامة ذراعاً من الظلّ فإذا كان ظلّ القامة أقلّ أو أكثر كان الوقت محصوراً بالذّراع و الذّراعين فهذا تفسير القامة و القامتين والذّراع و الذّراعين

١٠ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسن ، عن عبدالله بن عبدالرحمن عن مسمع بن عبدالملك قال : إذا صلّيت الظهر فقد دخل وقت العصر إلّا أنّ بين يديها

سبحة فذلك إليك إن شئت طوّلت وإن شئت قصّرت .

باب۴ (الف)

وقت ظہر و عصر

۱۔ میں نے امام علیہ السلام سے کہا عمر بن حنظلہ آپ کی طرف سے وقت لایا۔ حضرت نے فرمایا وہ ہم پر جھوٹ نہیں بولا ہوگا۔ میں نے کہا، اس نے یہ کہا کہ آپؑ نے اس سے بیان کیا کہ پہلی نماز اللہ نے اپنے نبی پر اس آیت کے نزول سے فرض کی، نماز پڑھو زوال شمس کے بعد سے ما تو یہ وقتِ ظہر ہے اور جب تک سایہ قد آدم نہ ہو ظہر کی فضیلت کا وقت ہے اور جب ایک قد آدم ہو جائے تو عصر کا وقت آجاتا ہے اور یہ وقت فضیلت باقی رہتا ہے جب تک سایہ دو قد کے برابر نہ ہو جائے اس کے بعد شام کا وقت آجاتا ہے یہ آخر وقت عصر ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا، اس نے سچ کہا۔ (ضعیف)

۲۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب زوال شمس ہو جائے تو یہ وقت ظہر ہے اس سے پہلے تم نوافل تسبیح و تہلیل کرو تمہیں اختیار ہے کم کرو یا زیادہ۔ (ص)

۳۔ میں نے حضرت سے کہا میں ظہر کی نماز کب پڑھوں فرمایا بعد زوال آٹھ رکعت نافلہ پڑھ کے ظہر کی نماز پڑھ، پھر تسبیح الٰہی کم یا زیادہ کرو (نوافل بجالاؤ) پھر عصر کی نماز پڑھو۔ (ص)

۴۔ لوگوں نے کہا ہم تو مدینہ میں دھوپ کا قیاس ہاتھوں سے کرتے ہیں فرمایا۔ میں اس امر میں دو باتیں تمہیں بتاتا ہوں جب زوالِ آفتاب ہو جائے تو وقت ظہر داخل ہو جاتا ہے لیکن اس سے پہلے تسبیح کرنی چاہیئے یعنی نوافل پڑھے کم یا زیادہ (حسن)

۵۔ اور منصور سے ایسی ہی روایت ہے اور یہ بھی ہے اگر تسبیح کم ہو تو خیر، فراغت کے بعد وقت ظہر ہے اور اگر طولانی تسبیح ہو تو اس کے بعد ظہر کی نماز پڑھے۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب سورج ڈھل جائے تو دونوں نمازوں کا وقت داخل ہو جاتا ہے۔ مگر نماز عصر سے پہلے ظہر کا وقت ہے۔ (مختلف فیہ)

۷۔ اور قسم سے بھی یہی روایت مروی ہے اور اس میں یہ بھی ہے کہ ظہر و عصر دونوں کا وقت داخل ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے تک یہ دونوں نمازیں پڑھ سکتے ہو۔ (مجہول)

۸۔ کسی نے صادق آل محمد علیہ السلام سے کہا کہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جب میں مسجد میں داخل ہوتا ہوں تو کچھ لوگ نماز ظہر پڑھتے ہوتے ہیں اور کچھ نماز عصر۔ حضرت نے فرمایا (وقت مشترک ہیں) میں نے ان کو ایسا حکم دیا ہے لیکن وقت کی شناخت کے باوجود اگر ایک وقت میں ادا کرے گا دونوں نمازیں تو روز قیامت اس کی گردن پکڑی جائے گی۔ (ضعیف)

۹۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے پوچھا کہ حدیث میں ہے کہ ظہر کی نماز پڑھو جبکہ دھوپ ایک قد آدم یا دو قد آدم ہو جائے اور ایک ہاتھ یا دو ہاتھ یا ایک قدم یا دو قدم ہو یہ ظہر کے لئے ہے اور وہ عصر کے لئے۔ لیکن یہ کب اور کیونکر ہو جبکہ بعض اوقات سایہ نصف قدم ہوتا ہے۔ فرمایا حدیث میں مراد سایہ سے قد ہے نہ کہ سایہ کا قد اور یہ اس لئے کہ سایہ کے گھٹنے بڑھنے کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں کبھی زیادہ کبھی کم، لیکن آدمی کا قد تو ہمیشہ یکساں ہی رہتا ہے اور ذراع اور دو ذراع اور قدم اور دو قدم، تو یہ تفسیر ہے ایک قد اور دو قد آدم کی۔ اس زمانہ میں جبکہ سایہ قد ایک ہاتھ ہوتا ہے اور دو قدوں کا دو ہاتھ تو سایہ ایک قد یا دو قدوں کے برابر ہوگا ایک ہاتھ یا دو ہاتھ کے اور یہ صورت ہر زمانہ میں رہے گی بس یہ ایک دوسرے کی تفسیر ہے اور جس زمانہ میں قد کا سایہ ایک ہاتھ ہوگا تو اس وقت سایہ قد کا لحاظ ایک ہاتھ ہوگا اور قامت سے مراد ہوگی ایک ہاتھ سایہ اور جب سایۂ قد کم یا زیادہ ہو تو وقت کا تعین ہوگا تو ایک ذراع یا دو ذراع سے، یہ ہے تفسیر قامت و قامتیں اور ذراع و ذراعین کی۔

۱۰۔ فرمایا جب تم ظہر کی نماز ختم کر لو تو عصر کا وقت داخل ہو گیا۔ ہاں اس سے نوافل ہیں کم ہوں یا زیادہ۔ (ص)

﴿باب۵﴾

☆(وقت المغرب و العشاء الاخرة)☆

١ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن أحمد بن أشيم، عن بعض أصحابنا عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعته يقول: وقت المغرب إذا ذهبت الحمرة من المشرق وتدري كيف ذاك؟ قلت: لا، قال: لأنّ المشرق مطلّ على المغرب هكذا - ورفع يمينه فوق يساره - فإذا غابت ههنا ذهبت الحمرة من ههنا(١).

٢ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن خالد؛ والحسين بن سعيد، عن القاسم بن عروة، عن بريد بن معاوية، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إذا غابت الحمرة من هذا الجانب يعني من المشرق فقد غابت الشمس من شرق الأرض و غربها.

٣ - عليّ بن محمّد؛ ومحمّد بن الحسن، عن سهل بن زياد، عن ابن محبوب، عن أبي ولّاد قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إنّ الله خلق حجاباً من ظلمة ممّا يلي المشرق و وكّل به ملكاً فإذا غابت الشمس اغترف ذلك الملك غرفة بيده ثمّ استقبل بها المغرب يتبع الشفق ويخرج من بين يديه قليلاً قليلاً ويمضي فيوافي المغرب عند سقوط الشفق

فيسرح [في] الظلمة ثمّ يعود إلى المشرق فإذا طلع الفجر نشر جناحيه فاستاق الظلمة من المشرق إلى المغرب حتّى يوافي بها المغرب عند طلوع الشمس.

٤ ـ عليّ بن محمّد، عن سهل بن زياد، عن محمّد بن عيسى، عن ابن أبي عمير، عمّن ذكره، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: وقت سقوط القرص ووجوب الإفطار أن تقوم بحذاء القبلة و تتفقد الحمرة الّتي ترتفع من المشرق فإذا جازت قمّة الرأس إلى ناحية المغرب فقد وجب الإفطار و سقط القرص.

٥ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن حريز، عن زرارة قال: قال أبوجعفر عليه السلام: وقت المغرب إذا غاب القرص فإن رأيت بعد ذلك وقد صلّيت فأعد الصلاة [٤] ومضى صومك وتكفّ عن الطعام إن كنت أصبت منه شيئاً.

٦ ـ عليّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس، عن يزيد بن خليفة، قال: قلت لأبي عبدالله عليه السلام: إنّ عمر بن حنظلة أتانا عنك بوقت، قال: فقال أبوعبدالله عليه السلام: إذاً لا يكذب علينا، قلت: قال: وقت المغرب إذا غاب القرص إلّا أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان إذا جدّ به السير أخّر المغرب ويجمع بينها وبين العشاء، فقال: صدق وقال: وقت العشاء حين يغيب الشفق إلى ثلث اللّيل ووقت الفجر حين يبدو حتّى يضيىء.

٧ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن النضر بن سويد، عن عبدالله بن سنان، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سمعته يقول: وقت المغرب إذا غربت الشمس فغاب قرصها.

٨ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ، عن عبدالله بن عامر، عن عليّ بن مهزيار، عن حمّاد بن عيسى، عن حريز، عن زيد الشحّام قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن وقت المغرب فقال: إنّ جبرئيل عليه السلام أتى النبيّ صلى الله عليه وآله لكلّ صلاة بوقتين غير صلاة المغرب فإنّ وقتها واحد ووقتها وجوبها.

٩ ـ ورواه، عن زرارة، والفضيل قالا: قال أبوجعفر عليه السلام: إنّ لكلّ صلاة وقتين غير المغرب فإنّ وقتها واحد ووقتها وجوبها ووقت فوتها سقوط الشفق. وروي أيضاً أنّ لها وقتين آخر وقتها سقوط الشفق.

وليس هذا ممّا يخالف الحديث الأوّل إنّ لها وقتاً واحداً لأنّ الشفق هو الحمرة

وليس بين غيبوبة الشمس وبين غيبوبة الشفق إلّا شيء يسير وذلك أنّ علامة غيبوبة الشمس بلوغ الحمرة القبلة وليس بين بلوغ الحمرة القبلة وبين غيبوبتها إلّا قدر ما يصلّي الإنسان صلاة المغرب ونوافلها إذا صلّاها على تؤدة وسكون وقد تفقّدت ذلك غير مرّة ولذلك صار وقت المغرب ضيّقاً.

١٠ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد بن عيسى، عن ابن فضّال: قال: سأل عليّ ابن أسباط أبا الحسن عليه السلام ونحن نسمع: الشفق الحمرة أو البياض؟ فقال: الحمرة لو كان البياض كان إلى ثلث اللّيل.

١١ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عبدالله بن محمّد الحجّال، عن ثعلبة بن ميمون، عن عمران بن عليّ الحلبيّ قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام متى تجب العتمة؟ قال: إذا غاب الشفق والشفق الحمرة، فقال عبيدالله: أصلحك الله إنّه يبقى بعد ذهاب الحمرة ضوءٌ شديدٌ معترض؟ فقال أبوعبدالله عليه السلام: إنّ الشفق إنّما هو الحمرة وليس الضوء من الشفق.

١٢ - عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن القاسم ابن عروة، عن عبيد بن زرارة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا غربت الشمس دخل وقت الصلاتين إلّا أنّ هذه قبل هذه.

١٣ - الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن أبان، عن أبي بصير، عن أبي جعفر عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله: لولا أن أشقّ على اُمّتي لأخّرت العشاء إلى ثلث اللّيل.

١٤ - وروي أيضاً إلى نصف اللّيل.

١٥ - محمّد بن يحيى، عن سلمة بن الخطّاب، عن محمّد بن الوليد، عن أبان بن عثمان عن عمر بن يزيد، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال: وقت المغرب في السفر إلى ربع اللّيل.

١٦ - عليّ بن محمّد، عن سهل بن زياد، عن عليّ بن الريّان قال: كتبت إليه: الرّجل يكون في الدار تمنعه حيطانها النظر إلى حمرة المغرب و معرفة مغيب الشفق و وقت صلاة العشاء الآخرة متى يصلّيها وكيف يصنع؟ فوقّع عليه السلام: يصلّيها إذا كان على هذه الصفة عند قصرة النجوم والمغرب عند اشتباكها وبياض مغيب الشمس قصرة النجوم

[إلى] بيانها .

۱۷ - علي بن محمّد و محمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد ، عن إسماعيل بن مهران قال كتبت إلى الرّضا عليه السلام : ذكر أصحابنا أنّه إذا زالت الشمس فقد دخل وقت الظهر و العصر وإذا غربت دخل وقت المغرب والعشاء الآخرة إلّا أنّ هذه قبل هذه في السفر والحضر وإنّ وقت المغرب إلى ربع اللّيل ؛ فكتب كذلك الوقت غير أنّ وقت المغرب ضيّق و آخر وقتها ذهاب الحمرة ومصيرها إلى البياض في اُفق المغرب .

باب۵

وقت مغرب وعشا

۱- فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب مشرق کی سرخی زائل ہو جائے تو مغرب کا وقت داخل ہو جاتا ہے کیا تم نہیں جانتے میں نے کہا نہیں۔ فرمایا اس لئے کہ مشرق سایہ ڈالتا ہے مغرب پر، اس طرح اپنا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر بلند کیا پس جس وقت آفتاب غائب ہو جاتا ہے تو مشرق سے سرخی بھی غائب ہو جاتی ہے۔ (مجہول)

۲- فرمایا حضرت نے جب سرخی مشرق سے غائب ہو جاتی ہے تو سمجھو سورج مشرقی زمین کے حصوں میں غائب ہو گیا۔ (مجہول)

۳- فرمایا حضرت نے کہ اللہ تعالیٰ نے تاریکیوں کے کچھ پردے مشرق سے متصل خلق فرمائے ہیں اور ان پر ایک فرشتہ کو معین کر دیا ہے جب سورج غائب ہوتا ہے تو وہ اپنے ہاتھ سے تاریکی کے ایک پردے کو کھول دیتا ہے پھر مغرب کی طرف آتا ہے اور شفق پیدا ہوتی ہے جو ہلکے ہلکے غائب اور سورج کے غروب کے بعد سرخی مغرب میں پیدا ہوتی ہے اور پھر تاریکی بڑھتی ہے پھر وہ مشرق کی طرف آتا ہے اور تاریکی جاتی ہے مشرق سے مغرب کی طرف تا اینکہ طلوع آفتاب کے وقت مغرب سے غائب ہوتی ہے۔ (ض)

۴- فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے جب سورج کا گردہ غائب ہو جائے تو افطار واجب ہے صورت یہ ہے کہ تم قبلہ رو ہو کر دیکھو کہ جو سرخی مشرق میں تھی وہ سمت الراس سے ہو کر مغرب کی طرف چلی گئی ہے اگر چلی گئی ہے تو افطار واجب ہے اور فرض ساقط۔ (ضعیف)

۵- فرمایا امام علیہ السلام نے جب قرص آفتاب غائب ہو جائے تو مغرب کا وقت آگیا اور اگر مغرب کی نماز پڑھنے کے بعد نظر آ جائے تو نماز کا اعادہ کیا جائے اور اگر روزہ افطار کر لیا تھا تو وہ گیا بقیہ وقت کھانے سے پرہیز کیا جائے (حسن)

۶- میں نے حضرت ابو عبداللہ علیہ السلام سے کہا کہ عمر بن حنظلہ نے آپ کی طرف سے وقت بیان کیا۔ حضرت نے فرمایا اس نے ہم پر جھوٹ نہ بولا ہوگا۔ میں نے کہا اس نے بیان کیا کہ حضرت نے فرمایا ہے کہ جب سورج چھپ جائے تو مغرب کا وقت ہے

رسولؐ اللہ جب راہ چلتے ہوتے اور مغرب کی نماز میں تاخیر ہوتی تو حضورؐ مغرب و عشاء ملا کر پڑھتے۔ فرمایا اس نے سچ کہا اور وقت عشاء اس وقت ہوتا ہے جب شفق غائب ہو جائے تو تہائی رات تک عشا کا وقت ہے اور صبح کا وقت سرخی ظاہر ہونے سے روشنی بڑھنے تک ہے۔ (ض)

۷۔ فرمایا حضرتؑ نے مغرب کا وقت غروب آفتاب کے بعد ہے۔ جب اس کا گردہ چھپ جائے۔ (ض)

۸۔ میں نے حضرتؑ سے مغرب کے وقت کا سوال کیا۔ فرمایا جبرئیل نبی کے پاس آئے ہر نماز کے دونوں وقتوں پر سوائے نماز مغرب کہ اس کے وجوب کا ایک ہی وقت ہے۔

۹۔ فرمایا حضرتؑ نے سوائے نماز مغرب کے، ہر نماز کے لئے دو وقت ہیں۔ نماز مغرب کے وجوب کا ایک ہی وقت ہے اور شفق غائب ہونے پر اس کے قضا کا وقت ہے ایک روایت ہے کہ اس کے دو وقت ہیں آخر وقت سقوط شفق ہے۔ حدیث اول کے یہ خلاف نہیں۔ اور سورج کے غروب ہونے اور شفق کے غائب ہونے کے درمیان بہت کم وقت ہوتا ہے اور سورج غروب ہونے کی علامت قبلہ کی طرف سرخی کا ظاہر ہونا ہے اور اس ظاہر اور غائب ہونے کے درمیان صرف اتنا ہی وقفہ ہوتا ہے کہ مغرب کی نماز اور نوافل اطمینان سے ادا کر لئے جائیں اسی لئے مغرب کا وقت بہت تنگ ہوتا ہے۔ (موثق)

۱۰۔ علی بن اسباط نے امام رضا علیہ السلام سے سوال کیا کہ شفق سرخی ہے یا سفیدی، فرمایا سرخی ہے اگر سفیدی مراد ہو تو وہ ثلث شب تک رہتی ہے۔ (موثق)

۱۱۔ میں نے حضرتؑ سے پوچھا نماز عشا کا وقت کب ہوتا ہے فرمایا جب شفق غائب ہو اور شفق سرخی ہے عبداللہ نے کہا اللہ آپؑ کی حفاظت کرے وہ تو باقی رہتی ہے سرخی زائل ہونے کے بعد بہ صورت تیز روشنی کے حضرتؑ نے فرمایا شفق تو سرخی کو کہتے ہیں شفق روشنی نہیں کہلاتی۔ (ض)

۲۴۔ اور جو پہلی دو رکعت کے بعد سلام پڑھ لے پھر یاد آئے اور قبل کلام کرنے کے نماز پوری کرے تو اس پر سہو نہیں۔

۲۵۔ جو امام کے پیچھے ہو اس پر سہو نہیں۔

۲۶۔ اور نافلہ میں سہو کا اعتبار نہیں اور نہ اعادہ ہے۔

یہ ہیں وہ چھ صورتیں جن میں نہ اعادۂ نماز اور نہ سجدۂ سہو۔

اگر ابتدائی تکبیر میں شک ہو کہ کہی یا نہیں تو رکوع میں جانے سے پہلے جس وقت یاد آجائے تکبیر کہے پھر حمد و سورہ کی قرأت

کرکے رکوع میں جائے اور اگر رکوع میں شک ہو کہ ابتدائی تکبیر کہی یا نہیں تو نماز کو جاری رکھے اس پر کوئی اور شے نہیں لیکن اگر یقین ہو جائے کہ تکبیر نہیں کہی تو نماز کا اعادہ کرے اور اگر بحالت قیام شک ہو کہ رکوع کیا ہے یا نہیں تو رکوع کرے یہاں تک کہ اس کو رکوع کا یقین ہو جائے اگر رکوع میں ہے اور یاد آئے کہ اس نے رکوع کر لیا ہے تو بغیر رکوع سے سر اٹھائے سجدہ میں چلا جائے اور اگر ذکر جاری رہے اور رکوع سے سر اٹھالے پھر یاد آئے کہ اس نے رکوع کر لیا تھا تو نماز کا اعادہ کرے کیونکہ اس نے ایک رکعت زیادہ کر دی۔

اگر سجدہ میں شک ہو اور نہ جانے رکوع کیا ہے یا نہیں تو اپنی نماز جاری رکھے اس میں شک کا اعتبار نہ ہو۔ مگر جب یقین ہو جائے کہ رکوع نہیں کیا تو اس پر لازم ہے کہ اپنی نماز کی تکمیل کرے۔

اگر سجدہ میں ہو اور نہ جانے کہ دو سجدے کئے ہیں یا ایک تو آخری سجدہ کرے جب تک یقین نہ ہو کہ دو سجدے کر لئے ہیں اور اگر سجدے میں یاد آئے کہ دونوں سجدے کر لئے تو چاہیئے کہ نماز کا اعادہ کرے۔ کیونکہ اس نے اپنی نماز میں ایک سجدہ زائد کر دیا۔

اگر بحالت قیام شک ہو اور نہیں جانتا کہ ایک سجدہ کیا ہے یا دو، اس کو چاہیئے کہ نماز کو جاری رکھے اور کچھ نہیں کرنا اور اگر یقین ہو کہ اس نے ایک سجدہ کیا ہے تو اس پر صرف آخری سجدہ ہے۔

اگر قرأت کر رہا ہو اور یاد آئے کہ اس نے ایک سجدہ کیا ہے تو اس کو چاہیئے کہ دوسرا سجدہ کرے پھر کھڑا ا اور قرأت کے بعد رکوع کرے اور اگر رکوع میں ہو اور یقین ہو جائے کہ سجدہ نہیں کیا مگر ایک یا کوئی بھی نہیں تو اپنی نماز کا اعادہ کرے۔

اور اگر سہو کرے اور دونوں رکعتوں میں تشہد سے پہلے کھڑا ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے اور اگر رکوع میں نہیں گیا ہے تو کھڑا ہو اور اپنی نماز کو جاری رکھے اور کچھ نہ کرے اور اگر رکوع میں ہے اور یہ علم ہو گیا کہ تشہد نہیں پڑھا تو نماز کو پورا کرے اور بعد ختم نماز دو سجدۂ سہو بجا لائے اور جب تک یقین نہ ہو شک کی صورت میں اور اس پر اور کچھ نہیں۔

اگر دو چار کے درمیان شک ہو اور نہ جانے دوسری ہے یا چوتھی۔ پس اگر ظن غالب چار کا ہو تو سلام پڑھ کے نماز ختم کرے اگر ظن غالب دو پر ہو تو آخر کی دو رکعت بجا لائے اور اگر ظن مساوی ہو تو سلام پڑھے۔ پھر دو رکعت الحمد کے ساتھ کھڑے ہو کر پڑھے اگر دو رکعت پڑھ لی ہوں گی تو یہ دو رکعتیں چار رکعتوں کو پورا کر دیں گی اور چار رکعتیں پڑھی ہوں گی تو یہ دو رکعتیں نافلہ ہوں گی اور اگر دو تین میں شک ہے اور نہیں جانتا کہ دو پڑھی ہیں یا تین اگر ظن غالب دو کا ہو تو اسے چاہیئے کہ آخر کی دو رکعت پڑھ لے اور بس، اور اگر گمان تین کا ہو تو ایک رکعت پڑھے اور بس اور اگر ظن مساوی ہو اور یقین دو کا ہو تو ایک کھڑے ہو کر پڑھے پھر سلام پڑھ کر دو رکعت نماز بیٹھ کر بجا لائے اور ان میں صرف سورۂ حمد پڑھے پس

جو دو رکعتیں اس نے سلام پڑھنے کے لئے پہلے پڑھی ہیں وہ چار رکعت کو پورا کرنے والی ہوں گی اور جو رکعت اس نے بیٹھ کر پڑھی ہیں وہ نافلہ ہوں گی۔

اگر تین اور چار میں شک ہو اور نہ جانے تین پڑھی ہیں یا چار اور وہم تین کی طرف جائے تو ایک رکعت آخر میں اور پڑھے پھر سلام پڑھے اور اگر وہم چار کی طرف ہو تو سلام پڑھ کر ختم کرے اور اگر وہم تین اور چار میں مساوی ہو تو سلام پڑھ کر نماز تمام کرے اور پھر دو رکعت بیٹھ کر سورۂ حمد کے ساتھ بجالائے۔

پس اگر تین پڑھی ہوں گی تو ان دو رکعتوں میں ایک رکعت چار کو پورا کرے گی اور اگر چار پڑھی ہوں گی تو یہ دو رکعت نافلہ قرار پائیں گی۔

اور اگر چار اور پانچ میں شک ہو اور نہ جانے چار پڑھی ہیں یا پانچ، تو اگر وہم چار کا ہے تو سلام پڑھے اور پانچ کا ہے تو اعادۂ نماز کرے اور اگر وہم مساوی ہے تو شیطان کی رغم الف کے لئے دو سجدۂ سہو کرے۔

باب ۳۴

سہو کرنے والے کی نماز

۱۔ میں نے ابو عبد اللہ علیہ السلام سے کہا کہ عمار ساباطی نے آپ سے روایت کی ہے فرمایا کیا۔ میں نے کہا آپ نے اس سے کہا کہ سنت فریضہ ہے فرمایا کہاں خیال ہے اس کا کہاں خیال ہے اس کا۔ میں نے اس سے ایسا نہیں کہا۔ میں نے تو یہ کہا کہ جو شخص اس طرح نماز پڑھے کہ وسوسہ دل میں نہ آئے اور سہو عارض نہ ہو تو اس کی نماز قبول ہو گی اکثر اوقات نصف قابل قبول ہوتی ہے یا تہائی یا چوتھائی یا پانچواں حصہ، ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ نماز واجب سے جو چھوٹ جائے اسے سنت سے پورا کرو۔ (۴)

۲۔ فرمایا ابو جعفر علیہ السلام نے کہ بندہ کی نماز سے کم ہو جاتا ہے نصف، تہائی، چوتھائی یا پانچواں حصہ اور یہ واردات قلبی کی بنا پر ہوتا ہے ہمیں نماز نافلہ کا حکم اسی لئے دیا گیا ہے کہ نماز واجب میں جو کمی ہو جائے وہ اس سے پوری ہو جائے۔ (۴)

۳۔ ابو بصیر سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ابو عبد اللہ سے کہا مجھے نماز میں سہو بہت ہوتا ہے فرمایا اس سے بچا ہوا کون ہے میں نے کہا مجھ سے زیادہ کثیر السہو کوئی نہ ہو گا۔ حضرتؑ نے فرمایا۔ اے ابو محمدؐ بندہ کی نماز کا آدھا، تہائی، چوتھائی یا کم و بیش حصہ ناقابل قبول ہو ہی جاتا ہے۔ بقدر اس کے سہو کے لیکن وہ کمی نوافل سے پوری ہو جاتی ہے تو ایسی صورت میں نوافل کو ترک نہ کرنا چاہیئے۔ فرمایا نہیں۔ (ص)

۴۔ فرمایا دو اماموں میں سے کسی نے کہ تمہیں اپنی نماز کا وہی حصہ سمجھنا چاہیے جس میں حضور قلب رہا ہو اگر سب کی سب نماز وہم ہی وہم ہو یا ادا کرنے میں غفلت کی گئی ہو تو وہ نماز لپٹ گئی اور وہ نمازی کے منہ پر ماردی جائے گی۔ (حسن)

۵۔ راوی نے کہا میں بھول گیا ہوں کہ میں نماز واجب پڑھ رہا ہوں یا نافلہ میں نے ایک رکعت پڑھ لی تب میں نے نافلہ کی نیت کی۔ فرمایا اگر نماز فریضہ کی نیت کے بعد شک ہو تو نماز فریضہ ہی ہوگی اور اگر تم نماز نافلہ پڑھ رہے ہو پھر وہ نماز نافلہ ہی ہے اگر فریضہ کی نیت کی تو وہ نافلہ ہی ہوگی اور اگر تم نماز فرض میں ہو اور تمہیں کوئی نماز نافلہ جس کو تم پڑھنا چاہتے تھے یاد آئی تو اسے صرف بطور فریضہ ہی پڑھو۔ (حسن)

﴿باب ۴۴﴾

✡ (ما يقطع الصلاة من الضحك والحدث والاشارة) ✡
✡ (والنسيان وغير ذلك) ✡

١ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن أخيه الحسن ، عن زرعة ، عن سماعة قال : سألته عن الضحك هل يقطع الصلاة ، قال : أمّا التبسّم فلا يقطع الصلاة وأمّا القهقهة فهي تقطع الصلاة .

ورواه أحمد بن محمّد ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يصيبه الرُّعاف وهو في الصلاة ، فقال : إن قدر على ماء عنده يميناً أو شمالاً أو بين يديه وهو مستقبل القبلة فليغسله عنه ثمَّ ليصلِّ ما بقي من صلاته وإن لم يقدر على ماء حتّى ينصرف بوجهه أو يتكلّم فقد قطع صلاته .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبد الرَّحمن ابن الحجّاج قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن الرَّجل يصيبه الغمز في بطنه وهو يستطيع أن يصبر عليه أيصلّي على تلك الحال أو لا يصلّي ؟ قال : فقال : إن احتمل الصبر ولم يخف إعجالاً عن الصلاة فليصلّ وليصبر .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ؛ ومحمّد بن الحسين ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع ، عن منصور بن يونس ، عن أبي بكر الحضرميّ ، عن أبي جعفر وأبي عبدالله عليهما السلام أنّهما كانا يقولان : لا يقطع الصلاة إلّا أربعة : الخلاء والبول والرِّيح والصوت

٥ - عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم عن أحدهما عليهما السلام في الرّجل يمسّ أنفه في الصلاة فيرى دماً كيف يصنع أينصرف ؟ فقال : إن كان يابساً فليرم به ولا بأس .

٦ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن زرارة عن أبي عبدالله عليه السلام قال : القهقهة لا تنقض الوضوء وتنقض الصلاة .

٧ - عنه ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّه سئل عن الرّجل يريد الحاجة وهو في الصلاة فقال : يومي برأسه ويشير بيده ويسبّح و المرأة إذا أرادت الحاجة وهي تصلّي تصفق بيدها .

٨ - عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسن بن شمّون ، عن عبدالله بن عبدالرّحمن الأصمّ ، عن مسمع أبي سيّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ النبيّ صلّى الله عليه وآله سمع خلفه فرقعة فرقع رجل أصابعه في صلاته فلمّا انصرف قال : النبيّ صلّى الله عليه وآله : أما إنّه حظّه من صلاته

٩ - الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن الرّجل يأخذه الرعاف و القيء في الصلاة كيف يصنع ؟ قال : ينفتل فيغسل أنفه و يعود في صلاته فإن تكلّم فليعد صلاته وليس عليه وضوء .

١٠ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الرّجل أيقطع صلاته شيء ممّا يمرّ بين يديه ؟ فقال : لا يقطع صلاة المسلم شيء ولكن ادرء ما استطعت ، قال : وسألته عن رجل رعف فلم يرق رعافه حتّى دخل وقت الصلاة قال : يحشو أنفه بشيء ثمّ يصلّي ولا يطيل إن خشي أن يسبقه الدّم ، قال : وقال إذا التفتّ في صلاة مكتوبة من غير فراغ فأعد الصلاة إذا كان الالتفات فاحشاً وإن كنت قد تشهّدت فلا تعد .

١١ - الحسين بن محمّد الأشعريّ ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة ، عن أبان ، عن سلمة بن أبي حفص ، عن أبي عبدالله عليه السلام أنّ عليّاً صلوات الله

عليه كان يقول: لايقطع الصلاة الرعاف ولاالقيء ولا الدّم فمن وجد أزّاً فليأخذ بيد رجل من القوم من الصف فليقدّمه. يعني إذا كان إماماً.

۱۲ - محمّد بن يحيى، عن محمّد بن الحسين، عن صفوان، عن العلاء، عن محمّد بن مسلم، عن أبي جعفر عليه السلام قال: سألته عن الرّجل يلتفت في الصلاة؟ قال: لا و لا ينقض أصابعه.

باب ۴۴

کیا نماز قطع ہو جاتی ہے ضحک حدث اشارہ و نسیان سے

۱۔ میں نے پوچھا کیا ہنسنے سے نماز قطع ہو جاتی ہے۔ فرمایا تبسم سے نہیں البتہ قہقہہ سے قطع ہو جاتی ہے۔ (موثق)

۲۔ میں نے پوچھا اگر نکسیر پھوٹ نکلے تو کیا ہو۔ فرمایا اگر آس پاس یا سامنے پانی ہو تو اسے دھوئے درآنحالیکہ اس کا منہ قبلہ کی طرف رہے۔ دھونے کے بعد باقی نماز پوری کر لے اور اگر پانی نہ ہو تو رُخ بدلنے اور کلام کرنے سے نماز قطع ہو جائے گی۔ (حسن)

۳۔ پوچھا ایک شخص کے پیٹ میں نیزہ چبھا ہوا ہو اور اس پر صبر کی طاقت رکھتا ہو ایسی حالت میں نماز پڑھے یا نہیں۔ فرمایا اگر صبر کر سکتا ہے جلد نماز پڑھنے تک تو پڑھ لے۔ (ص)

۴۔ دونوں اماموں میں سے فرمایا نماز کو قطع نہ کرے سوائے چار صورتوں کے پاخانہ، پیشاب، ریح (ہلکے سے ریح نکلنا) یا بآواز بلند نکلنا۔ (ض)

۵۔ پوچھا اگر اثنائے نماز میں کوئی ناک کو چھوئے اور خون دیکھے تو کیا کرے فرمایا اگر خشک ہے تو چھڑا لے نماز میں کوئی حرج نہ ہوگا۔ (ص)

۶۔ فرمایا قہقہہ سے وضو نہیں ٹوٹتا البتہ نماز ختم ہو جاتی ہے۔ (حسن)

۷۔ فرمایا ایک شخص نماز میں اپنی کسی ضرورت کا اظہار چاہے تو اپنے سر سے یا اپنے ہاتھ سے اشارہ کرے یا سبحان اللہ کہے اور عورت اپنے ہاتھ کو مار کر ظاہر کرے۔

۸۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ حضرت رسولؐ خدا نے بحالت نماز کسی کو اپنے پیچھے انگلیاں چٹخاتے سنا۔ بعد نماز فرمایا اس عمل نے نماز کو فضیلت سے گرا دیا ہے۔ (ض)

۹۔ ایک شخص نے پوچھا اس کے متعلق جس کی نکسیر حالتِ نماز میں پھوٹے یا قے ہو جائے تو کیا کرے فرمایا اسے کپڑے سے صاف کر ڈالے اور اگر ممکن ہو تو ناک کو دھو ڈالے اور نماز کو جاری رکھے اور اگر کلام کر لیا ہے تو نماز کا اعادہ کرے دوبارہ وضو کی ضرورت نہیں۔ (صحیح)

۱۰۔ ایک شخص نے پوچھا کیا نماز قطع ہو جائے گی اگر کوئی چیز نمازی کے سامنے سے گزر جائے فرمایا مسلمان کی نماز کو کوئی شے قطع نہیں کرتی۔ لیکن ضرر پہنچانے والی شے سے جہاں تک ممکن ہو بچو۔ پھر پوچھا گیا اگر کسی کی نکسیر بند نہ ہو اور وقت نماز آجائے۔ فرمایا کسی چیز سے اپنی ناک صاف کرے اور نماز پڑھے۔ لیکن خون نکلنے کا خوف ہو تو نماز کو طول نہ دے اور فرمایا نماز واجب ختم کئے بغیر اگر کسی طرف متوجہ ہو تو نماز کا اعادہ کرے جبکہ وہ التفات بیہودہ ہو اور اگر تشہد پڑھ لیا ہے تو اعادہ کی ضرورت نہیں۔ (حسن)

۱۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ علی علیہ السلام نے فرمایا کہ نماز قطع نہیں ہوتی نکسیر، قے یا خون سے اگر بحیثیت پیش نماز ہونے کے کوئی تکلیف محسوس کرے تو جو لوگ پیچھے کھڑے ہوں ان میں سے ایک کا ہاتھ پکڑ کر آگے بڑھا دے۔ (مجہول)

۱۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا گیا اس کے بارے میں جو بحالتِ نماز کسی طرف متوجہ ہو جائے۔ کیا یہ درست ہے فرمایا نہیں اور نہ یہ کہ اپنی انگلیاں چٹخائے۔ (صحیح)

باب ۴۵

(التسليم على المصلي والعطاس في الصلاة)

١ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن عثمان بن عيسى، عن سماعة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: سألته عن الرَّجل يسلّم عليه وهو في الصلاة قال: يردُّ سلام عليكم ولا يقول: وعليكم السلام فإنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان قائماً يصلّي فمرَّ به عمّار بن ياسر فسلّم عليه عمّار فردَّ عليه النبيُّ صلى الله عليه وآله هكذا.

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيِّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا عطس الرَّجل في صلاته فليحمد الله.

٣ ـ محمد بن يحيى، عن أحمد بن محمد، عن ابن فضّال، عن معلّى أبي عثمان، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قلت له: أسمع العطسة وأنا في الصلاة فأحمد الله و

أصلّي على النبيّ صلى الله عليه وآله؟ قال: نعم و إذا عطس أخوك وأنت في الصلاة فقل: الحمد لله و صلّ على النبيّ وإن كان بينك وبين صاحبك اليمّ صلّ على محمّد و آله.

باب ۴۵

نمازی کا جواب سلام دینا اور نماز میں چھینکنا

۱۔ میں نے سوال کیا اگر کوئی نماز میں سلام کرے۔ فرمایا سلام علیکم کہہ کر جواب سلام دے وعلیکم السلام نہ کہے کیونکہ رسول اللہ نماز پڑھ رہے تھے تو عمار ادھر سے گزرے اور سلام کیا۔ آنحضرت نے اسی طرح جواب سلام دیا۔ (موثق)

۲۔ جب نماز میں کسی کو چھینک آئے تو الحمد للہ کہے۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا نماز میں کسی کی چھینک سنوں تو الحمد للہ کہوں اور محمد و آل محمد پر درود بھیجوں۔ فرمایا ہاں جب تیرا بھائی چھینکے اور نماز میں ہو تو الحمد للہ صل علی محمد و آل محمد اگرچہ تمہارے اور تمہارے بھائی کے درمیان دریا حائل ہو۔ (موثق)

﴿ باب ۴۶ ﴾

✿(المصلي يعرض له شيء من الهوام فيقتله)✿

١ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن حمّاد، عن حريز، عن محمّد بن مسلم قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يكون في الصلاة فيرى الحيّة أو العقرب يقتلهما إن آذياه؟ قال: نعم.

٢ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد بن عثمان، عن الحلبيّ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يقتل البقّة والبرغوث والقمّلة و الذّباب في الصلاة أينقض صلاته ووضوءه؟ قال: لا.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد؛ ومحمّد بن الحسين، عن عثمان بن عيسى، عن سماعة قال: سألته عن الرّجل يكون قائماً في الصلاة الفريضة فينسى كيسه أو متاعاً يتخوّف ضيعته أو هلاكه؟ قال يقطع صلاته و يحرز متاعه ثمّ يستقبل الصلاة،

قلت : فيكون في الفريضة فتفلّت عليه دابّة أو تفلّت دابّته فيخاف أن تذهب أو يصيب منها عنتاً فقال : لا بأس بأن يقطع صلاته .

٤ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن أبان ، عن محمّد قال : كان أبوجعفر عليه السلام إذا وجد قمّلة في المسجد دفنها في الحصى .

٥ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عمّن أخبره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كنت في صلاة الفريضة فرأيت غلاماً لك قد أبق أو غريماً لك عليه مال أو حيّة تخافها على نفسك فاقطع الصلاة واتبع الغلام أو غريماً لك واقتل الحيّة .

باب ۴۶

نمازی موذی جانور کو نماز میں مار ڈال سکتا ہے

۱۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو بحالت نماز سانپ یا بچھو کو دیکھے۔ اگر اذیت کا اندیشہ ہو تو کیا اسے قتل کر دے۔ فرمایا ہاں۔ (ص)

۲۔ پوچھا ابوعبداللہ علیہ السلام سے اس کے بارے میں جو نماز میں پسّو، مچھر، کھٹمل یا مکھی مار ڈالے کیا اس سے نماز ناقص ہو جاتی ہے اور وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ فرمایا نہیں۔ (حسن)

۳۔ میں نے کہا ایک شخص نماز فریضہ پڑھ رہا ہے اور اپنا تھیلا اور سامان بھول جاتا ہے جس کے ضائع ہونے یا ہلاک ہونے کا خوف ہوتا ہے۔ فرمایا نماز کو قطع کرے۔ میں نے کہا اگر وہ نماز فریضہ ہو۔ اس پر کوئی چوپایہ حملہ کرے یا اس کا چوپایہ بھاگ جائے یا اس کے بھاگ جانے کا خوف ہو یا کسی مصیبت میں پھنسنے کا خوف ہو، فرمایا کچھ حرج نہیں اگر وہ نماز قطع کر دے۔ (موثق)

۴۔ فرمایا سجدہ میں اگر کوئی جوں دیکھے تو سنگریزوں کے اندر اسے دبا دے۔ (موثق)

۵۔ فرمایا جب تم فریضہ نماز پڑھ رہے ہو اور دیکھو کہ تمہارا غلام بھاگ رہا ہے یا تمہارا مال لئے جاتا ہے یا سانپ کے حملے کا خوف ہے تو نماز کو قطع کرو اور غلام کے پیچھے جاؤ، مال کو بچاؤ اور سانپ کو مارو۔

«باب»

(بناء المساجد وما يؤخذ منها والحدث فيها من النوم وغيره)

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبيدة الحذّاء ؛ قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : من بنى مسجداً بنى الله له بيتاً في الجنّة ، قال : أبوعبيدة فمرّ بي أبو عبدالله عليه السلام في طريق مكّة وقد سوّيت بأحجار مسجداً فقلت له : جعلت فداك نرجو أن يكون هذا من ذلك فقال : نعم .

٢ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر ، عن أبان بن عثمان ، عن أبي الجارود قال : سألت أبا جعفر عليه السلام عن المسجد يكون في البيت فيريد أهل البيت أن يتوسّعوا بطائفة منه أو يحوّلوه إلى غير مكانه قال : لا بأس بذلك قال : و سألته عن المكان يكون خبيثاً ثمّ ينظّف و يجعل مسجداً قال : يطرح عليه من التّراب حتّى يواريه فهو أطهر .

٣ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان ، عن العيص قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن البيع و الكنائس هل يصلح نقضهما لبناء المساجد ؟ فقال : نعم .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام عن المساجد المظلّلة أيكره الصّلاة فيها ؟ قال : نعم ولكن لا يضرّكم اليوم ولو قد كان العدل لرأيتم كيف يصنع في ذلك قال : و سألته أيعلّق الرّجل السّلاح في المسجد ؟ قال : نعم وأمّا في المسجد الأكبر فلا فإنّ جدّي نهى رجلاً يبري مشقصاً في المسجد .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج ، عن جعفر بن إبراهيم ، عن عليّ بن الحسين صلوات الله عليهما قال : قال رسول الله صلّى الله عليه وآله : من سمعتموه ينشد الشّعر في المساجد ؛ فقولوا فضّ الله فاك إنّما

نصبت المساجد للقرآن .

٦ ـ الحسن بن عليّ العلويّ ، عن سهل بن جمهور ، عن عبدالعظيم بن عبدالله العلويّ ، عن الحسن بن الحسين العرنيّ ، عن عمرو بن جميع قال : سألت أبا جعفر عليه السلام عن الصّلاة في المساجد المصوّرة فقال : أكره ذلك و لكن لا يضرّكم ذلك اليوم ولو قد قام العدل رأيتم كيف يصنع في ذلك .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم ، عن أحدهما عليهما السلام قال : نهى رسول الله صلى الله عليه وآله عن سلّ السّيف في المسجد وعن بری، النّبل في المسجد قال : إنّما بني لغير ذلك .

٧ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسن بن شمّون ، عن عبدالله ابن عبدالرّحمن ، عن مسمع أبي سيّار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : نهى رسول الله صلى الله عليه وآله عن رطانة الأعاجم في المساجد .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة بن أيّوب ، عن رفاعة بن موسى قال : سألت أبا عبد الله عليه السلام عن الوضوء في المسجد فكرهه من الغائط و البول .

١٠ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن معاوية بن وهب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن النّوم في المسجد الحرام ومسجد النّبيّ صلى الله عليه وآله ، قال : نعم فأين ينام النّاس .

١١ ـ عنه ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة بن أعين قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : ما تقول في النّوم في المساجد ؟ فقال : لا بأس به إلّا في المسجدين مسجد النبيّ صلى الله عليه وآله والمسجد الحرام ، قال : و كان يأخذ بيدي في بعض اللّيل فيتنحّى ناحية ثمّ يجلس فيتحدّث في المسجد الحرام فربّما نام ونمت ، فقلت له في ذلك فقال : إنّما يكره أن ينام في المسجد الحرام الّذي كان على عهد رسول الله صلى الله عليه وآله فأمّا النّوم في هذا الموضع فليس به بأس .

١٢ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن مهران الكرخيّ ،

عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : الرَّجل يكون في المسجد في الصّلاة فيريد أن يبزق ؟ فقال : عن يساره و إن كان في غير صلاة فلا يبزق حذاء القبلة ويبزق عن يمينه ويساره .

١٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبد الله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار قال : رأيت أبا جعفر الثّاني عليه السلام يتفل في المسجد الحرام فيما بين الرُّكن اليمانيّ والحجر الأسود ولم يدفنه .

١٤ ـ الحسين بن محمّد رفعه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي لأكره الصّلاة في مساجدهم فقال : لا تكره فما من مسجد بني إلّا على قبر نبيّ أو وصيّ نبيّ قتل فأصاب تلك البقعة رشّة من دمه فأحبَّ الله أن يذكر فيها فأدّ فيها الفريضة والنّوافل واقض فيها مافاتك .

١٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن الحسين بن المختار ، عن أبي أسامة زيد الشحّام قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : قول الله عزَّ وجلَّ : «لا تقربوا الصّلوة وأنتم سكارى » ؟ فقال : سكر النّوم .

١٦ ـ جماعة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة ابن أيّوب ، عن ابن سنان ، عن عمر بن يزيد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس يرخّص في النّوم في شيء من الصّلاة .

باب ۴۲

بنائے مساجد اور کیا وہاں سے لیا جائے اور میں حدث اور نوم

۱۔ فرمایا جو کوئی مسجد بنائے اللہ جنت میں اس کے لئے گھر بناتا ہے ابوعبیدہ نے کہا کہ حضورؐ مکہ کے راستہ میں تھے۔ میں نے پتھروں سے ایک مسجد بنائی اور حضرت سے کہا میں آپ پر فدا ہوں کیا اس کا شمار بھی مساجد میں ہوگا۔ فرمایا ہاں۔ (حسن)

۲۔ میں نے اس مسجد کے بارے میں جو گھر میں ہو اور گھر والے اس کی توسیع چاہیں یا کسی دوسری جگہ بدلنا چاہتے ہوں، فرمایا کوئی مضائقہ نہیں، پوچھا اگر وہ جگہ ناپاک ہو تو کیا پاک صاف کر کے مسجد بنا سکتے ہیں۔ فرمایا اتنی مٹی ڈالی جائے

کہ پلید گی چھپ جائے اس کے بعد وہ طاہر ہے۔ (ضعیف)

۳۔ میں نے کہا یہودیوں اور نصرانیوں کے عبادت خانے ڈھا کر مسجد بنانا درست ہے۔ فرمایا ہاں

۴۔ میں نے پوچھا کوئی شخص مسجد میں ہتھیار لٹکا سکتا ہے۔ فرمایا ہاں لیکن مسجد اکبر (مسجد الحرام) یا بعض کے نزدیک جامع مسجد میں نہیں۔ میرے دادا علیہ السلام نے منع کیا تھا ایک شخص کو کہ وہ مسجد میں ترکش سے تیر نکال کر رکھے (حسن)

۵۔ پوچھا گیا سایہ دار مسجد میں کیا نماز پڑھنا مکروہ ہے فرمایا ہاں لیکن اس زمانہ میں نقصان رساں نہیں اگر عدل کی صورت ہوتی تو اس بارہ میں سوچا جاتا۔

۶۔ فرمایا علی بن الحسین علیہ السلام نے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا اگر تم کسی کو مسجد میں شعر باطل پڑھتے سنو تو اس سے کہو اللہ تیرا منہ توڑے۔ مسجد قرآن پڑھنے کے لئے بنائی گئی ہے۔

۷۔ میں نے پوچھا ایسی مسجد میں نماز پڑھنے سے متعلق جن میں تصویریں ہوں۔ فرمایا مکروہ ہے لیکن اس زمانہ میں پڑھ لی جائے کیونکہ عدل نہیں اگر ہوتا تو دیکھتے کیا کیا ہوتا۔ (ضعیف)

۸۔ فرمایا کہ حضرت رسولؐ اللہ نے منع فرمایا ہے مسجد میں تلوار کھینچے یا ترکش سے تیر نکالنے کو کیونکہ مسجد تو اور باتوں کے لئے بنائی گئی ہے۔ (م)

۹۔ فرمایا حضرت نے رسولؐ اللہ نے مسجد میں ایسا کلام کرنے سے منع کیا ہے جسے عام لوگ نہ سمجھ سکیں۔ (صحیح)

۱۰۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا وضو کرنے کے لئے مسجد میں، حضرت نے فرمایا جبکہ پیشاب پاخانہ کے بعد ہو تو مکروہ ہے۔ (م)

۱۱۔ میں نے پوچھا مسجد الحرام اور مسجد نبی میں سونے کے متعلق فرمایا۔ ہاں ورنہ پھر لوگ کہاں سوتے۔ (م)

توضیح ۔ اکثر احادیث اس پر دال ہیں کہ ان مساجد میں سونا مکروہ ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں سائل کا سوال عہد رسولؐ سے متعلق تھا جبکہ نگھرے مسلمان مسجد رسولؐ میں پڑے رہتے تھے۔

۱۲۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا۔ آپؑ کیا فرماتے ہیں مساجد میں سونے کے متعلق، فرمایا کوئی مضائقہ نہیں سوائے دو مسجدوں کے، مسجد النبیؐ اور مسجد الحرام۔ زرارہ کہتے ہیں حضرت بعض راتوں میں میرا ہاتھ پکڑ کر ایک طرف لے جاتے تھے پھر مسجد الحرام میں بیٹھ کر باتیں کرتے اور بسا اوقات آپؑ بھی سو جاتے اور میں بھی، میں نے اس کے متعلق حضرت سے سوال کیا مکروہ تھا اس مسجد میں سونا جو عہد رسولؐ میں تھی اب رہا مسجد الحرام کا معاملہ تو اس جگہ سونے میں کوئی مضائقہ نہیں (حسن)

۱۳۔ میں نے پوچھا ایک شخص کو جو مسجد میں ہے۔ اگر تھوکنے کی ضرورت پیش آئے تو کیا کرے۔ فرمایا اگر نماز میں ہے تو بائیں طرف تھوکے۔ اور اگر نماز میں ہے تو قبلہ کی طرف نہ تھوکے بلکہ داہنے بائیں تھوکے۔ (مرسل)

۱۴۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو دیکھا کہ انھوں نے مسجد الحرام میں رکن اور حجر اسود کے درمیان تھوکا اور اسے

مٹایا نہیں (یہ امر صرف اثبات جواب کے جواز کے لئے تھا۔ (۴)

۱۵۔ میں نے حضرت سے کہا میں مخالفوں کی مسجد میں نماز پڑھنا مکروہ جانتا ہوں۔ فرمایا مکروہ نہ جانو کوئی مسجد نہیں بنائی گئی مگر کسی نبی وصیِ نبی کی جو مقتول ہوگا وہاں قبر ہوگی اور اس کا خون وہاں گرا ہوگا۔ پس خدا کو یہ پسند ہے کہ وہاں اس کا ذکر ہو۔ پس نماز واجب نافلہ اور قضا وہاں پڑھو۔ (مرفوع)

توضیح:- مراد ان مساجد سے بلاد مخصوصہ کی مساجد ہیں ورنہ عام مساجد کی تعداد بہت زیادہ ہے اور انبیار اور اوصیائے انبیار جو مقتول ہوئے ان کی تعداد بہت کم ہے۔

۱۶۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا بحالت سکر نماز کے قریب نہ جاؤ۔ فرمایا مراد ہے سکر النوم (بظاہر اس سے مراد ہے کہ سکر النوم بھی اس میں شامل ہے۔ (موثق)

۱۷۔ فرمایا حضرت نے بحالت نوم نماز کے کسی حصہ کی اجازت نہیں۔ (۴)

«باب ۸۲»

(فضل الصلاة في الجماعة)

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن زرارة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : ما يروي النّاس أنَّ الصّلاة في جماعة أفضل من صلاة الرَّجل وحده بخمس وعشرين صلاة ؟ فقال : صدقوا ، فقلت : الرَّجلان يكونان جماعة ؟ فقال : نعم ويقوم الرَّجل عن يمين الإمام .

٢ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن محمّد بن يوسف ، عن أبيه قال : سمعت أباجعفر عليه السلام يقول : إنَّ الجهنيَّ أتى النبيَّ صلى الله عليه وآله فقال : يا رسول الله إنّي أكون في البادية ومعي أهلي وولدي وغلمتي فاُؤذّن واُقيم واُصلّي بهم أفجماعة نحن ؟ فقال : نعم فقال : يا رسول الله إنَّ الغلمة يتبعون قطر السّحاب وأبقى أنا وأهلي وولدي فاُؤذّن واُقيم واُصلّي بهم فجماعة نحن ؟ فقال : نعم ، فقال : يا رسول الله فإنَّ ولدي يتفرّقون في الماشية وأبقى أنا وأهلي فاُؤذّن واُقيم واُصلّي بهم أفجماعة أنا ؟ فقال : نعم ، فقال : يا رسول الله إنَّ المرأة تذهب في مصلحتها فأبقى أنا وحدي فاُؤذّن واُقيم فاُصلّي أفجماعة أنا ؟ فقال : نعم المؤمن وحده جماعة .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النّوفليِّ ، عن السّكونيِّ ، عن أبي عبدالله ، عن أبيه عليهما السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : من صلّى الخمس في جماعة فظنّوا به خيراً .

٤ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن سنان ، عن إسحاق ابن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : أما يستحيي الرّجل منكم أن تكون له الجارية فيبيعها فتقول : لم يكن يحضر الصّلاة .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة قال : كنت جالساً عند أبي جعفر عليه السلام ذات يوم إذ جاءه رجلٌ فدخل عليه فقال له : جعلت فداك إنّي رجلٌ جار مسجد لقومي فإذا أنا لم اُصلّ معهم وقعوا فيَّ وقالوا : هو هكذا وهكذا ، فقال : أمّا لئن قلت ذاك لقد قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه : من سمع النّداء فلم يجبه من غير علّة فلا صلاة له ، فخرج الرّجل فقال له : لا تدع الصّلاة معهم وخلف كلّ إمام فلمّا خرج قلت له : جعلت فداك كبر عليَّ قولك لهذا الرّجل حين استفتاك فإن لم يكونوا مؤمنين ؟ قال : فضحك عليه السلام ثمّ قال : ما أراك بعد إلّا ههنا يا زرارة فأيّة علّة تريد أعظم من أنّه لا يأتمّ به ثمّ قال : يا زرارة أما تراني قلت : صلّوا في مساجدكم وصلّوا مع أئمّتكم .

٦ ـ حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ؛ والفضيل قالا : قلنا له الصّلوات في جماعة فريضة هي ؟ فقال : الصّلوات فريضة وليس الاجتماع بمفروض في الصّلاة كلّها و لكنّها سنّة ومن تركها رغبة عنها وعن جماعة المؤمنين من غير علّة فلا صلاة له .

٧ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن المفضل بن صالح ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال : ليكن الّذين يلون الإمام اُولي الأحلام منكم و النّهى فإن نسي الإمام أو تعايا قوّموه و أفضل الصّفوف أوّلها و أفضل أوّلها مادنا من الإمام و فضل صلاة الجماعة على صلاة الرّجل فذّاً خمس و عشرون درجة في الجنّة .

٨ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن حفص بن البختري ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : يحسب لك إذا دخلت معهم و إن لم تقتد بهم مثل

ما یحسب لك إذا كنت مع من تقتدي به

باب ۴۸

فضیلت نماز باجماعت

۱۔ میں نے کہا لوگ کہتے ہیں کہ تنہا نماز سے جماعت کی نماز پچیس گنا زیادہ ثواب رکھتی ہے فرمایا انھوں نے سچ کہا۔ کیا دو آدمیوں سے بھی جماعت ہو جاتی ہے فرمایا ہاں، دوسرا آدمی امام کے داہنی طرف کھڑا ہو۔ (حسن)

۲۔ میں نے حضرت باقر علیہ السلام سے سنا کہ ایک جہنی حضرت رسولؐ خدا کے پاس آیا اور کہا یا رسولؐ اللہ میں جنگل میں رہتا ہوں اور میرے ساتھ میری بی بی اور میری اولاد اور میرے غلام رہتے ہیں۔ میں اذان دیتا ہوں اور اقامت کہہ کر ان کے ساتھ نماز پڑھتا ہوں کیا ہم جماعت کا ثواب پاتے ہیں فرمایا بے شک، میں نے کہا یا رسول اللہ میرے غلام ہلکی بوندوں میں چل دیتے ہیں میری بی بی اور بچے رہ جاتے ہیں میں اذان و اقامت کے بعد نماز پڑھتا ہوں تو یہ ہماری جماعت ہو جاتی ہے۔ فرمایا ہاں۔ میں نے کہا لڑکے بھی چل دیتے ہیں اور میں اور میری بی بی رہ جاتے ہیں میں ان کے ساتھ نماز پڑھتا ہوں کیا جماعت ہوگی۔ فرمایا ہاں۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ عورت بھی اپنے کام کاج میں لگ جاتی ہے تو اذان و اقامت کہہ کر نماز پڑھ لیتا ہوں فرمایا ہاں مومن اکیلا بھی جماعت ہے۔ (مجہول)

۳۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا جو پانچوں نمازیں جماعت سے پڑھے تو اس کے متعلق اچھا گمان رکھو۔ (ض)

۴۔ کیا تم میں وہ شخص حیا نہیں کرتا جس کی کنیز ہو اور جب وہ اسے بیچے تو کہے یہ شخص نماز جماعت میں شریک نہیں ہوتا

۵۔ میں ایک دن امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر کہا کہ میں اپنی قوم کی ایک مسجد کے قریب رہتا ہوں چونکہ ان کے ساتھ نماز نہیں پڑھتا ۔ وہ مجھ سے جھگڑا کرتے ہیں اور ایسا ایسا کہتے ہیں امیرالمومنینؑ نے فرمایا ہے جو اذان کی آواز سنے اور بے سبب اس کا جواب نہ دے تو اس کی نماز نہیں ہوتی۔ جب وہ چلا تو حضرتؑ نے اس سے فرمایا ان کے ساتھ نماز پڑھنی نہ چھوڑو اور ان کے ہر امام کے پیچھے پڑھ لو جب وہ چلا گیا تو میں نے کہا آپؑ کا یہ جواب مجھ پر شاق گزرا۔ چاہے وہ مومن نہ ہوں تو بھی ان کے ساتھ پڑھ لے۔ یہ سن کر حضرت ہنسے اور فرمایا میں نے سوائے اس جگہ کے تم کو فہم سے دور نہیں پایا۔ کیا سبب کہ تم نے اس بات کو بُرا جانا کہ اس کے ساتھ اقتدا نہ کی جائے کیا تم نے غور نہیں کیا کہ میں نے کہا کہ اپنی مساجد میں پڑھو اور اپنے آئمہ کے پیچھے، مطلب یہ ہے کہ جو کچھ کہا گیا وہ تقیہ کی صورت تھی۔ (حسن)

۶۔ زرارہ اور فضیل نے امام سے پوچھا کیا جماعت فرض ہے۔ فرمایا فرض نہیں سنت ہے جو کوئی اس سے رغبت کو ترک کرے اور بے وجہ جماعت مومنین میں شامل نہ ہو اس کی نماز صحیح نہیں ۔ (حسن)

۷۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا امام سے قریب صاحبان عقل و فہم ہوں تاکہ اگر امام بھول جائے یا غلطی کر جائے تو اسے بتا دیں صفوں میں افضل صفِ اوّل ہے اور پہلی میں وہ جگہ جو امام سے قریب ہو اور فرادی نماز پر نماز جماعت کو فضیلت ہے جنت میں نماز جماعت سے پڑھنے والوں کے پچیس درجے زیادہ ہوں گے داہنی طرف کے حصہ کو بائیں پر وہی فضیلت ہے جو جماعت کو فرادی پر ہے ۔ (ض)

۸۔ فرمایا حضرت نے جب شریک جماعت ہو تو اگرچہ ان کے ساتھ اقتدا نہ ہو۔ مگر ایسے رہو گویا ان کے ساتھ اقتدا ہے

باب ۴۹

(الصلاة خلف من لايقتدى به)

١ ـ محمد بن يحيى العطّار ، عن أحمد بن محمد ، عن الحسن بن عليّ بن فضّال ، عن ابن بكير ، عن زرارة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أكون مع الامام فأفرغ من القرأة قبل أن يفرغ قال : ابق آية ومجّد الله واثن عليه فإذا فرغ فاقرء الآية واركع .

٢ ـ عنه ، عن أحمد ، عن عبدالله بن محمد الحجّال ، عن ثعلبة ، عن زرارة قال : سألت أباجعفر عليه السلام عن الصّلاة خلف المخالفين فقال : ماهم عندي إلّا بمنزلة الجدر .

٣ ـ محمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان ، عن إسحاق بن عمّار ، عمّن سأل أباعبدالله عليه السلام قال : اُصلّي خلف من لا أقتدي به فإذا فرغت من قرائتي ولم يفرغ هو ؟ قال : فسبّح حتّى يفرغ .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا صلّيت خلف إمام لاتقتدي به فاقرأ خلفه سمعت قرائته أولم تسمع .

٥ ـ عليّ بن محمد ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن مهزيار ، عن أبي عليّ بن راشد قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : إنّ مواليك قد اختلفوا فاُصلّي خلفهم جميعاً ؟ فقال: لاتصلّ

إلّا خلف من تثق بدينه ، ثمَّ قال : ولي موال ؟ فقلت : أصحاب ، فقال مبادراً قبل أن أستتمَّ ذكرهم : لا ، يأمرك عليُّ بن حديد بهذا ـ أوهذا ممّا يأمرك به عليُّ بن حديد ـ فقلت : نعم .

٦ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : إنَّ أناساً رووا عن أميرالمؤمنين صلوات الله عليه أنّه صلّى أربع ركعات بعد الجمعة لم يفصل بينهنَّ بتسليم ؟ فقال : يازرارة إنَّ أميرالمؤمنين عليه السلام صلّى خلف فاسق فلمّا سلّم و انصرف قام أمير المؤمنين صلوات الله عليه فصلّى أربع ركعات لم يفصل بينهنَّ بتسليم فقال له رجلٌ إلى جنبه : يا أبا الحسن صلّيت أربع ركعات لم تفصل بينهنَّ ؟ فقال : إنّها أربع ركعات مشبّهات وسكت . فوالله ما عقل ماقال له .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن حديد ، عن جميل بن درّاج ، عن حمران بن أعين قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : جعلت فداك إنّا نصلّي مع هؤلاء يوم الجمعة وهم يصلّون في الوقت فكيف نصنع ؟ فقال : صلّوا معهم فخرج حمران إلى زرارة فقال له : قد أمرنا أن نصلّي معهم بصلاتهم فقال زرارة : مايكون هذا إلّا بتأويل فقال له حمران : قم حتّى تسمع منه ، قال : فدخلنا عليه فقال له زرارة : جعلت فداك إنَّ حمران زعم أنّك أمرتنا أن نصلّي معهم فأنكرت ذلك فقال لنا : كان عليُّ بن الحسين صلوات الله عليهما يصلّي معهم الرَّكعتين فإذا فرغوا قام فأضاف إليهما ركعتين .

باب ۴۹

اس کے پیچھے پڑھنا جس کی اقتدا نہ ہو

۱۔ میں نے کہا اگر میں امام کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں اور میری قرأت اس کی قرأت ختم ہونے سے پہلے ختم ہو جائے تو کیا ہو فرمایا ایک آیت باقی رکھو اللہ کی حمد و ثنا کرو، جب وہ پڑھ لے تو تم یہ آیت پڑھ کر رکوع میں چلے جاؤ۔ (موثق)

۲۔ میں نے پوچھا اس نماز کے متعلق جو مخالفین کے پیچھے پڑھی جائے۔ فرمایا وہ لوگ میرے نزدیک بمنزلہ دیواروں کے ہیں۔ (صحیح)

۳۔ راوی نے کہا اگر میں ایسے شخص کے پیچھے پڑھوں جس سے اقتدا نہیں تو جب میری قرأت ختم ہو جائے تو کیا کروں فرمایا اس کے فارغ ہونے تک سبحان اللہ کہو۔ (مرسل)

۴۔ فرمایا جب تم ایسے پیش نماز کے پیچھے نماز پڑھو جس کی اقتدا نہ ہو تو اس کی قرأت سنو یا نہ سنو، خود قرأت کرو۔ (حسن)

۵۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا آپؑ کے موالی میں اختلاف پیدا ہو گیا ہے تو کیا ان سب کے پیچھے نماز پڑھوں فرمایا۔ صرف ان کے پیچھے جن کے دین پر تم کو اعتماد ہو، میرے کچھ پیرو ہیں میں نے کہا۔ اصحاب، قبل اس کے کہ ان کا ذکر تمام ہونے کے۔ فرمایا کیا علی بن حدید نے تم سے ایسا نہیں کہا اور اسی کا تم کو علی بن حدید نے حکم دیا ہے۔ اس نے کہا ہاں۔ (حسن)

۶۔ میں نے امام باقر علیہ السلام سے کہا کہ لوگ امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے چار رکعت نماز بعد جمعہ پڑھیں اور ان کے درمیان سلام پڑھ کر انھیں جدا نہ کیا۔ فرمایا اے زرارہ (تقیۃً) حضرتؑ نے فاسق کے پیچھے نماز جمعہ پڑھی، جب وہ سلام پڑھ کر ہٹ گیا تو آپؑ نے چار رکعت ظہر کی اور ان کے درمیان سلام کا فاصلہ نہ دیا۔ ایک شخص نے کہا کیا آپؑ بھی چار رکعت ایسے ہی پڑھتے ہیں۔ آپؑ نے فرمایا وہ چار رکعت مشتبہات ہیں یہ ایسا جواب تھا کہ محقق تو سمجھ سکتے تھے معترض نہ سمجھ پایا (چونکہ مخالفوں کی وجہ سے زیادہ تصریح کا موقع نہ تھا لہٰذا گول مول جواب دے کر آپؑ خاموش ہو گئے) (حسن)

۷۔ میں نے یہ واقعہ امام محمد باقر علیہ السلام سے بیان کیا اور کہا۔ ہم مخالفوں کے ساتھ نماز جمعہ پڑھتے ہیں اور وہ وقت پر نماز پڑھتے ہیں لوگوں نے کہا ان کے ساتھ پڑھ لو، حمران زرارہ کے پاس آئے اور کہا کہ ہمیں ان کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے زرارہ نے کہا میں آپ پر فدا ہوں یہ بات بغیر تاویل کے نہیں ہو سکتی۔ حمران نے کہا۔ اٹھو اور ان سے جا کر سن لو ہم ان کے پاس گئے زرارہ نے کہا میں آپ پر فدا ہوں حمران کا خیال یہ ہے کہ آپ نے ان لوگوں کے ساتھ ہم کو نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ میں نے انکار کیا۔ فرمایا علی بن الحسین علیہ السلام ان کے ساتھ دو رکعت نماز جمعہ پڑھتے تھے اور جب وہ ختم کر دیتے تو اسی سلسلے کی دو رکعت اور پڑھتے تاکہ نماز ظہر پوری ہو جائے۔ (ضعیف)

توضیح:۔ خلفائے جور کے زمانے میں ہمارے آئمہ کو بڑی مشکلات کا سامنا تھا اگر ان کے پیچھے نہ پڑھتے بالخصوص نماز جمعہ تو گردن زدنی قرار پاتے۔ لہٰذا تقیہ پڑھتے تھے چونکہ امام منصوص من اللہ سے آگے کھڑے ہونے والے کی نماز باطل ہو جاتی ہے لہٰذا امام کا موقف درست تھا ان کے پیچھے کھڑا ہونا ایسا تھا جیسے کسی ستون کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھنا، نماز جمعہ میں یہ صورت ہوتی تھی کہ ہمارے آئمہ ظہر کی نیت کرتے تھے اور جب وہ نماز ختم کر دیتا تھا تو بغیر سلام پڑھے کھڑے ہو جاتے اور تیسری رکعت شروع کر دیتے یوں چار رکعت پڑھتے۔

﴿باب ٥٠﴾

✡(من تكره الصلاة خلفه والعبد يؤمّ القوم ومن أحق أن يؤمّ)✡

١ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فَضالة بن أيّوب ، عن الحسين بن عثمان ، عن ابن مسكان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : خمسة لا يؤمّون النّاس على كلّ حال : المجذوم والأبرص والمجنون وولد الزّنا والأعرابي .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النّوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال أمير المؤمنين صلوات الله عليه : لا يؤمّ المقيّد المطلقين ولا يؤمّ صاحب الفالج الأصحّاء ولا صاحب التيمّم المتوضّين ولا يؤمّ الأعمى في الصحراء إلّا أن يوجّه إلى القبلة .

٣ ـ و بهذا الإسناد في رجلين اختلفا فقال أحدهما : كنت إمامك وقال الآخر : أنا كنت إمامك فقال : صلاتهما تامّة ، قلت : فإن قال كلّ واحد منهما : كنت أئتمّ بك ؟ قال : صلاتهما فاسدة وليستأنفا .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قلت له : الصلاة خلف العبد ؟ فقال : لا بأس به إذا كان فقيهاً ولم يكن هناك أفقه منه ، قال : قلت أُصلّي خلف الأعمى ؟ قال : نعم إذا كان له من يسدّده و كان أفضلهم ، قال : و قال أمير المؤمنين عليه السلام : لا يصلّينّ أحدكم خلف المجذوم و الأبرص و المجنون والمحدود وولد الزّنا والأعرابي لا يؤمّ المهاجرين .

٥ ـ عليّ بن محمّد وغيره ، عن سهل بن زياد ، عن ابن محبوب ، عن ابن رئاب ، عن أبي عبيدة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن القوم من أصحابنا يجتمعون فتحضر الصلاة فيقول بعضهم لبعض : تقدّم يا فلان فقال : إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله قال : يتقدّم القوم أقرأهم للقرآن فإن كانوا في القراءة سواء فأقدمهم هجرة فإن كانوا في الهجرة سواء فأكبرهم سنّاً فإن كانوا في السنّ سواء فليؤمّهم أعلمهم بالسنّة وأفقههم في الدّين ولا يتقدّمنّ أحدكم الرّجل في منزله ولا صاحب [ال]سلطان في سلطانه .

٦ - عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن غياث بن إبراهيمَ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : لا بأس بالغلام الّذي لم يبلغ الحلم أن يؤمّ القوم و أن يؤذّن .

باب ۵۰

کس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ ہے کیا غلام پیش نماز ہو سکتا ہے حقدار کون ہے

۱۔ فرمایا پانچ شخص کسی حال میں بھی لوگوں کے پیش نماز نہیں ہو سکتے، مجذوم، مبروص، مجنون، ولد الزنا اور صحرائی عرب (جو عموماً مسائل سے کم واقف ہوتے ہیں م)

۲۔ حضرت نے فرمایا کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا۔ قیدی امامت نہیں کرے گا آزادوں اور نہ مفلوج تندرستوں کی اور نہ تیمم والا وضو والوں کی اور نہ اندھا جنگل میں، مگر اس وقت جب اسے روبقبلہ کر دیا جائے۔ (ض)

۳۔ دو شخصوں میں اختلاف ہوا ایک کہتا تھا میں تیرا امام تھا دوسرا کہتا میں تیرا امام تھا۔ فرمایا دونوں کی نماز درست ہے میں نے کہا اگر دونوں میں سے ہر ایک کہے کہ میں تیری نماز پوری کرائی۔ فرمایا دونوں کی نماز فاسد ہوگی ہر ایک کو اعادہ کرنا چاہیئے۔

۴۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا۔ غلام کے پیچھے فرمایا کوئی حرج نہیں اگر وہ فقیہہ ہو اور اس سے زیادہ فقیہہ کوئی نہ ہو۔ میں نے پوچھا ذرا اندھے کے پیچھے۔ فرمایا ہاں جب کوئی ایسا ہو تو اسے روبقبلہ کرے اور وہ اندھا ان میں افضل ہو اور امیر المومنینؑ نے فرمایا تم میں سے کوئی نماز نہ پڑھے مجذوم و مبروص و مجنوں، چیچک زدہ و لدالزنا کے پیچھے اور بدو عرب امامت نہ کرے مہاجرین کی۔

۵۔ میں نے حضرت صادق علیہ السلام سے پوچھا اگر ہمارے اصحاب جمع ہوں اور وقت نماز آجائے اور ایک دوسرے سے نماز پڑھانے کو کہے حضرتؑ نے فرمایا کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے آگے اسے جو اچھا قاری قرآن ہو اور اگر قرأت میں برابر ہوں تو امام مہاجر بنے اور ہجرت میں برابر ہوں تو جو سن میں زیادہ ہو اور اگر اس میں بھی برابر ہوں تو زیادہ عالم ہو اور زیادہ فقیہہ ہو منزلت اور غلبہ کے اعتبار سے جو زیادہ ہو اسے نہ بڑھاؤ۔ (ض)

۶۔ فرمایا نابالغ کے امام بنانے اور اذان دینے میں کوئی حرج نہیں۔ (حسن)

﴿باب ۵۱﴾

☼(الرجل يؤمّ النساء والمرأة تؤمّ النساء)☼

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن أبي العباس قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يؤمّ المرأة في بيته فقال : نعم تقوم وراءه .

٢ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فَضالة ، عن ابن سنان ، عن سليمان بن خالد قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن المرأة تؤمّ النساء ، فقال : إذا كنّ جميعاً أمّتهنّ في النافلة فأمّا المكتوبة فلاولا تقدّمهنّ ولكن تقوم وسطاً منهنّ .

٣ ـ أحمد ، عن الحسين ، عن فَضالة ، عن حمّاد بن عثمان ، عن إبراهيم بن ميمون عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يؤمّ النساء ليس معهنّ رجل في الفريضة قال : نعم وإن كان معه صبيّ فليقم إلى جانبه

باب ۵۱

مرد عورتوں کی امامت کرسکتا ہے عورت عورتوں کی

۱۔ میں نے پوچھا کیا مرد عورت کی امامت کرسکتا ہے اپنے گھر کے اندر۔ فرمایا ہاں عورت پیچھے کھڑی ہو۔ (ض)

۲۔ میں نے پوچھا عورت امامت کرسکتی ہے فرمایا اگر وہ سب عورتیں ہی ہوں تو نافلہ میں امامت کرسکتی ہے واجب میں نہیں۔ ان کے بیچ میں کھڑی ہو آگے نہیں۔ (ض)

۳۔ فرمایا نماز فریضہ میں مرد عورتوں کی امامت کرسکتا ہے اور اگر ان کے ساتھ کوئی لڑکا ہو تو وہ امام کے برابر کھڑا ہو۔ (مجہول)

﴿باب ۵۲﴾

☼(الصلاة خلف من يقتدى به والقراءة خلفه وضمانه الصلاة)☼

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان

جميعاً ، عن صفوان بن يحيى ، عن عبدالرحمن بن الحجّاج قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الصلاة خلف الإمام أقرأ خلفه ؟ فقال : أمّا الصلاة الّتي لايجهر فيها بالقراءة فإنّ ذلك جعل إليه فلا تقرأ خلفه وأمّا الصلاة الّتي يجهر فيها فإنّما اُمر بالجهر لينصت من خلفه فإن سمعت فأنصت وإن لم تسمع فاقرأ .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا صلّيت خلف إمام تأتمُّ به فلا تقرأ خلفه سمعت قراءته أولم تسمع إلّا أن تكون صلاة يجهر فيها ولم تسمع فاقرأ .

٣ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أحدهما عليهما السلام قال : إذا كنت خلف إمام تأتمُّ به فأنصت و سبّح في نفسك .

٤ ـ وعنه ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن قتيبة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كنت خلف إمام ترتضي به في صلاة يجهر فيها بالقراءة فلم تسمع قراءته فاقرأ أنت لنفسك وإن كنت تسمع الهمهمة فلا تقرأ .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن حديد ، عن جميل ، عن زرارة قال : سألت أحدهما عليهما السلام عن الإمام يضمّن صلاة القوم ، قال : لا .

٦ ـ محمّدٌ ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة ؛ ومحمّد ابن مسلم قالا : قال أبوجعفر عليه السلام : كان أمير المؤمنين صلوات الله عليه يقول : من قرأ خلف إمام يأتمُّ به فمات بعث على غير الفطرة .

باب ۵۲

احکامِ جماعت

۱۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے پوچھا جو نماز امام کے ساتھ ہو اس میں قرأت کی جائے یا نہیں۔ فرمایا جس نماز میں جہر (با آوازِ بلند پڑھنا) اس میں امام کے پیچھے قرأت کرو اور جن میں جہر ہے اگر قرأت امام سن رہے ہو تو خاموش رہو

اگر نہیں سنتے تو قرأت کرو۔ (ص)

۲۔ فرمایا جب تم اس امام کے پیچھے پڑھو جس کی اقتدا ہے تو اس کے پیچھے قرأت نہ کرو چاہے اس کی قرات سنو یا نہ سنو لیکن اگر وہ نماز جہر ہے اور تم قرأت نہیں سنتے تو قرأت کرو۔ (حسن)

۳۔ فرمایا دونوں میں سے کسی امام نے فرمایا جب تم کسی امام کے پیچھے ہو اور اس کی اقتدا ہے تو چپ رہو اور دل ہی میں تسبیح کرو۔ (حسن)

۴۔ فرمایا جب امام کے پیچھے نماز جہریہ پڑھ رہے ہو اور امام کی قرأت نہ سن سکتے ہو تو خود قرأت کرو دل ہی دل میں اور اگر ہمہمہ بھی سنتے ہو تو قرأت نہ کرنا۔ (حسن)

۵۔ دونوں اماموں میں سے کسی سے پوچھا اس امام کے متعلق جو صرف قرأت کا ضامن ہو اور دوسرے افعال بجا نہ لائے فرمایا یہ درست نہیں (ض) ۶۔ فرمایا وہ ایسے امام کے پیچھے جس کی وہ اقتدا کرتا ہے قرأت کرے گا تو قیامت میں غیر فطری طور پر مبعوث ہوگا (م)

﴿ باب ۵۳ ﴾

☆(الرجل يصلي بالقوم وهو على غير طهر أو لغير القبلة)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم بن هاشم ، عن أبيه ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرجل أمّ قوماً وهو على غير طهر فأعلمهم بعد ما صلّوا ، فقال : يعيد هو ولا يعيدون .

٢ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيِّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الأعمى يؤمُّ القوم و هو على غير القبلة قال : يعيد ولا يعيدون فإنّهم قد تحرّوا .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن حديد ، عن جميل ، عن زرارة قال : سألت أحدهما عليهما السلام عن رجل صلّى بقوم ركعتين فأخبرهم أنّه لم يكن على وضوء ؟ قال : يتمُّ القوم صلاتهم فإنّه ليس على الإمام ضمان .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قوم خرجوا من خراسان أو بعض الجبال و كان يؤمّهم رجلٌ فلمّا صاروا إلى الكوفة علموا أنّه يهوديٌّ ؟ قال : لا يعيدون .

باب ۵۳

پیش نماز کا طاہر یا رُو بقبلہ نہ ہونا

۱۔ حضرت سے پوچھا گیا جو ناپاکی کی حالت میں امامت کرے اور بعد نماز ان کو بتلائے فرمایا امام اعادۂ نماز کرے ماموم نہیں (حسن)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے اس نابینا کے متعلق جو قبلہ رُخ نہ ہو کر لوگوں کی امامت کرے۔ فرمایا وہ نماز کا اعادہ کرے ماموم نہیں۔ (حسن)

۳۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جس نے دو رکعت لوگوں کے ساتھ پڑھیں اس کے بعد ان کو بتایا کہ وہ باوضو نہ تھا فرمایا لوگوں کو چاہیئے کہ اپنی نمازیں بغیر امام کے تمام کریں کیونکہ اب امام کی ذمہ داری نہیں۔

۴۔ امام سے پوچھا گیا ان لوگوں کے متعلق جو خراسان یا کوہستانی علاقہ سے آئے ہوں اور ان کی امامت ایک ایسا شخص کرے جس کے متعلق کوفہ جا کر معلوم ہوا کہ وہ یہودی تھا۔ فرمایا وہ اعادہ نماز کریں گے (حسن)

❊(باب ۵۴)❊

☼(الرجل يصلي وحده ثم يعيد في الجماعة أو يصلي بقوم)☼
☼(وقد كان صلى قبل ذلك)☼

١ ـ محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان؛ وعليُّ بن إبراهيم، عن أبيه جميعاً، عن ابن أبي عمير، عن حفص بن البختريّ، عن أبي عبدالله عليه‌السلام في الرَّجل يصلّي الصلاة وحده ثمَّ يجد جماعة قال: يصلّي معهم و يجعلها الفريضة.

٢ ـ عليُّ بن محمّد، عن سهل بن زياد، عن محمّد بن الوليد، عن يونس بن يعقوب، عن أبي بصير قال: قلت لأبي عبدالله عليه‌السلام: أُصلّي ثمَّ أدخل المسجد فتقام الصلاة وقد صلّيت؟ فقال: صلِّ معهم يختار الله أحبّهما إليه.

٣ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن أبي عمير، عن هشام بن سالم، عن سليمان بن خالد قال: سألت أباعبدالله عليه‌السلام عن رجل دخل المسجد و افتتح الصلاة فبينا هو قائم يصلّي إذا أذَّن المؤذِّن و أقام الصلاة، قال: فليصلِّ ركعتين ثمَّ ليستأنف الصلاة مع الإمام ولتكن الرَّكعتان تطوُّعاً.

٤ ـ جماعة ، عن أحمدبن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن يعقوب بن يقطين قال : قلت لأبي الحسن عليه السلام : جعلت فداك تحضر صلاة الظهر فلا تقدر أن تنزل في الوقت حتّى ينزلوا وتنزل معهم فنصلّي ثمّ يقومون فيسرعون فنقوم فنصلّي العصر ونريهم كأنّا نركع ثمّ ينزلون للعصر فيقدمونّا فنصلّي بهم ؟ فقال : صلّ بهم ، لاصلّى الله عليهم .

٥ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن محمّدبن إسماعيل قال : كتبت إلى أبي الحسن عليه السلام أنّي أحضر المساجد مع جيرتي وغيرهم فيأمرونّي بالصلاة بهم وقد صلّيت قبل أن آتيهم وربّما صلّى خلفي من يقتدي بصلاتي والمستضعف والجاهل وأكره أن أتقدّم وقد صلّيت بحال من يعلّي بصلاتي ممّن سمّيت لك ، فمرني في ذلك بأمرك أنتهي إليه وأعمل به إن شاءالله فكتب عليه السلام صلّ بهم .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من صلّى معهم في الصفّ الأوّل كان كمن صلّى خلف رسول الله صلّى الله عليه وآله .

٧ ـ محمّدبن يحيى ، عن أحمدبن محمّد ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة قال : سألته عن رجل كان يصلّي فخرج الإمام وقد صلّى الرّجل ركعة من صلاة فريضة فقال : إن كان إماماً عدلاً فليصلّ اُخرى وينصرف ويجعلهما تطوّعاً وليدخل مع الإمام في صلاته كما هو وإن لم يكن إمام عدل فليبن على صلاته كما هو و يصلّي ركعة اُخرى معه يجلس قدرمايقول : أشهدأن لاإله إلّاالله وحده لاشريك له وأشهد أنّ محمّداً عبده ورسوله صلّى الله عليه وآله ، ثمّ ليتمّ صلاته معه على ما استطاع فإنّ التقيّة واسعة وليس شيء من التقيّة إلّا وصاحبها مأجور عليها إن شاء الله .

٨ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن الهيثم بن واقد ، عن الحسين بن عبدالله الأرجانيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من صلّى في منزله ثمّ أتى مسجداً من مساجدهم فصلّى معهم خرج بحسناتهم .

باب ۵۴

ایک شخص تنہا پڑھتا ہے پھر شریک جماعت ہوتا ہے

۱۔ فرمایا ایک شخص کے بارے میں جو تنہا نماز پڑھ چکا ہو۔ پھر جماعت ہونے لگے تو لوگوں کے ساتھ نماز فریضہ پڑھے یعنی کوئی قضا نماز۔ (حسن)

۲۔ میں نے کہا میں نماز پڑھ لیتا ہوں پھر مسجد میں آتا ہوں وہاں اقامت ہوئی درآنحالیکہ میں نماز پڑھ چکا ہوں فرمایا ان کے ساتھ نماز فریضہ پڑھ لو دونوں میں جو خدا کو زیادہ محبوب ہوگی اسے انتخاب کرے گا۔ (ض)

۳۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو نماز شروع کرے۔ بس جب کھڑا نماز پڑھ رہا ہو، موذن اذان دے اور اقامت کہے تو کیا ہو۔ فرمایا وہ دو رکعت پڑھ کر جماعت میں شریک ہو جائے یہ دو رکعتیں شمار ہوں گی۔ (م)

۴۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے پوچھا میں آپ پر فدا ہوں جب نماز ظہر کا وقت آتا ہے تو ہم اس پر قادر نہیں ہوتے کہ فی الوقت نماز پڑھیں یہاں تک کہ وہ لوگ مسجد میں آجاتے ہیں اور ہم ان کے ساتھ آتے ہیں نماز پڑھتے ہیں پھر وہ چلے جاتے ہیں اور جلدی سے آجاتے ہیں ہم کھڑے ہوتے ہیں اور عصر کی نماز پڑھتے ہیں اور ان پر ظاہر کرتے ہیں کہ گویا ہم نافلہ پڑھ رہے ہیں پھر وہ نماز عصر پڑھنے لگتے ہیں اور ہمیں نماز میں شامل کرتے ہیں اور ہم مجبوراً ان کے ساتھ پڑھتے ہیں فرمایا پڑھ لیا کرو، خدا ان پر رحمت نازل نہ کرے۔ (م)

۵۔ میں نے امام رضا علیہ السلام کو لکھا میں مساجد میں جاتا ہوں تو میرے پڑوسی میرے ساتھ ہوتے ہیں وہ مجھ سے نماز پڑھنے کے لئے کہتے ہیں اور میں ان کے آنے سے پہلے نماز پڑھ چکتا ہوں اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ضعیف الایمان اور جاہل لوگ میری اقتدا میں نماز پڑھنے لگتے ہیں میں ان کا امام بننا برا جانتا ہوں میں ان کے ساتھ نماز پڑھتا ہوں جو میری سی نماز پڑھتے ہیں۔ اب فرمایئے میرے متعلق کیا حکم ہے تاکہ میں اس پر عمل کروں۔ حضرت نے لکھا (ازروئے تقیہ ان کے ساتھ نماز پڑھ لو) (صحیح)

۶۔ فرمایا امام جعفر صادق علیہ السلام نے جو جماعت کی صف اول کے ساتھ نماز پڑھے ایسا ہے گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی۔ (حسن)

۷۔ میں نے اس شخص کے متعلق سوال کیا جو نماز پڑھ رہا ہو اور امام آجائے اور اس نے ابھی ایک رکعت نماز پڑھی ہے فرمایا اگر امام عادل ہے تو دوسری رکعت پڑھ کر ان کو نافلہ قرار دے اور امام کے ساتھ نماز میں شریک ہو جائے اور اگر امام عادل نہ ہو تو اپنی نماز جیسی پڑھ رہا تھا پڑھے اور دوسری رکعت کے بعد بیٹھ جائے جب تک وہ تشہد پڑھے۔ پھر اس کے ساتھ نماز کو قائم کرے جیسے ممکن ہو۔ بے شک تقیہ میں وسعت ہے اور تقیہ کی جو بھی صورت ہوگی اس کے کرنے والے کو

اس کا اجر ملے گا۔ (موثق)

۸۔ فرمایا حضرت صادق آل محمدؐ نے جو کوئی اپنے گھر میں نماز پڑھ لے اور پھر مخالفین کی کسی مسجد میں جائے تو ان کے ساتھ نماز پڑھ لے اور ان کے نوافل میں شریک نہ ہو۔ (مجہول)

باب ۵۵

(الرجل يدرك مع الامام بعض صلاته و يحدث الامام فيقدمه)

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يدرك الرّكعة الثانية من الصلاة مع الإمام وهي له الأولى كيف يصنع إذا جلس الإمام ؟ قال : يتجافى ولا يتمكّن من القعود فإذا كانت الثالثة للإمام وهي له الثانية فليلبث قليلاً إذا قام الإمام بقدر ما يتشهّد ثمّ يلحق بالإمام . قال : وسألته عن الّذي يدرك الرّكعتين الأخيرتين من الصلاة كيف يصنع بالقراءة ؟ فقال : اقرأ فيهما فإنّهما لك الأوليان ولا تجعل أوّل صلاتك آخرها .

٢ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل ابن درّاج ، عن محمّد بن مسلم قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : إذا لم تدرك تكبيرة الرُّكوع فلا تدخل في تلك الرّكعة .

٣ ـ عليُّ بن محمّد ، ومحمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن [محمّد بن] أبي نصر ، عن الميثميّ ، عن إسحاق بن يزيد قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : جعلت فداك يسبقني الإمام بالرّكعة فتكون لي واحدة وله ثنتان فأتشهّد كلّما قعدت ؟ فقال : نعم فإنّما التشهّد بركة .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن عبدالله بن محمّد بن عيسى ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبان بن عثمان ، عن عبدالرّحمن بن أبي عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا سبقك الإمام بركعة فأدركت القراءة الأخيرة قرأت في الثالثة من صلاته وهي ثنتان لك وإن لم تدرك معه إلّا ركعة واحدة قرأت فيها وفي الّتي تليها وإن سبقك بركعة جلست في الثانية لك والثالثة له حتّى تعتدل الصّفوف قياماً . قال : وقال : إذا وجدت الإمام ساجداً فاثبت

مكانك حتّى يرفع رأسه وإن كان قاعداً قعدت وإن كان قائماً قمت .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أدركت الإمام قد ركع فكبّرت و ركعت قبل أن يرفع رأسه فقد أدركت الركعة فإن رفع الإمام رأسه قبل أن تركع فقد فاتتك الرّكعة .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن النعمان ، عن ابن مسكان ، عن سليمان بن خالد قال : قال أبوعبدالله عليه السلام في الرّجل إذا أدرك الإمام و هو راكع فكبّر وهو مقيم صلبه ثمّ ركع قبل أن يرفع الإمام رأسه فقد أدرك .

٧ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يأتي المسجد وهم في الصّلاة وقد سبقه الإمام بركعة أو أكثر فيعتلّ الإمام فيأخذ بيده فيكون أدنى القوم إليه فيقدّمه فقال : يتمّ صلاة القوم ثمّ يجلس حتّى إذا فرغوا من التشهّد أومأ إليهم بيده عن اليمين والشمال فكان الّذي أومأ إليهم بيده التسليم وانقضاء صلاتهم وأتمّ هو ما كان فاته أوبقي عليه .

۲۔ فرمایا جب روز جمعہ امام خطبہ پڑھ رہا ہو تو کسی کو کلام نہیں کرنا چاہیئے اس کے بعد قیام نماز کے متعلق بات کرے۔ نماز میں قرأت امام سنے یا نہ سنے کافی ہے۔ (۳)

۳۔ پوچھا گیا رسولؐ اللہ کے خطبہ کے متعلق قبل نمازِ جمعہ پڑھتے تھے یا بعد میں فرمایا نماز سے پہلے خطبہ پڑھتے تھے پھر نماز۔ (موثق)

۴۔ میں نے پوچھا نماز جمعہ کے متعلق فرمایا امام کے ساتھ جو نماز پڑھی جائے وہ دو رکعت ہے اور تنہا پڑھی جائے (ظہر) وہ چار رکعت ہے جو ایک پڑھے یا ایک جماعت۔ (موثق)

۵۔ روز جمعہ تیسری اذان بدعت ہے۔ (موثق)

۶۔ فرمایا روز جمعہ کا خطبہ، پہلا خطبہ یہ ہے۔

ہم خدا کی حمد کرتے ہیں اور اسی سے مدد چاہتے ہیں اور استغفار کرتے ہیں اور اسی سے ہدایت چاہتے ہیں اور پناہ مانگتے ہیں اپنے نفسوں کی شرارتوں سے، اور جسے اللہ ہدایت کرے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے وہ گمراہی میں چھوڑے اسے کوئی ہدایت نہیں کر سکتا۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ وحدہٗ لاشریک ہے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے عبد اور رسولؐ ہیں اللہ نے اپنی ولایت کے لئے ان کا انتخاب کیا اور اپنی رسالت کے لئے مخصوص کیا اور اپنی نبوت دے کر صاحبِ کرامت بنایا اور اپنے غیب کا امین اور مومنوں کے لئے رحمت بنایا۔ اللہ کے بندو میں تمھیں اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں اور اس کے عذاب سے ڈراتا ہوں، اللہ نجات دیتا ہے اس کو جو اس پر اعتماد کرے اپنی کامیابیوں پر، اور ایسے لوگوں کو برائی چھوتی تک نہیں اور نہ وہ رنجیدہ ہوتے ہیں جو اللہ سے ڈرا اس نے عزت پائی، خدا ان کو بچاتا ہے ان چیزوں سے جن سے وہ ڈرتے ہیں اور تازگی اور خوشی ان سے ملتی ہے اور میں رغبت دلاتا ہوں اللہ کی کرامت دائمہ کی طرف اور اس کے اس عذاب سے ڈراتا ہوں جس کا انقطاع نہیں اور مستحق عذاب ہو اس کے لئے نجات نہیں دیتا ہے۔ دھوکہ نہ کھاؤ اس پر بھروسہ نہ کرو، وہ غرور کا گھر ہے اس کے باشندے فانی ہیں پس تقوے کا زادِ راہ اپنے لئے مہیا کرو، اعمال صالحہ بجا لاؤ خدا تک صرف عمل خالص پہنچتا ہے۔ اللہ نے ان منازل کی خبر دی ہے۔ جو ایمان لائے اور جنھوں نے اعمال صالحہ کئے اور اس نے کافروں اور غیر صالح عمل کرنے والوں کو بھی بتایا ہے اور فرمایا ہے اس روز سب جمع کئے جائیں گے بہت تھوڑی سی مہلت دی جائے گی۔ اس دن کوئی نفس بغیر حکم خدا نام نہ کر سکے گا ان میں کچھ شقی ہوں گے کچھ سعید ہوں گے جو شقی ہوں گے وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے اور ان کی چیخ و پکار ہوگی اور اس آگ میں رہیں گے جب تک آسمان و زمین ہیں مگر ہاں خدا چاہے تو اس عذاب سے بچا لے۔ بے شک تیرا رب جو ارادہ کرتا ہے اسے پورا کرتا ہے اور جو لوگ نکوکار ہوں گے وہ جنت میں رہیں گے جب تک آسمان و زمین ہیں مگر تیرا رب جو چاہے کرے تمہارے رب کی عطا غیر محدود ہے ہم سوال کرتے ہیں اس ذات سے جس نے ہم کو جمع کیا کہ وہ اس دن میں ہمیں برکت دے اور سب پر رحم کرے بے شک وہ ہر شے پر قادر ہے بے شک کتابِ خدا سب سے زیادہ سچا کلام ہے۔ اور سب سے زیادہ بہتر قصے اس کے اندر ہیں خدا فرماتا ہے جب قرآن پڑھا جائے تو کان لگا کر سنو ممکن ہے اللہ تم پر رحم

کرے۔ سنو اللہ کی اطاعت کے لئے اور کان لگاؤ اس کی رحمت چاہنے کے لئے۔

پھر قرآن کا کوئی سورہ پڑھے اور اپنے رب سے دعا مانگے اور نبی پر درود بھیجے اور مومنین و مومنات کے لئے دعا مانگے پھر تھوڑی دیر بیٹھے پھر کھڑے ہو کر پڑھے۔

خطبہ ثانیہ

حمد اللہ ہی کے لئے ہے ہم اسی کی حمد کرتے ہیں اسی سے مدد چاہتے ہیں اسی سے طالب مغفرت ہیں اسی سے ہدایت کے خواستگار ہیں ہم اسی پر ایمان لائے ہیں ہم اسی پر اعتماد رکھتے ہیں اور اپنے نفسوں کی شرارت اور اپنے اعمال بد کی بنا پر اس سے پناہ مانگتے ہیں جسے خدا ہدایت کرے، اسے گمراہ کرنے والا کون اور جسے گمراہی میں چھوڑے اس کا ہدایت کرنے والا کون اور میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے وحدہٗ لاشریک کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد اللہ کے رسول ہیں ان کو اللہ نے ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ اس دین کو تمام ادیان پہ غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو بُرا معلوم ہو اور اللہ نے آنحضرتؐ کو تمام عالموں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا اور بشیر و نذیر بنایا اور اللہ کے حکم سے اللہ کی طرف لوگوں کو بلانے والا بنایا اور سراج منیر بنایا۔ جس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی ہدایت پائی اور جس نے نافرمانی کی وہ گمراہ ہوا۔

اے بندگان خدا میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں اس کی اطاعت میں نفع ہے اور معصیت میں نقصان، اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور وہی تمہارا حساب لینے والا ہے اللہ کی وصیت تمہارے لئے پرہیزگاری اختیار کرنا ہے جو لوگ تم سے پہلے تھے یہی وصیت ان کے لئے بھی تھی کہ تقویٰ اختیار کرو اور اگر کفران نعمت کروگے تو اللہ کو کیا پروا۔ آسمان و زمین جو کچھ ہے وہ سب اللہ ہی کا ہے اور اللہ غنی اور حمید ہے لوگو اللہ کے موعظہ سے نفع حاصل کرو اور اس کی کتاب کو لپٹے رہو کیونکہ وہ بہترین موعظہ اور خیر الامور اور قیامت کے لئے عافیت ہے اور خدا نے اس سے حجت قائم کی ہے پس جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہو اور جو زندہ ہے وہ دلیل سے زندہ رہے اور رسولؐ اللہ نے احکام الٰہی ہم تک پہنچا دیئے جو ان پر نازل ہوئے تھے لہذا ان کی وصیت کو لازم جانو اور وہ [illegible] اپنے بعد بصورت ثقلین چھوڑا ہے اور وہ اللہ کی کتاب اور ان کے اہل بیت ہیں جنھوں نے ان سے تمسک رکھا وہ گمراہ نہ ہوئے اور جنھوں نے چھوڑ دیا وہ ہدایت سے دور رہے۔

یا اللہ درود بھیج محمدؐ پر جو تیرے بندے، تیرے رسولؐ اور رسولوں کے سردار اور متقیوں کے امام اور رب العالمین خدا کے رسولؐ ہیں پھر کہو

یا اللہ درود بھیج امیر المومنین وصی رسولؐ پر پھر تمام آئمہ کے نام لینے چاہئیں اور صاحب الامر تک پہنچے پھر کہے یا اللہ حضرتؑ کو سہولت والی فتح دے اور ان کی پوری پوری مدد کر یا اللہ ان کی وجہ سے اپنے دین کو قوت دے اور اپنے نبی کی

کی سنت کو بھی۔ یہاں تک کہ کسی کے خوف سے کوئی بات چھپی نہ رہے دنیا والوں پر، یا اللہ ہم راغب ہیں تیری طرف اس دولت کریمہ کی بنا پر جس سے اسلام اور اس کے اہل کی عزت ہوئی اور نفاق اور اس کے اہل کی ذلت ہوئی جو اس زمانہ میں اپنی اطاعت کی طرف بلانے والے بنائے گا جو رہنما ہوں گے تیرے راستے کے اور اس کی وجہ سے ہم دنیا و آخرت میں بزرگی عطا فرمانا، خداوندا امر حق سے جو تو نے ہم کو دیا اس کی معرفت ہم نے حاصل کی اور جو ہم نے کوتاہی کی اس کو ہم نے جانا، پھر اپنے دشمنوں کے لئے بددعا کرے اور اپنے لئے خدا سے تمام حاجتوں کو طلب کرے۔ جب فارغ ہو تو کہے۔ بے شک اللہ عدل و احسان کا رشتہ داروں کو دینے اور بدکاری و سرکشی سے بچنے کا حکم دیتا ہے اور تم کو نصیحت کرتا ہے تاکہ تم اس کو یاد کرنے والے بن جاؤ۔ پھر کہے ہم کو ان لوگوں میں سے قرار دے جو نصیحت کو یاد رکھتے ہیں اور وہ یاد رکھنا ان کو فائدہ دیتا ہے پھر منبر سے اتر آئے۔ (ص)

۷۔ میں نے جمعہ کی نماز کے متعلق پوچھا۔ فرمایا وہ اذان و اقامت کے ساتھ ہے اذان کے بعد امام منبر پر جائے اور خطبہ پڑھے۔ جب تک امام منبر پر رہے مسجد میں کوئی نماز نہ پڑھے۔ پہلے خطبہ کے بعد امام منبر پر بیٹھے۔ بقدر سورۂ قل ہو اللہ احد پڑھے۔ پھر کھڑا ہو اور خطبۂ ثانیہ پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ جمعہ پڑھے اور دوسری میں سورۂ منافقون۔ (حسن)

۸۔ فرمایا اس آیت کے متعلق کہ ہر نماز کے وقت زینت کرو، مراد عیدین اور جمعہ کی نماز ہے۔ (م)

۹۔ فرمایا ہر واعظ قبلہ ہے یعنی جب امام روز جمعہ خطبہ پڑھے تو لوگوں کو چاہیئے کہ اس کی طرف رخ کریں۔ (م)

«باب»

☆(القراءة يوم الجمعة و ليلتها في الصلوات)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور بن حازم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ليس في القراءة شيء موقّت إلّا الجمعة تقرء بالجمعة والمنافقين .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ؛ و محمّد بن الحسين ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة ، عن أبي بصير قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : اقرء في ليلة الجمعة بالجمعة وسبّح اسم ربّك الأعلى وفي الفجر بسورة الجمعة وقل هوالله أحد وفي الجمعة بالجمعة والمنافقين .

٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فَضالة بن أيّوب ، عن الحسين بن أبي حمزة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : بما أقرء في صلاة الفجر

في يوم الجمعة ؟ فقال : اقرء في الأُولى بسورة الجمعة وفي الثّانية بقل هو الله أحد ثمّ اقنت حتّى تكونا سواء .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن جميل ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إنّ الله أكرم بالجمعة المؤمنين فسنّها رسول الله صلى الله عليه وآله بشارة لهم والمنافقين توبيخاً للمنافقين ولا ينبغي تركها فمن تركها متعمّداً فلاصلاة له .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن القراءة في الجمعة إذا صلّيت وحدي أربعاً أجهر بالقراءة ؟ فقال : نعم وقال : اقرء بسورة الجمعة والمنافقين في يوم الجمعة .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم ، عن أحدهما عليهما السلام في الرّجل يريد أن يقرء بسورة الجمعة في الجمعة فيقرأ قل هو الله أحد قال : يرجع إلى سورة الجمعة .

وروي أيضاً يتمّها ركعتين ثمّ يستأنف .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن معاوية بن عمّار ، عن عمر ابن يزيد قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : من صلّى الجمعة بغير الجمعة والمنافقين أعاد الصلاة في سفر أو حضر . وروي لا بأس في السفر أن يقرء بقل هو الله أحد .

باب

نماز جمعہ میں سورتوں کا تعیّن

۱۔ فرمایا سوائے نماز جمعہ میں اور کسی نماز میں سورہ کا تعین نہیں، پہلی رکعت میں سورہ جمعہ پڑھے اور دوسری میں منافقون۔ (م)

۲۔ فرمایا شب جمعہ نماز میں سورہ جمعہ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ اور فجر کی نماز میں سورۂ جمعہ اور قل ہو اللہ پڑھے اور جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور منافقون پڑھے۔ (موثق)

۳۔ میں نے کہا روز جمعہ صبح کی نماز میں کیا پڑھا جائے۔ فرمایا رکعت اول میں سورہ جمعہ اور رکعت ثانی میں قل ہو اللہ احد اور پھر قنوت تاکہ دونوں رکعتوں میں قرأت برابر ہو جائے۔ (۴)

۴۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے اللہ نے مومنین کو روز جمعہ صاحب کرامت بنایا ہے اور رسولُ اللہ نے اسے اپنی سنت قرار دیا ہے اور مومنین کے لئے بشارت ہے اور منافقین کے لئے توبیخ۔ پس اسے ترک نہ کرنا چاہیئے اور جو عمداً ترک کرے گا اس کی نماز نہ ہوگی۔ (حسن)

۵۔ میں نے پوچھا اگر میں روز جمعہ چار رکعت نماز تنہا پڑھوں تو کیا جہر سے پڑھوں۔ فرمایا ہاں اور فرمایا جمعہ کی نماز میں سورۂ جمعہ اور منافقون پڑھو۔ (حسن)

۶۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو پڑھنا چاہتا تھا سورۂ جمعہ اور پڑھنے لگا قل ہو اللہ۔ فرمایا وہ سورۂ جمعہ پڑھے۔ (۴)

۷۔ فرمایا جو کوئی نماز جمعہ بغیر سورۂ جمعہ اور منافقون کے پڑھے تو وہ نماز کا اعادہ کرے سفر میں ہو یا حضر میں اور ایک روایت میں ہے کہ بحالتِ سفر اگر دوسری رکعت میں قل ہو اللہ احد پڑھ لے تو حرج نہیں۔ (حسن)

﴿باب﴾

☆(القنوت فى صلاة الجمعة و الدعاء فيه)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن بعض أصحابنا ، عن سماعة ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : القنوت ـ قنوت يوم الجمعة ـ في الرَّكعة الأولى بعد القراءة تقول في القنوت : لا إله إلّا الله الحليم الكريم ، لا إله إلّا الله العليُّ العظيم ، لا إله إلّا الله ربُّ السماوات السبع و[ربُّ] الأرضين السبع وما فيهنَّ وما بينهنَّ وربُّ العرش العظيم والحمد لله ربِّ العالمين ، اللّهمَّ صلِّ على محمّد كما هديتنا به ، اللّهمَّ صلِّ على محمّد كما أكرمتنا به ، اللّهمَّ اجعلنا ممّن اخترته لدينك و خلقته لجنّتك ، اللّهمَّ لا تزغ قلوبنا بعد إذ هديتنا وهب لنا من لدنك رحمة إنّك أنت الوهّاب .

٢ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليِّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن معاوية بن عمّار قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول في قنوت الجمعة إذا كان إماماً قنت في الرَّكعة الأولى وإن كان يصلّي أربعاً ففي الرَّكعة الثانية قبل الرُّكوع .

٣ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن أبان ، عن إسماعيل الجعفيّ ، عن عمر بن حنظلة قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : القنوت يوم الجمعة ؟ فقال : أنت رسولي إليهم في هذا إذا صلّيتم في جماعة ففي الرَّكعة الأولى و إذا صلّيتم وحداناً ففي الرَّكعة الثانية [قبل الرُّكوع] .

باب ۷۱

نماز جمعہ میں قنوت

۱۔ فرمایا نماز جمعہ کا قنوت پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ کی قرأت کے بعد پڑھے اور یہ کہے۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ علی و عظیم ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ حلیم و کریم ہے اللہ سات آسمانوں اور سات زمینوں کا پالنے والا ہے اور ہر وہ چیز جو ان میں اور ان کے درمیان ہے ان کا بھی اور وہ عرش عظیم کا پالنے والا ہے اور حمد ہے رب العالمین کے لئے، یا اللہ رحمت نازل کر محمدؐ پر جن کے ساتھ تو نے ہدایت کی ہے اور درود بھیج محمدؐ و آل محمدؑ پر جن کی وجہ سے تو نے ہم کو صاحب بزرگی بنایا، یا اللہ ہم کو ان لوگوں میں سے قرار دینا، جن کو تو نے اپنے دین کے لئے انتخاب کیا ہے اور اپنی جنت کے لئے پیدا کیا ہے یا اللہ ہدایت کے بعد ہمارے قلوب کو کج نہ کر اور اپنی بارگاہ سے رحمت عطا کر تو بڑا بخشنے والا ہے۔ (مرسل)

۲۔ فرمایا صادق آل محمد علیہ السلام نے امام کو نماز جمعہ میں پہلی رکعت میں قنوت پڑھنا چاہیئے اور چو رکعتی نماز میں دوسری رکعت میں۔ (ص)

۳۔ فرمایا اگر نماز جمعہ جماعت سے پڑھو تو قنوت پہلی رکعت میں پڑھو اور اگر ظہر کی تنہا پڑھو تو دوسری رکعت میں (موثق)

﴿باب ۷۲﴾

☆(من فاته الجمعة مع الامام)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عمّن لم يدرك الخطبة يوم الجمعة ، قال : يصلّي ركعتين فإن فاتته الصلاة فلم يدركها فليصلّ أربعاً ، وقال : إذا أدركت الإمام قبل أن يركع الرَّكعة الأخيرة فقد أدركت الصلاة وإن كنت أدركته بعدما ركع فهي الظهر أربع .

باب۷۲

جو نماز جمعہ میں شریک نہ ہو

۱۔ میں نے پوچھا ایک شخص جمعہ کے خطبوں میں شریک نہیں ہو سکا۔ فرمایا وہ جمعہ کی نماز میں شریک ہو جائے اور اگر نماز بھی نہ ملے تو ظہر کی چار رکعت پڑھے اور دوسری رکعت کے آخری رکوع میں بھی شرکت ہو جائے تو پوری نماز کا ثواب مل جائے گا اور اگر امام رکوع آخر سے اٹھ کھڑا ہو تو پھر نماز ظہر پڑھے۔ (حسن)

﴿باب۷۳﴾

☆(التطوع يوم الجمعة)☆

١ ـ عليُّ بن محمّد وغيره ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر قال : قال أبوالحسن عليه السلام : الصلاة النافلة يوم الجمعة ستُّ ركعات بكرة وستُّ ركعات صدر النهار وركعتان إذا زالت الشّمس ثمَّ صلِّ الفريضة وصلِّ بعدها ستُّ ركعات

٢ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن الحسين بن سعيد ، عن حمّاد بن عيسى عن الحسين بن المختار ، عن عليِّ بن عبدالعزيز ، عن مراد بن خارجة قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : أمّا أنا فإذا كان يوم الجمعة وكانت الشمس من المشرق بمقدارها من المغرب في وقت صلاة العصر صلّيت ستَّ ركعات فإذا انتفخ النّهار صلّيت ستّاً فإذا زاغت الشّمس أو زالت صلّيت ركعتين ، ثمَّ صلّيت الظّهر ، ثمَّ صلّيت بعدها ستّاً .

٣ ـ جماعة ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن فضالة أو عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن عبدالله بن عجلان قال : قال أبوجعفر عليه السلام : إذا كنت شاكّاً في الزّوال فصلِّ ركعتين فإذا استيقنت فابدأ بالفريضة .

باب ۳۷

روز جمعہ کے نوافل

۱۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا نوافل روز جمعہ چھ رکعت ہیں چھ رکعت علی الصبح اور چھ رکعت دن چڑھے اور دو رکعت بعد زوال پھر فریضہ ادا کرو پھر چھ رکعت اس کے بعد پڑھو۔ (ض)

۲۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے لیکن میں روز جمعہ جب سورج اتنا بلند ہوتا ہے جتنا مغرب میں وقت نماز عصر تو میں چھ رکعت نماز پڑھتا ہوں۔ جب دن چڑھتا ہے تو چھ رکعت پڑھتا ہوں جب زوال ہو جاتا ہے تو دو رکعت پڑھتا ہوں پھر نماز ظہر پڑھتا ہوں پھر چھ رکعت۔

۳۔ فرمایا حضرتؑ نے جب زوال میں شک ہو تو دو رکعت نماز پڑھو جب یقین ہو جائے تو نماز واجب ادا کرو۔ (ح)

﴿ باب ۳۸ ﴾

☆(نوادر الجمعة)☆

١ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ؛ عن عليّ بن مهزيار ، عن النّضر بن سويد ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : تقول في آخر سجدة من النوافل بعد المغرب ليلة الجمعة : « اللّهمّ إنّي أسألك بوجهك الكريم و اسمك العظيم أن تصلّي على محمّد و آل محمّد وأن تغفر لي ذنبي العظيم » سبعاً .

٢ ـ عليّ بن محمّد ؛ و محمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد ، عن جعفر بن محمّد الأشعريّ عن القدّاح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله : أكثروا من الصلاة عليّ في اللّيلة الغرّاء واليوم الأزهر ليلة الجمعة ويوم الجمعة ، فسئل إلى كم الكثير ؟ قال : إلى مائة وما زادت فهو أفضل .

٣ ـ محمّد بن أبي عبدالله ، عن محمّد بن حسّان ، عن الحسن بن الحسين ، عن عليّ ابن عبدالله ، عن يزيد بن إسحاق ، عن هارون بن خارجة ، عن المفضّل ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : ما من شيء يعبد الله به يوم الجمعة أحبّ إليّ من الصلاة على محمّد و آل محمّد .

٤ - عليّ بن محمّد، عن سهل بن زياد رفعه قال: قال: إذا صلّيت يوم الجمعة فقل: «اللّهمّ صلّ على محمّد وآل محمّد الأوصياء المرضيّين بأفضل صلواتك وبارك عليهم بأفضل بركاتك والسلام عليه وعليهم ورحمة الله وبركاته» فإنّه من قالها في دبر العصر كتب الله له مائة ألف حسنة ومحى عنه مائة ألف سيّئة وقضى له بها مائة ألف حاجة ورفع له بها مائة ألف درجة.

٥ - وبهذا الإسناد، عن عليّ بن مهزيار، عن أيّوب بن نوح، عن محمّد بن أ
قال: قال أبو عبدالله عليه السلام من قرء الكهف في كلّ ليلة جمعة كانت كفّارة ما بين ال
إلى الجمعة.

قال وروى غيره أيضاً فيمن قرأها يوم الجمعة بعد الظهر والعصر مثل ذلك.

٦ - الحسين بن محمّد، عن عبدالله بن عامر، عن عليّ بن مهزيار، عن محمّد بن يحيى، عن حمّاد بن عثمان قال: سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول: يستحبّ أن تقرء في دبر الغداة يوم الجمعة: الرحمن كلّها ثمّ تقول كلّما قلت: «فبأيّ آلاء ربّكما تكذّبان»: لا بشيء من آلائك ربّ أكذّب.

٧ - أبو عليّ الأشعريّ، عن محمّد بن سالم، عن أحمد بن النضر، عن عمرو بن شمر عن جابر قال: كان أبو جعفر عليه السلام يبكّر إلى المسجد يوم الجمعة حين تكون الشمس قدر رمح فإذا كان شهر رمضان يكون قبل ذلك وكان يقول: إنّ لجمع شهر رمضان على جمع سائر الشهور فضلاً كفضل شهر رمضان على سائر الشهور.

٨ - عليّ بن إبراهيم، عن أبيه؛ وعليّ بن محمّد القاسانيّ، عن القاسم بن محمّد، عن سليمان بن داود المنقريّ، عن حفص بن غياث قال؛ سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول في رجل أدرك الجمعة وقد ازدحم النّاس فكبّر مع الإمام وركع ولم يقدر على السجود وقام الإمام والناس في الركعة الثانية وقام هذا معهم فركع الإمام ولم يقدر هذا على الرّكوع في الرّكعة الثانية من الزّحام وقدر على السجود كيف يصنع؟ فقال: أبو عبدالله عليه السلام: أمّا الرّكعة الأولى فهي إلى عند الرّكوع تامّة فلمّا لم يسجد لها حتّى دخل في الثانية لم يكن له ذلك فلمّا سجد في الثانية إن كان نوى هذه السجدة الّتي هي الرّكعة الأولى فقد تمّت له الأولى وإذا سلّم الإمام قام فصلّى ركعة ثمّ يسجد فيها ثمّ يتشهّد ويسلّم وإن كان لم ينو أن تكون تلك السجدة للرّكعة الأولى لم تجز

عنه الأولى ولا الثانية .

(۱۰) -۹۰- عليّ بن إبراهيم ، عن أحمد بن أبي عبدالله رفعه قال : قيل لأبي عبدالله عليه السلام : يزعم بعض الناس أنّ النّورة يوم الجمعة مكروهة فقال : ليس حيث ذهب أيّ طهور أطهر من النورة يوم الجمعة .

باب ۴۷

نوادر جمعہ

۱۔ نوافل کے سجدہ آخر میں شب جمعہ سات بار کہے «اللّهمّ إنّي أسألك بوجهك الكريم و اسمك العظيم أن تصلّي على محمد و آل محمد وأن تغفر لي ذنبي العظيم» سبعاً.

۲۔ فرمایا حضرت نے کہ مجھ پر صلوٰۃ زیادہ بھیجا کرو، چاندنی رات میں روشن دن میں اور شب جمعہ اور روز جمعہ سائل نے پوچھا کتنی بار فرمایا سو بار اور اگر زیادہ ہو تو باعث فضیلت ہے۔ (ف)

۳۔ فرمایا اللہ کی عبادت جو روز جمعہ کی جاتی ہے میرے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ محمد و آل محمد پر صلوات ہے

۴۔ روز جمعہ نماز کے بعد کہو «اللّهمّ صلّ على محمد و آل محمد الأوصياء المرضيّين بأفضل صلواتك وبارك عليهم بأفضل بركاتك والسلام عليه وعليهم ورحمة الله وبركاته» جو نماز عصر کے بعد یہ دعا پڑھے اللہ اس کے لئے سو نیکیاں لکھتا ہے اور ایک لاکھ گناہ محو کرتا ہے اور ایک لاکھ حاجتیں برلاتا ہے اور ایک لاکھ درجے بلند کرتا ہے۔ اور ایک روایت میں ہے جو سات مرتبہ کہے جماعت کے ہر بندہ کی طرف سے ایک حسنہ اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ اور اس دن اس کا ہر عمل مقبول ہوتا ہے۔ (ف)

۵۔ فرمایا جو کوئی سورۂ کہف کو شب جمعہ میں پڑھے تو وہ کفارہ ہوگی ایک شب جمعہ سے دوسری شب جمعہ تک کے گناہوں کا اور یہ بھی روایت ہے جو اس سورہ کو روز جمعہ بعد ظہر و عصر پڑھے تو اس کا ثواب بھی ایسا ہی ہوگا۔ (ف)

۶۔ فرمایا روز جمعہ طلوع صبح کے بعد کل سورۂ رحمٰن پڑھے اور کہے تو نے کہا ہے میری کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے تو میں تیری نعمت کو نہیں جھٹلاؤں گا۔ (حسن)

۷۔ جابر سے مروی ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام بروز جمعہ صبح ہی مسجد میں جاتے اور جب تک سورج ایک نیزہ بلند ہوتا مسجد ہی میں رہتے اور رمضان کے مہینہ میں اس سے پہلے جاتے اور فرمایا کرتے رمضان کے جمعوں کو تمام مہینوں کے جمعوں پر وہی فضیلت ہے جو ماہ صیام کو تمام مہینوں پر ہے۔ (ف)

۸۔ فرمایا جو کوئی نماز میں شرکت کے لئے آئے اور لوگوں کا ہجوم زیادہ ہو اور امام کے ساتھ تکبیر کہے اور رکوع میں جائے اور سجدہ پر قادر نہ ہو اور امام اور لوگ سجدہ کرکے اٹھ کھڑے ہوں رکعت ثانیہ کے لئے اور یہ ان کے ساتھ کھڑا ہو جائے اور جب امام رکوع کرے تو یہ لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے رکوع نہ کر سکے اور سجدہ کر لے تو اس کی پہلی رکعت رکوع تک پوری ہوئی لیکن اس نے سجدہ نہیں کیا اور دوسری رکعت میں داخل ہو گیا تو یہ پوری نہ ہوئی۔ جب رکعت ثانیہ میں سجدہ کرے تو یہ نیت ہو کہ یہ رکعت اولیٰ کا ہے تو پہلی رکعت ہوگی اور جب امام سلام پڑھے تو یہ شخص کھڑا ہو جائے اور تشہد و سلام کے بعد نماز تمام کرے اور اگر اس نے یہ نیت نہ کی کہ یہ سجدہ پہلی رکعت کا ہے تو دوسری کا ہوگا۔ (مرفوع)

۹۔ حضرت سے کہا گیا کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ جمعہ کو نورہ لگانا مکروہ ہے فرمایا ان کا خیال غلط ہے جمعہ نورہ لگانا سب سے زیادہ پاک صاف کرنے والا ہے۔

﴿ابواب السفر﴾

﴿باب﴾

✡(وقت الصلاة في السفر والجمع بين الصلاتين)✡

١ ـ محمد بن يحيى ، عن أحمد بن محمد ، عن ابن أبي نصر ، عن صفوان الجمّال ، قال : صلّيت خلف أبي عبدالله عليه السلام عند الزّوال فقلت : بأبي وأمّي وقت العصر ؟ فقال : وقت ما تستقبل إبلك ، فقلت : إذا كنت في غير سفر ؟ فقال : على أقلّ من قدم ثلثي قدم وقت العصر .

٢ ـ عليّ بن محمد ، عن سهل بن زياد ، عن محمد بن الحسن بن شمّون ، عن عبدالله ابن القاسم ، عن مسمع أبي سيّار قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن وقت الظهر في يوم الجمعة في السفر ، فقال : عند زوال الشمس و ذلك وقتها يوم الجمعة في غير السّفر .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ؛ عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله إذا كان في سفر أو عجّلت به حاجة يجمع بين الظّهر والعصر وبين المغرب والعشاء ، قال : وقال أبو عبدالله عليه السلام : لابأس بأن تعجّل عشاء الآخرة في السفر قبل أن يغيب الشفق .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن عبيد ابن زرارة قال : كنت أنا ونفر من أصحابنا مترافقين ـ فيهم ميسر ـ فيما بين مكّة والمدينة فارتحلنا و نحن نشكّ في الزّوال فقال بعضنا لبعض : فامشوا بنا قليلاً حتّى نتيقّن الزّوال ثمّ نصلّي ففعلنا فما مشينا إلّا قليلاً حتّى عرض لنا قطار أبي عبدالله عليه السلام فقلت : أتى القطار فرأيت محمّد بن إ. ماعيل فقلت له : صلّيتم ؟ فقال لي : أمرنا جدّي فصلّينا الظهر والعصر جميعاً ثمّ ارتحلنا فذهبت إلى أصحابي فأعلمتهم ذلك .

٥ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن أبان ، عن عمر بن يزيد قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : وقت المغرب في السفر إلى ثلث اللّيل ؛ وروي أيضاً إلى نصف اللّيل .

باب

ابواب السفر

۱۔ میں نے حضرتؑ کے پیچھے زوال کے بعد نماز ظہر پڑھی، پھر میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں اب وقت عصر آگیا فرمایا عصر کا وقت وہ ہوگا جس کا استقبال سفر میں تیرا اونٹ کرے۔ میں نے کہا اگر سفر نہ ہو فرمایا۔ وقت عصر ہوگا دو تہائی قدم سے کم سایہ بڑھنے پر۔ (ض)

۲۔ میں نے حضرت سے سفر میں روز جمعہ نماز ظہر کا وقت پوچھا فرمایا زوال شمس کے بعد روز جمعہ نماز کا وقت ہوتا ہے۔ (ق)

۳۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے رسول اللہ جب سفر میں ہوتے یا کسی حاجت میں جلدی ہوتی تو ظہر و عصر کی نماز ایک ساتھ پڑھتے اسی طرح مغرب و عشار کی، حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں اگر سفر میں شفق کے غائب ہونے سے پہلے عشار کی نماز پڑھ لی جائے۔ (حسن)

۴۔ راوی کہتا ہے کہ ہم تھوڑے ہی دور چلے تھے کہ سامنے سے ابوعبداللہ علیہ السلام کے اونٹوں کی قطار آتی دکھائی دی جس میں محمد بن اسماعیل تھے جب ہمارے پاس آئے تو میں نے پوچھا کیا آپ نے نماز عصر پڑھ لی انھوں نے کہا ہم نے اپنے جد (امام جعفر صادقؑ) کے حکم کے مطابق ظہر و عصر دو نمازیں ایک ساتھ پڑھیں راوی کہتا ہے جب میں اپنے ساتھیوں کے پاس آیا تو میں نے ان کو بتلا دیا۔ (موثق)

۵۔ فرمایا سفر میں مغرب کا وقت ایک تہائی رات تک رہتا ہے اور ایک روایت میں نصف رات تک۔

﴿ باب ٧٦ ﴾

☆(حد المسير الذي تقصر فيه الصلاة)☆

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : التقصير في بريد والبريد أربعة فراسخ .

٢ ـ وعنه ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أدنى ما يقصّر فيه المسافر ؟ فقال : بريد .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن يحيى الخزّاز ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : بينا نحن جلوس وأبي عند والٍ لبني اُميّة على المدينة إذ جاء أبي فجلس فقال : كنت عند هذا قبيل فسألهم عن التقصير فقال قائل منهم : في ثلاث وقال قائل منهم : يوم وليلة وقال قائل منهم : روحة فسألني فقلت له : إنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله لما نزل عليه جبرئيل عليه السلام بالتقصير قال له النبيُّ صلى الله عليه وآله : في كم ذاك ؟ فقال : في بريد ، قال : وأيُّ شيء البريد ؟ قال : ما بين ظلّ عير إلى فيء وعير قال : ثمَّ عبرنا زماناً ثمَّ رأى بنو اُميّة يعملون أعلاماً على الطريق وانّهم ذكروا ما تكلّم به أبو جعفر عليه السلام فذرعوا ما بين ظلّ عير إلى فيء وعير ثمَّ جزّؤه إلى اثنى عشر ميلاً فكان ثلاثة آلاف و خمسمائة ذراع كلُّ ميل ، فوضعوا الأعلام فلمّا ظهر بنو هاشم غيّروا أمر بني اُميّة غيرة لأنَّ الحديث هاشميٌّ فوضعوا إلى جنب كلِّ علم علماً .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن بعض أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سئل عن حدّ الأميال الّتي يجب فيها التقصير فقال أبو عبدالله عليه السلام : إنَّ رسول الله صلى الله عليه وآله جعل حدَّ الأميال من ظلّ عير إلى ظلّ وعير وهما جبلان بالمدينة فإذا طلعت الشمس وقع ظلّ عير إلى ظلّ وعير و هو الميل الّذي وضع رسول الله صلى الله عليه وآله عليه التقصير .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد البرقيّ ، عن محمّد بن أسلم الجبليّ ، عن صباح الحذّاء ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن قوم خرجوا في سفر فلمّا انتهوا إلى الموضع الّذي يجب عليهم فيه التقصير قصّروا من الصلاة فلمّا

صاروا على فرسخين أو على ثلاثة فراسخ أو أربعة تخلّف عنهم رجل لا يستقيم لهم سفرهم إلّا به فأقاموا ينتظرون مجيئه إليهم وهم لا يستقيم لهم السفر إلّا بمجيئه إليهم فأقاموا على ذلك أيّاماً لا يدرون هل يمضون في سفرهم أو ينصرفون هل ينبغي لهم أن يتمّوا الصّلاة أو يقيموا على تقصيرهم ؟ قال : إن كانوا بلغوا مسيرة أربعة فراسخ فليقيموا على تقصيرهم أقاموا أم انصرفوا وإن كانوا ساروا أقلّ من أربعة فراسخ فليتمّوا الصّلاة أقاموا أو انصرفوا فإذا مضوا فليقصّروا .

باب ۷۵

وہ مسافت جس میں نماز قصر ہوتی ہے

۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ نماز قصر ہو گی ایک برید پر اور ہر برید چار فرسخ کا ہوتا ہے (منجد میں ہے) تین میل ہاشمی، بارہ ہزار گز یا آٹھ کلو میٹر)۔ (موثق)

۲۔ میں نے حضرت سے پوچھا کہ کم سے کم کتنی مسافت پر قصر ہے فرمایا ایک برید پر۔ (حسن)

۳۔ ہم ابو عبد اللہ کے پاس بیٹھے تھے میرے باپ حاکم مدینہ کے پاس گئے تھے۔ جب واپس آئے تو فرمایا میں قبیلہ بنی امیہ کے پاس بیٹھا تھا کہ کسی نے مسافت قصر کے متعلق پوچھا۔ ایک نے کہا ایک تہائی رات کی مسافت، دوسرے نے کہا ایک دن اور ایک رات کی مسافت، تیسرے نے کہا ایک رات کی مسافت، پھر مجھ سے پوچھا۔ میں نے کہا کہ جب جبرئیل رسول اللہ کے پاس۔ قصر حکم لائے تو کہا ایک برید۔

حضرت نے پوچھا ایک برید کیا ہے۔ فرمایا جو مسافت کوہ عیر سے کوہ عیر تک ہے پھر اس کو بارہ میل پر تقسیم کیا اور ہر میل تین ہزار پانچ سو ہاتھ لمبا رکھا اور میل کے نشانات بنا دیئے جب بنی ہاشم کو بنی امیہ پر فتح حاصل ہوئی تو انھوں نے بنی امیہ کے نشانات بدل دیئے کیونکہ ہاشمی حدیث کی رو سے ان کا تعین ہونا چاہیئے تھا انھوں نے ہر نشان کے پہلو میں ایک نشان بنایا۔ (مرسل)

۴۔ پوچھا ابو عبد اللہ علیہ السلام سے ان میلوں کی حدوں کو جن پر قصر ہوتا ہے حضرت نے فرمایا رسول اللہ میلوں کی حد عیر کے سایہ سے عیر کے سایہ تک بتائی ہے اور یہ دونوں مدینہ کے پہاڑ ہیں جب سورج نکلتا ہے تو عیر کا سایہ وعیر کے سایہ پر پڑتا ہے یہ ہے وہ میل جسے رسول اللہ نے قصر کی حد بتایا ہے۔ (حسن)

۵۔ میں نے پوچھا ان لوگوں کے متعلق جو سفر کے لیے نکلے جب وہ اس حد پر پہنچے جہاں سے ان کو قصر کرنا چاہیئے تو انھوں نماز قصر کی جب وہ دو یا تین یا چار فرسخ آگے بڑھے تو اس شخص نے جو رہنما تھا ساتھ چھوڑ دیا وہ لوگ اس کے واپس آنے کے انتظار میں ٹھہر گئے کیونکہ بغیر اس کے اپنا سفر جاری نہیں رکھ سکتے تھے چند روز ان کا قیام رہا اور ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ سفر جاری رکھیں یا پلٹ جائیں ایسی صورت میں کیا کرنا چاہیئے پوری نمازیں پڑھیں یا قصر کریں۔ فرمایا اگر وہ چار فرسخ مسافت تک پہنچ گئے ہیں تو قصر کریں گے خواہ وہاں مقیم ہوں یا پلٹیں اور اگر مسافت چار فرسخ سے کم ہے تو نماز پوری پڑھیں قیام کریں یا لوٹیں جب آگے بڑھیں تو قصر کریں۔ (ح)

﴿باب﴾

☆(من يريد السفر أو يقدم من سفر متى يجب عليه التقصير او التمام)☆

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن العلاء بن رزين ، عن محمّد بن مسلم قال : قلت لأبي عبدالله عليه‌السلام : الرّجل يريد السفر متى يقصّر؟ قال : إذا توارى من البيوت ، قال : قلت : الرّجل يريد السّفر فيخرج حين تزول الشّمس قال : إذا خرجت فصلّ ركعتين .

وروى الحسين بن سعيد ، عن صفوان وفضالة ، عن العلاء مثله .

٢ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء قال : سمعت الرّضا عليه‌السلام يقول : إذا زالت الشّمس وأنت في المصر وأنت تريد السّفر فأتمّ فإذا خرجت بعد الزّوال قصّر العصر .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن داود بن فرقد ، عن بشير النبّال قال : خرجت مع أبي عبدالله عليه‌السلام حتّى أتينا الشّجرة ، فقال لي أبوعبد الله عليه‌السلام : يانبّال : قلت : لبّيك ، قال : إنّه لم يجب على أحد من أهل هذا العسكر أن يصلّي أربعاً غيري وغيرك وذلك أنّه دخل وقت الصّلاة قبل أن نخرج .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن محمّد بن مسلم قال : سألت أبا عبدالله عليه‌السلام عن رجل يدخل من سفر وقد دخل وقت الصّلاة قال : يصلّي ركعتين فإذا خرج إلى سفر وقد دخل وقت الصّلاة فليصلّ أربعاً .

٥ ـ أحمد بن إدريس ، عن محمّد بن عبدالجبّار ؛ و محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل ابن شاذان جميعاً ، عن صفوان بن يحيى ، عن إسحاق بن عمّار ، عن أبي إبراهيم عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يكون مسافراً ثمّ يقدم فيدخل بيوت الكوفة أيتمّ الصّلاة أم يكون مقصّراً حتّى يدخل أهله ؟ قال : بل يكون مقصّراً حتّى يدخل أهله .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان ، عن العيص بن القاسم قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن رجل صلّى وهو مسافر فأتمّ الصّلاة قال : إن كان في وقت فليعد وإن كان الوقت قدمضى فلا .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة قال : قلت له : رجل فاتته صلاة من صلاة السّفر فذكرها في الحضر ؟ قال : يقضي مافاته كما فاته إن كانت صلاة السفر أدّاها في الحضر مثلها وإن كانت صلاة الحضر فليقض في السّفر صلاة الحضر كما فاتته .

٨ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عليّ بن يقطين ، عن أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن رجل خرج في سفر ثمّ تبدوله الإقامة وهو في صلاته ، قال : يتمّ إذا بدت له الإقامة .

باب

جو سفر کا ارادہ رکھتا ہو یا سفر سے واپس آئے

۱۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا ایک شخص سفر کرنا چاہتا ہے تو وہ قصر کب سے کرے۔ فرمایا جب اس کی آبادی کے مکانات نظر سے چھپ جائیں۔ میں نے کہا ایک شخص سفر کا ارادہ رکھتا ہے وہ زوال شمس کے وقت گھر سے نکلتا ہے تو کیا کرے۔ فرمایا دو رکعت نماز پڑھے ایک اور روایت میں بھی یہی ہے۔ (ص)

۲۔ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا جب زوال آفتاب ہو جائے اور تم شہر میں ہو اور سفر کرنا چاہتے ہو اور بعد زوال نکلو تو نماز عصر قصر پڑھو۔

۳۔ میں حضرت صادق آل محمدؐ کے ساتھ نکلا جب ہم ایک درخت خاص تک پہنچے تو مجھ سے فرمایا اے نبال ان لشکر والوں میں کسی پر واجب ہے کہ میرے اور تیرے سوا چار رکعت نماز پڑھے۔ یہ اس لئے فرمایا کہ خروج سے پہلے نماز کا وقت

داخل ہو گیا تھا۔ (حسن)

۴۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو سفر کی مسافت میں ایسے وقت داخل ہو جب نماز کا وقت آگیا ہو، فرمایا دو رکعت پڑھے اور اگر سفر سے ایسے وقت اپنے شہر میں پہنچے کہ نماز کا وقت آگیا ہو تو چار رکعت پڑھے (حسن

۵۔ میں نے پوچھا ایک شخص مسافر تھا وہ حدود کوفہ میں داخل ہوتا ہے آیا پوری نماز پڑھے یا اپنے گھر والوں تک پہنچنے سے پہلے قصر کرے۔ فرمایا قصر کرے۔ (موثق)

۶۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو بحالت سفر پوری نماز پڑھے فرمایا اگر وقت ہو تو اعادہ کرے۔ اگر وقت گزر گیا ہے تو نہیں۔ (م)

۷۔ میں نے کہا ایک شخص سے سفر میں نماز قضا ہوئی اور وطن میں یاد آئی۔ فرمایا جہاں قضا ہوئی اسی طرح بجا لائے سفر کی قضا نماز حضر میں قصر پڑھے اور حضر کی نماز سفر میں پوری۔ (حسن)

۸۔ میں نے پوچھا ایک شخص سفر کے لیے نکلا۔ پھر جب وہ نماز میں تھا اسے پتہ چلا کہ اسے قیام کرنا ہوگا فرمایا جب اقامت ظاہر ہو تو پوری نماز پڑھے۔ (حسن)

﴿باب﴾ ۸

✿(المسافر يقدم البلدة كم يقصر الصلاة)✿

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز بن عبدالله ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه‌السلام قال : قلت له : أرأيت من قدم بلدة إلى متى ينبغي له أن يكون مقصّراً ومتى ينبغي له أن يتمّ ؟ قال : إذا دخلت أرضاً فأيقنت أنّ لك بها مقاماً عشرة أيّام فأتمّ الصلاة وإن لم تدر ما مقامك بها تقول غداً أخرج أو بعد غد فقصّر ما بينك وبين أن يمضي شهر فإذا تمّ لك شهر فأتمّ الصلاة وإن أردت أن تخرج من ساعتك .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن ابن فضّال ، عن عبدالله بن بكير قال : سألت أبا عبدالله عليه‌السلام عن الرّجل يكون بالبصرة وهو من أهل الكوفة له بها

دار ومنزل فيمرُّ بالكوفة و إنّما هو مجتاز لا يريد المقام إلّا بقدر ما يتجهّز يوماً أو يومين، قال: يقيم في جانب المصر ويقصّر، قلت: فإن دخل أهله؟ قال: عليه التّمام.

۳ - عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن أبي أيّوب قال: سأل محمّد بن مسلم أبا عبدالله عليه السلام وأنا أسمع عن المسافر إن حدَّث نفسه بإقامة عشرة أيّام، قال: فليتمّ الصلاة وإن لم يدرِ ما يقيم يوماً أو أكثر فليعدّ ثلاثين يوماً ثمّ ليتمّ وإن كان أقام يوماً أو صلاة واحدة. فقال له محمّد بن مسلم: بلغني أنّك قلت: خمساً؟ فقال: قد قلت ذاك، قال أبو أيّوب: فقلت أنا: جعلت فداك يكون أقلّ من خمس؟ فقال: لا

باب ۸

مسافر کسی شہر میں کب تک قصر کرے

۱۔ میں نے پوچھا اگر کوئی کسی شہر میں وارد ہو تو کب تک قصر کرے اور کب تک پوری نماز پڑھے۔ فرمایا جب تم کسی زمین پر داخل ہو اور یہ یقین ہو جائے کہ وہاں دس روز قیام رہے گا تو پوری نماز پڑھو اور اگر یہ طے نہ ہو کہ کب تک وہاں سے جانا ہوگا اور آج کل میں وقت گزر رہا ہو تو ایک ماہ تک قصر ہوگا اس کے بعد پوری نماز۔ اگر بعد میں ایک گھڑی بعد ہی کوچ ہو جائے۔ (م)

۲۔ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا جو کوئی بصرہ میں ہو اور کوفہ کا رہنے والا ہو، وہیں اس کا گھر ہو، وہ کوفہ کی طرف سے گزرے اور کوفہ میں اس کا ارادہ قیام کا نہ ہو مگر سامان کی فراہمی میں ایک یا دو دن رہے تو اس کے لئے کیا حکم ہے۔ فرمایا وہ پوری نماز پڑھے اور قصر بھی کرے۔ میں نے کہا اگر وہ اپنے اہل وعیال میں پہنچ جائے۔ فرمایا تب وہ پوری نماز پڑھے۔ (موثق)

۳۔ محمد بن مسلم نے صادق آل محمدؐ سے پوچھا اگر کوئی اپنے دل میں دس دن قیام کی نیت کرے۔ فرمایا اسے پوری نماز پڑھنی چاہیئے اور اگر یہ طے نہ ہو کہ ایک دن قیام کرے گا یا زیادہ تو تیس دن تک قصر کرے اس کے بعد پوری نماز پڑھے اگرچہ ایک دن یا ایک ہی نماز تک قیام ہو۔ محمد بن مسلم نے کہا مجھے خبر ملی ہے کہ آپؑ نے پانچ دن کے قیام کے لئے فرمایا ہے۔ فرمایا ہاں میں نے ایسا کہا ہے ابو ایوب نے کہا اگر اس سے کم ہو۔ فرمایا نہیں۔ (حسن)

علامہ مجلسی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں اتمام کے لئے بجائے دس دن کے پانچ دن کا ذکر محل تامل ہے غالباً مراد مکہ یا مدینہ کا قیام ہے۔

« باب ٩ »

☆(صلاة الملاحين و المكاريين واصحاب الصيد و الرجل)☆
☆(يخرج الى ضيعته)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة قال : قال أبوجعفر عليه السلام : أربعة قد يجب عليهم التمام في السفر كانوا أو الحضر : المكاري و الكري والرّاعي والاشتقان لأنّه عملهم .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم ، عن أحدهما عليهما السلام قال : ليس على الملّاحين في سفينتهم تقصير ولا على المكاري والجمّال .

وفي رواية اُخرى المكاري إذا جدّ به السيّر فليقصّر ؛ قال : ومعنى جدّ به السيّر يجعل منزلين منزلاً .

٣ ـ محمّد بن الحسن وغيره ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر قال سألت الرّضا عليه السلام عن الرّجل يخرج إلى ضيعته ويقيم اليوم واليومين والثلاثة أيقصّر أم يتمّ ؛ قال : يتمّ الصلاة كلّما أتى ضيعة من ضياعه .

٤ ـ محمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن أسباط ، عن ابن بكير قال: سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرجل يتصيّد اليوم واليومين والثلاثة أيقصّر الصلاة ؛ قال : لا ، إلّا أن يشيّع الرّجل أخاه في الدّين وإنّ التصيّد مسير باطل لا تقصّر الصلاة فيه وقال : يقصّر إذا شيّع أخاه .

عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد البرقيّ ، عن بعض أصحابه ، عن عليّ بن أسباط مثله .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن أبيه ، عن سليمان بن جعفر الجعفريّ ، عمّن ذكره ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الأعراب لا يقصّرون و ذلك

أنّ منازلهم معهم .

٦ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن محمّد بن أبي عمير ، عن عبدالرّحمن ابن الحجّاج قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : الرّجل يكون له الضياع بعضها قريب من بعض يخرج فيقيم فيها يتمّ أو يقصّر ؟ قال : يتمّ .

٧ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : « فمن اضطرّ غير باغ ولا عاد » قال : الباغي باغي الصيد والعادي : السّارق ليس لهما أن يأكلا الميتة إذا اضطرّا إليها ، هي حرام عليهما ليس هي عليهما كما هي على المسلمين وليس لهما أن يقصّرا في الصلاة .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن عبيد بن زرارة قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يخرج إلى الصيد أيقصّر أم يتمّ ؟ قال : يتمّ لأنّه ليس بمسير حقّ .

٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن إسحاق بن عمّار قال : سألته(٢) عن الملاّحين والأعراب هل عليهم تقصير ؟ قال : لا ، بيوتهم معهم .

١٠ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن عمران بن محمّد ، عن عمران القمّيّ عن بعض أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : الرّجل يخرج إلى الصيّد مسيرة يوم أو يومين يقصّر أو يتمّ ؟ فقال : إن خرج لقوته وقوت عياله فليفطر و ليقصّر وإن خرج لطلب الفضول فلا ولا كرامة .

١١ ـ محمّد بن يحيى ، عن عبدالله بن جعفر ، عن محمّد بن جزك(٣) قال : كتبت إليه : جعلت فداك إنّ لي جمالاً ولي قوّام عليها وقد أخرج فيها إلى طريق مكّة لرغبة في الحجّ أو في الندرة إلى بعض المواضع فهل يجب عليّ التقصير في الصلاة و الصيام ؟ فوقّع عليه السلام : إن كنت لا تلزمها ولا تخرج معها في كلّ سفر إلّا إلى مكّة فعليك تقصير وفطور .

باب

ملاحوں، مکاریوں اور شکاریوں کے متعلق

۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے چار آدمی سفر میں پوری نماز پڑھیں اور چوپاؤں کا کرایہ پر چلانے والا دوسرے

خود کرایہ لے کر مسافروں کے ساتھ چلنے والے، تیسرے چرواہے چوتھے قاصد کیونکہ ان کا مستقل کام یہی ہے۔ (ح)

۲۔ فرمایا ملاحوں پر جب وہ اپنی کشتیوں پر جا رہے ہوں قصر نہیں ہے اور چوپاؤں اور اونٹوں کو کرایہ پر چلانے والوں پر۔ (ح)

۳۔ ایک روایت میں ہے کہ مکاری کا مقصد اگر سیر ہو تو قصر کرے گا اور جب وہ اپنے سفر میں جیسے حج وغیرہ دو منزلوں کو ایک منزل بنا رہا ہو۔

۴۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا اس شخص کے متعلق جو اپنی ملکیت کی زمینوں پر جائے اور ایک دن، دو دن یا تین دن قیام کرے تو وہ قصر کرے یا پوری نماز پڑھے۔ فرمایا جب کبھی کسی ملکیت پر جائے تو پوری نماز پڑھے۔ (حو)

۵۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو سیر کو جائے ایک دن دو دن یا تین دن آیا قصر کرے یا پوری پڑھے۔ فرمایا قصر نہیں کرے گا مگر اس صورت میں کہ اپنے دینی بھائی کو سیر کرانے کے لئے نکلا ہو اگر محض شکار کو گیا ہے تو قصر نہیں کرے گا۔ (ح)

اور علی بن سباط سے بھی ایسی ہی حدیث مروی ہے۔

۶۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے بدو عرب قصر نہ کریں گے کیونکہ ان کی منزلیں ان کے اختیار میں ہوتی ہیں۔ (مرسل)

۷۔ میں نے پوچھا ایک شخص کی زمینیں قریب ہیں وہ ان پر جاتا ہے قیام کرتا ہے آیا وہ پوری نماز پڑھے یا قصر کرے۔ فرمایا پوری نماز پڑھے۔ (مجہول)

۸۔ میں نے حضرتؑ سے پوچھا اس آیت کے متعلق جو مضطر ہو سوائے باغی اور عادی کے، فرمایا باغی سے مراد ہے باغی صید اور عادی سے مراد ہے چور بحالت اضطرار بھی ان کو مردار کھانے کی اجازت نہیں وہ دونوں پر حرام ہے عام مسلمانوں کی طرح نہ ان کو کھانے کی اجازت ہے اور نہ نماز قصر کرنے کی۔ (حو)

۹۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو شکار کے لئے نکلے، آیا وہ پوری نماز پڑھے یا قصر، فرمایا پوری، کیونکہ اس کا سفر حق پر نہیں۔ (موثق)

(موثق)

۱۰۔ میں نے ملاحوں اور بدو عربوں کے متعلق پوچھا، فرمایا وہ پوری نماز پڑھیں گے کیونکہ ان کے گھر ان کے ساتھ ہوتے ہیں۔

۱۱۔ میں نے پوچھا ایک شخص شکار کے لئے نکلے اور ایک دن یا دو دن کی مسافت پر آئے وہ قصر کرے گا یا نہیں، فرمایا اگر وہ اپنے یا اپنے عیال کی قوت کے لئے نکلا ہے تو روزہ بھی قصر کرے گا اور نماز بھی اور اگر تفریح کے لئے نکلا ہے تو نہیں اور نہ یہ اس کے لئے باعث کرامت ہے۔ (مرسل)

۱۲۔ میں نے لکھا میرے پاس اونٹوں کا گلہ ہے اور میری سواری ان پر ہوتی ہے میں ان کو لے کر جاتا ہوں مکہ کے راستے میں حج کے لئے یا کسی نذر کو پورا کرنے کے لئے بعض راستوں میں نماز روزہ قصر کروں حضرتؑ نے لکھا اگر تم ہمیشہ ان کے ساتھ

سفر میں نہیں نکلے سوائے مکہ کے تو قصر کرو۔ (ص)

﴿باب ٨﴾

☼(المسافر يدخل في صلاة المقيم)☼

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام في المسافر يصلّي خلف المقيم قال : يصلّي ركعتين و يمضي حيث شاء .

٢ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الوشّاء ، عن أبان بن عثمان ، عن عمر بن يزيد قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن المسافر يصلّي مع الإمام فيدرك من الصلاة ركعتين أيجزىء ذلك عنه ؟ فقال : نعم .

باب ۸۰

مسافر کا مقیم کی نماز میں شریک ہونا

۱۔ فرمایا اگر مسافر، مقیم کے پیچھے نماز پڑھے تو دو رکعت پڑھ کر جہاں چاہے جائے۔ (حسن)

۲۔ میں نے اس مسافر کے متعلق پوچھا جو امام کے ساتھ نماز پڑھے اور دو رکعت اسے مل جائیں تو یہ اس کے لئے کافی ہیں فرمایا ہاں۔ (حسن)

﴿باب ٨١﴾

☼(التطوع في السفر)☼

١ ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن الحسين بن سعيد ، عن زرعة بن محمّد ، عن سماعة قال : سألته عن الصلاة في السّفر ، قال : ركعتين ليس قبلهما ولا بعدهما شيءٌ إلاّ أنّه ينبغي للمسافر أن يصلّي بعد المغرب أربع ركعات وليتطوّع باللّيل ماشاء إن كان نازلاً وإن كان راكباً فليصلّ على دابّته وهو راكبٌ و

لتكن صلاته إيماء وليكن رأسه حيث يريد السجود أخفض من ركوعه .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن النضر بن سويد ، عن يحيى الحلبيّ ، عن الحارث بن المغيرة قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : أربع ركعات بعد المغرب لا تدعهنّ في حضر ولا سفر .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى بن عبيد ، عن يونس بن عبد الرّحمن ، عن ابن مسكان ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الصلاة في السفر ركعتان ليس قبلهما ولا بعدهما شيء إلّا المغرب فإنّ بعدها أربع ركعات لا تدعهنّ في حضر ولا سفر وليس عليك قضاء صلاة النّهار وصلّ صلاة اللّيل واقضه .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن ذريح قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : فاتتني صلاة اللّيل في السفر فأقضيها في النهار ؟ فقال : نعم إن أطقت ذلك .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن الحلبيّ أنّه سأل أبا عبدالله عليه السلام عن صلاة النافلة على البعير و الدّابّة ، فقال : نعم حيثما كنت متوجّهاً ، قال : فقلت : على البعير والدّابّة ؟ قال : نعم حيثما كنت متوجّهاً قلت : أستقبل القبلة إذا أردت التكبير ؟ قال : لا ولكن تكبّر حيثما كنت متوجّهاً و كذلك فعل رسول الله صلّى الله عليه وآله .

٦ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم ، عن أبان بن تغلب قال : خرجت مع أبي عبدالله عليه السلام فيما بين مكّة والمدينة فكان يقول : أمّا أنتم فشباب تؤخّرون و أمّا أنا فشيخ اُعجّل ، فكان يصلّي صلاة اللّيل أوّل اللّيل .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن يعقوب بن شعيب قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الرّجل يصلّي على راحلته ، قال : يؤمي إيماء يجعل السجود أخفض من الرّكوع ، قلت : يصلّي وهو يمشي ؟ قال : نعم يؤمي إيماءً و ليجعل السجود أخفض من الرّكوع .

٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عبدالرّحمن بن الحجّاج عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يصلّي النوافل في الأمصار وهو على دابّته حيث توجّهت

به ؟ فقال : نعم لا بأس .

٩ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عمّن ذكره ، عن أبي جعفر عليه السلام أنّه لم يكن يرى بأساً أن يصلّي الماشي و هو يمشي ولكن لا يسوق الإبل .

١٠ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن الحلبيّ قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن صلاة اللّيل و الوتر في أوّل اللّيل في السفر إذا تخوّفت البرد و كانت علّة ، فقال : لا بأس ، أنا أفعل ذلك . . .

١١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن سليمان ، عن سعد بن سعد ، عن مقاتل بن مقاتل عن أبي الحارث قال : سألته ـ يعني الرّضا عليه السلام ـ عن الأربع ركعات بعد المغرب في السفر يعجلني الجمّال ولا يمكنّي الصلاة على الأرض هل أُصلّيها في المحمل ؟ فقال : نعم صلّها في المحمل .

١٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي نجران ، عن صفوان ، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : صلّ ركعتي الفجر في المحمل .

باب ۱۸

سفر میں نوافل

۱۔ میں نے سفر میں نماز کے متعلق پوچھا۔ فرمایا صرف دو رکعت نہ ان کے قبل کچھ اور نہ بعد میں، ہاں مسافر کو چاہیئے کہ بعد نماز مغرب چار رکعت پڑھے نافلہ اور رات کو چاہے پڑھے ورنہ نہیں، اگر سواری پر ہو تو اشارہ سے نماز پڑھ لے جب سجدے کا ارادہ کرے تو رکوع سے زیادہ اپنا سر جھکائے۔ (موثق)

۲۔ فرمایا مغرب کے بعد چار رکعت نافلہ نہ سفر میں ترک کرے نہ حضر میں۔ (م)

۳۔ فرمایا سفر میں نماز دو رکعت ہے نہ اس سے پہلے کوئی نماز نہ بعد میں، ہاں نماز مغرب کے بعد چار رکعت نافلہ ترک نہ کرو۔ نہ سفر میں نہ حضر میں، دن کی نوافل کی قضا لازم نہیں۔ البتہ رات کی نوافل کی ہے (م)

۴۔ میں نے کہا رات کی نماز نافلہ قضا ہو جاتی ہے۔ سفر میں تو کیا دن میں قضا بجا لاؤں۔ فرمایا ہاں اگر طاقت ہو (صحیح)

۵۔ میں نے پوچھا کیا نافلہ اونٹ پر یا چوپایہ پر پڑھی جا سکتی ہے جس طرف بھی تم جا رہے۔ میں نے کہا کیا استقبال قبلہ وقت تکبیر ضروری ہے۔ فرمایا نہیں۔ لیکن جدہر بھی رُخ ہو تکبیر کہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ (م)

۶۔ میں حضرت ابوعبداللہ کے ساتھ مکہ اور مدینہ کے درمیان سفر کر رہا تھا حضرت نے فرمایا تم جوان نمازمیں تاخیر کرتے ہو اور میں بوڑھا ہو کر جلدی کرتا ہوں۔ حضرت نماز شب اول شب میں پڑھتے تھے۔ (مجہول)

۷۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو اپنی سواری پر نماز پڑھے۔ فرمایا اشارہ سے پڑھے اور سجدہ کے لئے رکوع سے زیادہ جھکے۔ میں نے کہا اگر چلتے ہوئے نماز پڑھے۔ فرمایا اشارہ سے اور سجدہ کے لئے رکوع سے زیادہ جھکے (م)

۸۔ میں نے پوچھا اس شخص کے متعلق جو نماز نافلہ شہروں کے اندر چوپایہ پر پڑھے۔ جدہر وہ چاہے لے جائے۔ فرمایا کوئی مضائقہ نہیں۔ (حسن)

۹۔ امام محمد باقر علیہ السلام کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے اس میں اگر کوئی چلتے ہوئے نماز پڑھے (نافلہ) ساربان اونٹ کو کھینچتا ہوا نہ چلے۔ (مرسل)

۱۰۔ میں نے پوچھا جب کہ سردی کا موسم ہو اور بیماری بھی ہو نماز شب اور نماز وتر اوّل شب میں پڑھ لی جائے فرمایا کوئی مضائقہ نہیں میں بھی ایسا ہی کرتا ہوں۔ (ض)

۱۱۔ میں نے پوچھا سفر میں مغرب کی چار رکعت نافلہ کے متعلق جبکہ اونٹ والا لے جانے میں جلدی کر رہا ہو اور زمین پر نماز پڑھنا ممکن نہ ہو۔ فرمایا محمل ہی میں پڑھ لے۔ (ض)

۱۲۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے کہ صبح کی دو رکعت محمل میں پڑھ سکتے ہیں۔ (م)

﴿باب۸۲﴾

☆(الصلاة في السّفينة)☆

۱ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى قال : سمعت أباعبدالله عَلَيْهِ السَّلَامُ يسئل عن الصلاة في السفينة فيقول : إن استطعتم أن تخرجوا إلى الجدد فاخرجوا فان لم تقدروا فصلّوا قياماً فان لم تستطيعوا فصلّوا قعوداً وتحرّوا القبلة .

۲ ـ عليٌّ ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد جميعاً ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد بن عثمان ، عن أبي عبدالله عَلَيْهِ السَّلَامُ أنّه سئل عن الصلاة في السفينة فقال : يستقبل

القبلة فإذا دارت واستطاع أن يتوجّه إلى القبلة فليفعل وإلّا فليصلّ حيث توجّهت به قال : فإن أمكنه القيام فليصلّ قائماً وإلّا فليقعد ثمّ ليصلّ .

٣ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن بعض أصحابه ، عن أبي عبدالله عليه السلام في الرّجل يكون في السفينة فلا يدري أين القبلة قال : يتحرّى فإن لم يدر صلّى نحو رأسها .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن يزيد بن إسحاق ، عن هارون بن حمزة الغنويّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن الصلاة في السفينة فقال : إذا كانت محملة ثقيلة إذا قمت فيها لم تحرّك فصلّ قائماً وإن كانت خفيفة تكفىء فصلّ قاعداً .

٥ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن أبي هاشم الجعفريّ قال : كنت مع أبي الحسن عليه السلام في السفينة في دجلة فحضرت الصلاة فقلت : جعلت فداك نصلّي في جماعة ؟ قال : فقال : لا تصلّ في بطن واد جماعة .

باب ۸۴

کشتی میں نماز

۱۔ حضرتؑ سے کشتی میں نماز کے متعلق پوچھا گیا۔ فرمایا اگر ممکن ہو تو زمین پر آ کر پڑھ لو اور اگر ممکن نہ ہو تو کشتی ہی میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر پڑھ لو۔ (حسن)

۲۔ حضرتؑ سے کشتی میں نماز کے متعلق پوچھا۔ فرمایا قبلہ رو ہو کر پڑھے اگر کشتی گھوم جائے اور قبلہ رو رہ سکتا ہو تو رہے ورنہ جدھر کشتی کا رخ ہو نماز پڑھے اگر کھڑے ہو کر نہیں پڑھ سکتا تو بیٹھ کر پڑھے۔ (م)

۳۔ پوچھا اگر کشتی میں قبلہ کا رخ معلوم نہ ہو تو کیا کرے۔ فرمایا جستجو کرے اور اگر پتہ نہ چلے تو جدھر کشتی کا اگلا حصہ ہو اسی طرف رخ کر کے نماز پڑھ لے۔ (مرسل)

۴۔ فرمایا حضرتؑ نے کشتی میں نماز کے متعلق اگر کشتی میں وزن زیادہ ہو اور کھڑے ہونے سے ہلے ڈلے نہیں تو کھڑے ہو کر پڑھو اور اگر ہلکی ہو اور جھک جانے کا اندیشہ ہو تو بیٹھ کر پڑھے۔ (ض)

۵۔ میں امام رضا علیہ السلام کے ساتھ کشتی میں تھا دریائے دجلہ میں کہ نماز کا وقت آ گیا۔ میں نے کہا کیا آپؑ نماز جماعت سے پڑھیں گے فرمایا نہیں۔ نماز جماعت کھلی زمین پر پڑھی جائے گی۔ (ضعیف)

﴿باب ۸۳﴾

☼(صلاة النوافل)☼

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن زرارة قال : دخلت على أبي جعفر عليه السلام وأنا شابٌّ فوصف لي التطوّع والصوم ، فرأى ثقل ذلك في وجهي فقال لي : إنَّ هذا ليس كالفريضة من تركها هلك إنّما هو التطوّع إن شغلت عنه أو تركته قضيته ، إنّهم كانوا يكرهون أن ترفع أعمالهم يوماً تامّاً ويوماً ناقصاً إنَّ الله عزَّ وجلَّ يقول : «الّذينهم على صلوتهم دائمون » وكانوا يكرهون أن يصلّوا حتّى يزول النّهار ، إنَّ أبواب السماء تفتح إذا زال النهار .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن أُذينة ، عن فضيل ابن يسار ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الفريضة والنّافلة أحدٌ وخمسون ركعة منها ركعتان بعد العتمة جالساً تعدّان بركعة وهو قائمٌ ، الفريضة منها سبعة عشر ركعة و النافلة أربع وثلاثون ركعة .

٣ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن أُذينة ، عن الفضيل ابن يسار ؛ والفضل بن عبدالملك ؛ وبكير قالوا : سمعنا أبا عبدالله عليه السلام يقول : كان رسول الله صلى الله عليه وآله يصلّي من التطوّع مثلي الفريضة ويصوم من التطوّع مثلي الفريضة .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن سنان ، عن ابن مسكان ، عن محمّد بن أبي عمير قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن أفضل ما جرت به السنّة من الصلاة ، فقال : تمام الخمسين .

و روى الحسين بن سعيد ، عن محمّد بن سنان مثله .

٥ ـ محمّد ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن إسماعيل بن بزيع ، عن حنان قال : سأل عمرو بن حريث أبا عبد الله عليه السلام و أنا جالسٌ فقال له : جعلت فداك أخبرني عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وآله ، فقال : كان النبيّ صلى الله عليه وآله يصلّي ثماني ركعات الزّوال وأربعاً الأولى وثماني بعدها وأربعاً العصر وثلاثاً المغرب وأربعاً بعد المغرب و العشاء الآخرة أربعاً وثماني صلاة اللّيل وثلاثاً الوتر وركعتي الفجر وصلاة الغداة ركعتين ، قلت :

جعلت فداك وإن كنت أقوي على أكثر من هذا يعذّب الله على كثرة الصّلاة؟ فقال: لا و لكن يعذّب على ترك السنّة.

٦ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن حمّاد، عن الحلبيّ قال: سألت أباعبدالله عليه السلام هل قبل العشاء الآخرة وبعدها شيء؟ قال: لا غير أنّي اُصلّي بعدها ركعتين ولست أحسبهما من صلاة اللّيل.

٨ ـ محمّد بن الحسن، عن سهل، عن أحمد بن محمّد بن أبي نصر قال: قلت لأبي الحسن عليه السلام: إنّ أصحابنا يختلفون في صلاة التطوّع بعضهم يصلّي أربعاً و أربعين و بعضهم يصلّي خمسين فأخبرني بالّذي تعمل به أنت كيف هو حتّى أعمل بمثله، فقال: اُصلّي واحدة وخمسين ثمّ قال: أمسك ـ و عقد بيده ـ الزّوال ثمانية و أربعاً بعد الظهر وأربعاً قبل العصر و ركعتين بعد المغرب وركعتين قبل عشاء الآخرة و ركعتين بعد العشاء، من قعود تعدّ أن بركعة من قيام وثماني صلاة اللّيل والوتر ثلاثاً و ركعتي الفجر والفرائض سبع عشرة فذلك أحد وخمسون.

٧ ـ محمّد بن يحيى، عن سلمة بن الخطّاب، عن الحسين بن سيف، عن محمّد بن يحيى، عن حجّاج الخشّاب، عن أبي الفوارس قال: نهاني أبوعبدالله عليه السلام أن أتكلّم بين الأربع ركعات الّتي بعد المغرب.

٩ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ، عن عبدالله بن عامر، عن عليّ بن مهزيار، عن فضالة بن أيّوب، عن حمّاد بن عثمان قال: سألته عن التطوّع بالنّهار، فذكر أنّه يصلّي ثمان ركعات قبل الظهر وثمان بعدها.

١٠ ـ عنه، عن معلّى بن محمّد، عن الحسن بن عليّ الوشّاء، عن أبان بن عثمان عن يحيى بن أبي العلاء، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال أميرالمؤمنين صلوات الله عليه: صلاة الزوال صلاة الأوّابين.

١١ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن حمّاد بن عيسى، عن حريز، عن زرارة، عن أبي جعفر عليه السلام قال: قلت له: «آناء اللّيل ساجداً وقائماً يحذر الآخرة ويرجو رحمة ربّه» قال: يعني صلاة اللّيل قال: قلت له: «وأطراف النهار لعلّك ترضى» قال: يعني تطوّع بالنّهار، قال: قلت له: «وإدبار النجوم» قال: ركعتان قبل الصّبح قلت: «وإدبار السجود» قال: ركعتان بعد المغرب.

١٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا قمت باللّيل من منامك فقل : «الحمد لله الّذي ردّ عليّ روحي لأحمده وأعبده» فإذا سمعت صوت الدّيوك فقل : «سبّوح قدّوس ربّ الملائكة والرّوح سبقت رحمتك غضبك لا إله إلّا أنت وحدك لا شريك لك عملت سوءاً و ظلمت نفسي فاغفرلي وارحمني إنّه لا يغفر الذّنوب إلّا أنت» فإذا قمت فانظر في آفاق السماء وقل : «اللّهمّ إنّه لا يواري عنك ليل ساج ولا سماء ذات أبراج ولا أرض ذات مهاد ولا ظلمات بعضها فوق بعض ولا بحر لجّي تدلج بين يدي المدلج من خلقك : تعلم خائنة الأعين وما تخفي الصدور غارت النجوم ونامت العيون وأنت الحيّ القيّوم ، لا تأخذك سنة ولا نوم ، سبحان ربّ العالمين وإله المرسلين والحمد لله ربّ العالمين» ثم اقرء الخمس الآيات من آخر آل عمران : «إنّ في خلق السموات والأرض ـ إلى قوله ـ إنّك لا تخلف الميعاد» ثمّ استك وتوضّأ فإذا وضعت يدك في الماء فقل : «بسم الله وبالله اللّهمّ اجعلني من التوّابين واجعلني من المتطهّرين» فإذا فرغت فقل : «الحمد لله ربّ العالمين» فإذا قمت إلى صلاتك فقل : «بسم الله وبالله وإلى الله ومن الله وماشاء الله ولا حول ولا قوّة إلّا بالله ، اللّهمّ اجعلني من زوّار بيتك وعمّار مساجدك وافتح لي باب توبتك و أغلق عنّي باب معصيتك وكلّ معصية ، الحمد لله الّذي جعلني ممّن يناجيه ، اللّهمّ أقبل عليّ بوجهك جلّ ثناؤك» ثمّ افتتح الصلاة بالتكبير.

١٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ رسول الله صلى الله عليه وآله كان إذا صلّى العشاء الآخرة أمر بوضوئه و سواكه يوضع عند رأسه مخمّراً فيرقد ماشاء الله ثمّ يقوم فيستاك ويتوضّأ ويصلّي أربع ركعات ثمّ يرقد ثمّ يقوم فيستاك ويتوضّأ ويصلّي أربع ركعات ثمّ يرقد حتّى إذا كان في وجه الصّبح قام فأوتر ثمّ صلّى الرّكعتين ثمّ قال : «لقد كان لكم في رسول الله أسوة حسنة» قلت : متى كان يقوم؟ قال : بعد ثلث اللّيل وقال : في حديث آخر بعد نصف اللّيل.

و في رواية أُخرى يكون قيامه و ركوعه و سجوده سواء ويستاك في كلّ مرّة قام من نومه و يقرء الآيات من آل عمران : «إنّ في خلق السّموات و الارض ـ إلى قوله : ـ إنّك لا تخلف الميعاد».

١٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن ابن فضّال ، عن ابن بكير ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : كان رسول الله صلى الله عليه وآله يصلّي من اللّيل ثلاث عشرة ركعة منها الوتر و ركعتا الفجر في السّفر والحضر .

١٥ ـ عنه ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن حديد ، عن عليّ بن النّعمان ، عن الحارث بن المغيرة النّصريّ قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : صلاة النّهار ستّ عشرة ركعة ثمان إذا زالت الشّمس وثمان بعد الظّهر و أربع ركعات بعد المغرب ياحارث لاتدعهنّ في سفر ولا حضر و ركعتان بعد العشاء الآخرة كان أبي يصلّيهما وهو قاعدٌ وأنا اُصلّيهما وأنا قائم وكان رسول الله صلى الله عليه وآله يصلّي ثلاث عشرة ركعة من اللّيل .

١٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس قال : حدّثني إسماعيل بن سعد الأحوص قال : قلت للرّضا عليه السلام : كم الصّلاة من ركعة ؟ فقال : إحدى و خمسون ركعة .

١٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن سالم ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : « إنّ ناشئة اللّيل هي أشدّ وطاءً وأقوم قيلاً » قال : يعني بقوله : « وأقوم قيلاً » قيام الرّجل عن فراشه يريد به الله لايريد به غيره .

١٨ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن أبي أيّوب الخزّاز ، عن محمّد بن مسلم قال : سمعت أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ العبد يوقظ ثلاث مرّات من اللّيل فإن لم يقم أتاه الشّيطان فبال في اُذنه ؛ قال : وسألته عن قول الله عزّ وجلّ : « كانوا قليلاً من اللّيل مايهجعون » قال : كانوا أقلّ اللّيالي تفوتهم لايقومون فيها .

١٩ ـ عنه ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن اُذينة ، عن عمر بن يزيد أنّه سمع أباعبدالله عليه السلام يقول : إنّ في اللّيل لساعة مايوافقها عبدٌ مسلم يصلّي و يدعو الله فيها إلّا استجيب له في كلّ ليلة ، قلت : أصلحك الله فأيّ ساعة هي من اللّيل قال : إذا مضى نصف اللّيل في السّدس الأوّل من النّصف الباقي .

٢٠ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن الحسين بن سعيد ، عن حمّاد بن عيسى ، عن معاوية بن وهب ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قلت له : إنّ رجلاً من مواليك من صلحائهم شكى إليّ مايلقى من النّوم وقال : إنّي اُريد القيام إلى الصّلاة باللّيل فيغلبني النّوم حتّى أصبح وربّما قضيت صلاتي الشّهر متتابعاً و الشّهرين أصبر على

تقله ، فقال : قرّة عين له والله ، قال : ولم يرخّص له في الصّلاة في أوّل اللّيل ، وقال : القضاء بالنّهار أفضل . قلت : فإنّ من نسائنا أبكاراً الجارية تحبّ الخير و أهله و تحرص على الصّلاة فيغلبها النّوم حتّى ربّما قضت و ربّما ضعفت عن قضائه و هي تقوي عليه أوّل اللّيل فرخّص لهنّ في الصّلاة أوّل اللّيل إذا ضعفن وضيّعن القضاء .

۲۱ ـ أحمدبن إدريس ، عن محمّدبن عبدالجبّار ، عن صفوان ، عن ابن بكير قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : ماكان يحمد الرّجل أن يقوم من آخر اللّيل فيصلّي صلاته ضربة واحدة ثمّ ينام ويذهب .

۲۲ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبداللهبن المغيرة ، عن ابن مسكان ، عن الحسن الصّيقل ، عن أبي‌عبدالله عليه السلام قال : قلت له : الرّجل يصلّي الركعتين من الوتر ثمّ يقوم فينسى التشهّد حتّى يركع ويذكر وهو راكع ، قال : يجلس من ركوعه فيتشهّد ثمّ يقوم فيتمّ ، قال : قلت : أليس قلت في الفريضة إذا ذكره بعد ماركع : مضى ثمّ سجد سجدتي السّهو بعد ما ينصرف و يتشهّد فيهما ؟ قال : ليس النّافلة مثل الفريضة .

۲۳ ـ الحسين بن محمّد الأشعريّ ، عن عبداللهبن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالةبن أيّوب وحمّادبن عيسى ، عن معاويةبن وهب قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن أفضل ساعات الوتر ، فقال : الفجر أوّل ذلك .

۲٤ ـ محمّدبن يحيى ، عن محمّدبن الحسين ، عن ابن أبي عمير : عن إسماعيل بن أبي سارة قال : أخبرني أبان بن تغلب قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : أيّة ساعة كان رسول الله صلى الله عليه وآله يوتر ؟ فقال : على مثل مغيب الشمس إلى صلاة المغرب .

۲۵ ـ عليّ بن محمّد ؛ عن سهل بن زياد ، عن ابن أسباط ، عن إبراهيم بن أبي البلاد قال : صلّيت خلف الرّضا عليه السلام في المسجد الحرام صلاة اللّيل فلمّا فرغ جعل مكان الضجعة سجدة

۲٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي‌عمير ، عن ابن اُذينة ، عن زرارة قال : قلت لأبي جعفر عليه السلام : الرّكعتان اللّتان قبل الغداة أين موضعهما ؟ فقال : قبل طلوع الفجر فإذا طلع الفجر فقد دخل وقت الغداة .

۲۷ ـ وعنه ، عن محمّد بن الحسين ، عن الحجّال ، عن عبدالله بن الوليد الكنديّ عن إسماعيل بن جابر أو عبدالله بن سنان قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّي أقوم آخر اللّيل وأخاف الصّبح ، قال : اقرء الحمد و اعجل واعجل .

ـ الحسين بن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن القاسم بن بزيد ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : سألته عن الرّجل يقوم من آخر اللّيل وهو يخشى أن يفجأه الصّبح أيبدء بالوتر أو يصلّي الصلاة على وجهها حتّى يكون الوتر آخر ذلك ؟ قال : بل يبدء بالوتر ؛ وقال : أنا كنت فاعلاً ذلك .

۲۸ ـ أحمد بن إدريس ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن أبي ولاّد حفص ابن سالم قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن التسليم في ركعتي الوتر فقال : نعم وإن كانت لك حاجة فاخرج واقضها ثمّ عد واركع ركعة .

۲۹ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن ابن سنان قال : سألت أبا عبدالله عليه السلام عن الوتر ما يقرء فيهنّ جميعاً ؟ قال : بقل هو الله أحد ، قلت : في ثلاثهنّ ؟ قال : نعم .

۳۰ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام [أنّه سئل] عن القنوت في الوتر هل فيه شيء موقّت يتّبع ويقال ؟ فقال : لا ، اثن على الله عزّ وجلّ وصلّ على النبيّ صلى الله عليه وآله واستغفر لذنبك العظيم ، ثمّ قال : كلّ ذنب عظيم .

۳۱ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن أبان ، عن عبدالرّحمن بن أبي عبدالله قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : القنوت في الوتر الاستغفار وفي الفريضة الدعاء .

۳۲ ـ محمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن منصور ابن حازم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : استغفر الله في الوتر سبعين مرّة .

۳۳ ـ محمّد بن يحيى ، عن عمران بن موسى ، عن الحسن بن عليّ بن النّعمان ، عن أبيه ، عن بعض رجاله قال : جاء رجل إلى أمير المؤمنين عليّ بن أبي طالب صلوات الله عليه فقال : يا أمير المؤمنين إنّي قد حرمت الصّلاة باللّيل ؛ فقال أمير المؤمنين عليه السلام : أنت رجل قد قيّدتك ذنوبك .

۳۴ ـ عليٌّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن مهزيار قال : قرأت في كتاب رجل إلى أبي عبدالله عليه السلام : الرَّكعتان اللّتان قبل صلاة الفجر من صلاة اللّيل هي أم من صلاة النّهار وفي أيّ وقت اُصلّيها ؟ فكتب بخطّه احشها في صلاة اللّيل حشواً .

باب ۸۳

نمازِ نوافل

۱۔ جب میں جوان تھا تو امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے نمازِ نافلہ اور مستحب روزہ کے فضائل بیان کیے جب آپؑ نے میرے چہرے پر گرانی محسوس کی تو فرمایا یہ فریضہ نہیں ہے جس کا ترک باعث ہلاکت ہو، خوشی کی خاطر کا سودا ہے اگر ترک کر دو یا غافل ہو جاؤ تو بعد میں ادا کر دو یا غافل ہو جاؤ تو بعد میں ادا کر دو، لوگ بُرا جانتے ہیں اس بات کو کہ ان کے اعمال اس طرح بلند ہوں کہ ایک دن پورے ہوں تو ایک دن ناقص۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ لوگ اپنی نمازوں میں ہمیشہ قائم رہتے ہیں اور بُرا جانتے ہیں اس بات کو کہ وہ اس وقت پڑھیں جب زوال ہو جائے۔ بے شک وقتِ زوال آسمانوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ (موثق)

۲۔ فرمایا حضرتؑ نے فریضہ اور نافلہ اکیاون رکعت ہے ان میں دو رکعت نافلہ عشاء بیٹھ کر ہیں یہ دو رکعتیں ایک رکعت شمار ہوتی ہیں واجب کی رکعتیں ۱۷ ہیں اور نافلہ کی ۳۴۔ (حسن)

۳۔ حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت رسولؐ خدا نافلہ نمازیں بھی واجب کی طرح پڑھتے تھے اور سنت روزہ واجب کی طرح رکھتے تھے۔

۴۔ میں نے پوچھا نمازوں میں افضل سنت کیا ہے فرمایا پچاس رکعت سنت پڑھنا۔ عشاء کی دو رکعت نماز نافلہ ایک رکعت شمار کی جاتی ہے۔ دوسرے راوی نے بھی یہی روایت کی ہے۔

۵۔ میں نے رسولؐ کی نماز کے متعلق پوچھا۔ فرمایا آٹھ رکعت قبل نمازِ ظہر پڑھتے تھے وقتِ زوال پھر چار رکعت ظہر اس کے آٹھ رکعت پھر نماز عصر چار رکعت پھر مغرب کی تین پھر عشاء کی چار رکعت۔ اور آٹھ رکعت نماز شب، تین رکعت نماز وتر اور دو رکعت نماز صبح اور دو رکعت نماز واجب صبح، میں نے کہا اگر مجھ میں اس سے زیادہ نمازیں پڑھنے کی طاقت ہو تو کیا مجھے عذاب کرے گا۔ فرمایا نہیں، مگر ترک سنت پر۔ (موثق)

۶۔ میں نے پوچھا نمازِ عشاء کے قبل یا بعد بھی کچھ اور عبادت ہے فرمایا نہیں مگر میں اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھتا ہوں اور ان کو نمازِ شب میں شمار نہیں کرتا۔ (حسن)

۷۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا ہمارے ساتھی نمازہائے نوافل کے بارے میں اختلاف رکھتے ہیں بعض ۴۴ رکعت رکھتے ہیں اور بعض ۵۰، مجھے اپنا عمل بتایئے کہ میں اس پر کاربند ہوں فرمایا میں اکیاون رکعت پڑھتا ہوں پھر حضرت خاموش ہوئے اور اپنی انگلیوں پر گننے لگے ۸ اور ۴ بعد ظہر اور ۴ قبل عصر اور دو رکعت بعد مغرب اور دو رکعت قبل عشاء اور دو رکعت بعد عشاء بیٹھ کر جو رکعت واحد شمار ہوں گی بلحاظ قیام اور ۸ رکعت نمازِ شب اور ۳ رکعت وتر اور دو رکعت نمازِ صبح اور واجب رکعت سترہ ہیں یہ سب مل کر ۵۱ رکعات ہوئیں (یہ حدیث ضعیف ہے تقسیمِ رکعات عمل جمہور شیعہ کے خلاف ہے۔ (ض)

۸۔ مجھے حضرتؑ نے نافلہ مغرب کی چار رکعت کے درمیان کلام کرنے سے منع فرمایا ہے۔ (ض)

۹۔ میں نے دن کے نوافل کے متعلق پوچھا۔ فرمایا ۸ رکعت قبل ظہر اور ۸ رکعت بعد ظہر۔ (م)

۱۰۔ فرمایا حضرتؑ نے امیر المومنین علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ زوال کے وقت نماز پڑھنا خدا کی طرف رجوع کرنے والوں کی نماز ہے۔ (حسن)

۱۱۔ میں نے کہا رات میں سجدہ کرنا اور کھڑا رہنا آخرت سے ڈراتا اور رحمتِ رب کی امید دلاتا ہے۔ فرمایا اس سے مراد نمازِ شب ہے، میں نے کہا اطرافِ نہار سے کیا مراد ہے فرمایا نوافلِ روز، میں نے کہا ادبار النجوم سے کیا مراد ہے فرمایا دو رکعت قبل صبح اور ادبار السجود سے مراد دو رکعت بعد نمازِ مغرب۔ (حسن)

۱۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب رات کو خواب سے بیدار ہو تو کہو۔

جب مرغوں کی آواز سنو تو کہو۔

«الحمد لله الّذي ردّ عليّ روحي لأحمده وأعبده»

فإذا سمعت صوت الدّيوك فقل: «سبّوح قدّوس ربّ الملائكة والرّوح سبقت رحمتك غضبك لا إله إلّا أنت وحدك لا شريك لك عملت سوءاً و ظلمت نفسي فاغفرلي وارحمني إنّه لا يغفر الذّنوب إلّا أنت»

جب کھڑے ہو تو آسمان کے کناروں پر نظر کرکے کہو۔ «اللّهمّ إنّه لا يواري

عنك ليل ساج ولا سماء ذات أبراج ولاأرض ذات مهاد ولاظلمات بعضها فوق بعض ولا بحر لجّي تدلج بين يدي المدلج من خلقك: تعلم خائنة الأعين وما تخفي الصدور

غارت النجوم ونامت العيون وأنت الحيّ القيّوم ، لا تأخذك سنة ولا نوم ، سبحان ربّ العالمين وإله المرسلين والحمد لله ربّ العالمين ۔

پھر سورۂ آلِ عمران کی پانچ آیتیں پڑھو۔

«إنّ في خلق السموات والأرض۔ إلى قوله :۔ إنّك لا تخلف الميعاد»

پھر بیٹھو اور وضو کرو اور جب اپنا ہاتھ پانی میں ڈالو تو کہو۔

«بسم الله وبالله اللّهمّ اجعلني من التوّابين واجعلني من المتطهّرين»

جب وضو کر چکو تو کہو۔

«الحمد لله ربّ العالمين»

جب نماز کو کھڑے ہو تو کہو۔

« بسم الله وبالله وإلى الله ومن الله وماشاء الله ولاحول ولاقوّة إلّا بالله ، اللّهمّ اجعلني من زوّار بيتك وعمّار مساجدك وافتح لي باب توبتك وأغلق عنّي باب معصيتك وكلّ معصية ، الحمد لله الّذي جعلني ممّن يناجيه ، اللّهمّ أقبل عليّ بوجهك جلّ ثناؤك»

پھر تکبیر کہہ کر نماز شروع کرو۔

۱۱۳۔ فرمایا امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ حضرت رسولؐ خدا نماز عشاء پڑھنے کے بعد حکم دیتے کہ وضو کے لئے پانی اور مسواک حضرتؐ کے سر کے قریب ڈھک کر رکھا جائے تاکہ کوئی نجاست نہ مل جائے۔ پھر سو جاتے جتنی دیر چاہتے، پھر بیدار ہو کر مسواک کرتے اور وضو کر کے چار رکعات نماز پڑھ کر سو جاتے، جب صبح قریب ہوتی تو کھڑے ہو کر نماز وتر پڑھتے پھر دو رکعت نماز پڑھتے، امام علیہ السلام نے فرمایا۔ تم لوگوں کو رسولؐ اللہ کے عمل کی پیروی کرنی چاہیئے۔ میں نے کہا آنحضرتؐ کب سے عمل شروع کرتے۔ فرمایا تہائی رات کے بعد سے اور ایک روایت میں ہے نصف شب کے بعد سے (حسن)

۱۱۴۔ اور ایک روایت میں ہے کہ آپؐ کا قیام رکوع و سجود برابر ہوتا تھا اور جب نیند سے بیدار ہوتے تو مسواک ضرور کرتے اور سورۂ آلِ عمران کی آخری آیتیں لا تخلف المیعاد تک پڑھتے۔ (موثق)

۱۱۵۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز شب تیرہ رکعت پڑھتے تھے۔ ان میں نماز وتر اور دو رکعت صبح شامل تھیں دونوں میں یہی صورت تھی۔ (ع)

۱۱۶۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے سنا کہ دن کی نماز نافلہ ۱۶ رکعات ہیں وقت زوال آٹھ اور بعد ظہر آٹھ اور ۴ رکعت بعد نماز مغرب، اے حارث سفر ہو یا حضر ان چار رکعت کو نہ چھوڑنا، میرے والد یہ دو رکعت بعد عشاء بیٹھ کر پڑھتے تھے اور میں کھڑے ہو کر پڑھتا ہوں اور رسولؐ اللہ تیرہ رکعات نماز شب پڑھتے تھے۔ (ع)

۱۷۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا نمازوں میں کل کتنی رکعات ہیں فرمایا اکیاون۔ (ض)

۱۸۔ امام علیہ السلام نے آیہ ناشئۃ اللیل (الخ) کے متعلق پوچھا۔ فرمایا بے شک رات کا اٹھنا نفس کو پامال کرنے والا اور ٹھکانہ کا ذکر ہے کسی کا اپنے بستر سے اٹھنا اس لئے کہ خدا کے سوا کسی کے ذکر کا ارادہ نہیں رکھتا۔ (حسن)

۱۹۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے سنا کہ بندہ رات میں تین بار جگایا جاتا ہے اگر اس پر بھی وہ نہیں اٹھتا تو شیطان اس کے کان میں پیشاب کر دیتا ہے۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا۔ وہ رات میں بہت کم سوتے ہیں فرمایا راتوں کے بہت کم حصے ایسے ہوتے ہیں جن میں وہ عبادت نہ کرتے ہوں۔

۲۰۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ رات میں ایک گھڑی ایسی بھی ہے کہ اگر مرد مسلمان رات میں نماز پڑھتا اور دعا کرتا ہے تو اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے میں نے کہا اللہ آپ کی حفاظت کرے وہ کون سی ساعت ہے فرمایا جب نصف رات گزر جائے تو نصف باقی کے ابتدائی چھٹے حصے میں۔ (موثق)

۲۱۔ میں نے حضرت سے کہا آپ کے دوستوں میں سے ایک نے جو نکوکاروں میں سے ہے مجھ سے اپنی نیند کی شکایت کی ہے کہا میں نماز شب پڑھنے کا ارادہ کرتا ہوں مگر نیند غالب آجاتی ہے تا اینکہ صبح ہو جاتی ہے اور ایک ماہ یا دو ماہ تک متواتر نمازیں قضا ہوتی رہتی ہیں۔ فرمایا ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں۔ پھر فرمایا اول شب میں نماز کی اجازت نہیں اور فرمایا دن میں قضا بجا لانا افضل ہے۔ میں نے کہا ہماری عورتیں باکرہ کنیزیں نیک ہیں نکوکار پسند ہیں اور نماز شب کی شوقین ہیں لیکن نیند ان پر غالب آجاتی ہے اکثر نماز قضا ہو جاتی ہے اور ان کی کمزوری کی وجہ سے قضا ادا نہیں ہوتی۔ آپ نے ان کو اجازت دی اول شب پڑھنے کی۔ جبکہ کمزور ہوں اور قضا بجا نہ لاسکیں۔ (موثق)

۲۲۔ فرمایا وہ شخص قابلِ تعریف نہیں جو آخر شب میں اٹھے اور ایک ساتھ تمام رکعات پڑھنے کے بعد سو جائے یا کہیں چلا جائے۔ (مجہول)

۲۳۔ میں نے کہا ایک شخص وتر کی دو رکعت نماز پڑھتا ہے پھر کھڑا ہو جاتا ہے اور تشہد بھول جاتا ہے یہاں تک کہ رکوع میں چلا جاتا ہے تب اسے یاد آتا ہے فرمایا رکوع چھوڑ کر بیٹھ جائے اور تشہد پڑھے پھر کھڑے ہو کر نماز تمام کرے۔ میں نے کہا کیا آپ نے نماز فریضہ کے متعلق نہیں فرمایا تھا کہ رکوع کے بعد اگر یاد آئے تو نماز جاری رکھے پھر دو سجدہ سہو بجا لائے ختم نماز کے بعد فرمایا نماز نافلہ نماز فریضہ کی طرح نہیں ہوتی۔ (مجہول)

۲۴۔ میں نے نماز وتر کے متعلق پوچھا کہ سب سے بہتر وقت اس کے لئے کیا ہے فرمایا اول فجر۔ (صحیح)

۲۵۔ میں نے کہا رسول اللہ نماز وتر کس وقت تک پڑھتے تھے فرمایا جیسے غروب آفتاب کے بعد مغرب کا وقت ہوتا ہے اسی طرح طلوع فجر اول نماز وتر کا وقت ہے۔ (حسن)

۲۶۔ میں نے امام رضا علیہ السلام کے پیچھے مسجد الحرام میں نماز شب پڑھی جب فارغ ہوئے تو افضل (داہنے ہاتھ پر

دا ہنا رُخسارہ رکھنا) کے مقام پر سجدہ کیا۔ (مجہول)

۲۷۔ میں نے پوچھا ان دو رکعتوں کے متعلق جو نماز صبح سے پہلے پڑھی جاتی ہیں کہ ان کا وقت کیا ہے۔ فرمایا قبل طلوع فجر جب صبح ظاہر ہو تو وہی نماز صبح کا وقت ہے۔ (حسن)

۲۸۔ میں نے کہا میں رات کو دیر سے اٹھتا ہوں اور جلد صبح کے طلوع ہونے کا خوف ہوتا ہے تو نماز وتر کی کیا صورت ہو۔ فرمایا صرف سورۂ الحمد پڑھ کر نماز ختم کرو۔

میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جو آخر شب میں بیدار ہوتا ہے اور اس کو صبح کے طلوع ہونے کا خوف ہو ایسی صورت میں نماز وتر پوری پڑھے کہ شب کی آخر نماز وتر ہے فرمایا وتر سے شروع کرے۔ میں بھی ایسا ہی کرتا ہوں۔

۲۹۔ میں نے وتر کی دو رکعتوں میں سلام پڑھنے کے متعلق پوچھا۔ فرمایا ہاں اگر تمہیں ضرورت لاحق ہو تو نماز ختم کر کے وہ کام انجام دے لو پھر مصلے پر آ کر باقی ایک رکعت پڑھ لو۔ (م)

۳۰۔ میں نے پوچھا وتر کی کل رکعتوں میں کیا پڑھا جائے فرمایا۔ قل ہو اللّٰہ احد، میں نے کہا۔ تینوں رکعتوں میں فرمایا ہاں (م)

۳۱۔ میں نے کہا کیا نماز وتر میں کوئی قانون خاص ہے۔ فرمایا نہیں۔ اللہ کی حمد و ثنا کرو، درود بھیجو اور استغفار کرو گناہ عظیم کے لیے۔ پھر فرمایا ہر گناہ عظیم ہی ہوتا ہے۔ (حسن)

۳۲۔ فرمایا وتر کا قنوت استغفار ہے اور نماز واجب میں دعا ہے۔ (ض)

۳۳۔ فرمایا نماز وتر میں ستر بار استغفار ہے۔ (مجہول)

۳۴۔ ایک شخص امیر المومنین علیہ السلام سے کہنے لگا میں نماز شب سے محروم ہوں فرمایا تیرے گناہوں نے تجھے قید کر لیا ہے

۳۵۔ میں نے ایک شخص کے خط میں جو امام محمد باقر علیہ السلام کو لکھا گیا تھا یہ پڑھا اس نے پوچھا تھا۔ جو نماز، نماز صبح سے پہلے پڑھی جائے اس کا شمار نماز شب میں ہے یا دن میں۔ فرمایا۔ میں اسے نماز شب میں شمار کرتا ہوں۔

﴿باب۸۴﴾

☆(تقديم النوافل وتأخيرها و قضائها وصلاة الضحى)☆

١ ـ الحسين بن محمد، عن عبدالله بن عامر، عن علي بن مهزيار، عن الحسين بن سعيد، عن حماد بن عيسى، عن بريد بن ضمرة الليثي، عن محمد بن مسلم قال: سألت أبا جعفر عليه السلام عن الرجل يشتغل عن الزوال أيعجل من أول النهار؟ فقال: نعم إذا

علم أنّه يشتغل فيعجّلها في صدر النّهار كلّها

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس بن عبد الرّحمن ، عن معاوية بن وهب قال : لمّا كان يوم فتح مكّة ضربت على رسول الله صلى الله عليه وآله خيمة سوداء من شعر بالأبطح ثمّ أفاض عليه الماء من جفنة يرى فيها أثر العجين ثمّ تحرّى القبلة ضحى فركع ثماني ركعات لم يركعها رسول الله صلى الله عليه وآله قبل ذلك ولا بعد .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، غن معاوية بن عمّار قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : اقض مافاتك من صلاة النّهار بالنّهار ومافاتك من صلاة اللّيل باللّيل قلت : أقضي وترين في ليلة ؟ فقال : نعم اقض وتراً أبداً .

٤ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن مرازم قال : سأل إسماعيل ابن جابر أبا عبدالله عليه السلام فقال : أصلحك الله إنّ عليّ نوافل كثيرة فكيف أصنع ؟ قال : اقضها ، فقال له : إنّها أكثر من ذلك ، قال : اقضها ، قلت : لا أحصيها قال : توخّ ، قال مرازم : وكنت مرضت أربعة أشهر لم أتنفّل فيها ، قلت : أصلحك الله وجعلت فداك مرضت أربعة أشهر لم اُصلّ نافلة ، فقال : ليس عليك قضاء إنّ المريض ليس كالصّحيح كلّما غلب الله عليه فالله أولى بالعذر فيه .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن عبدالله بن محمّد ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبان بن عثمان ، عن إسماعيل الجعفي قال : قال أبوجعفر عليه السلام : أفضل قضاء النّوافل قضاء صلاة اللّيل باللّيل وصلاة النّهار بالنّهار . قلت : فيكون وتران في ليلة ؟ قال : لا ، قلت : ولم تأمرني أن أوتر وترين في ليلة ؟ فقال عليه السلام : أحدهما قضاء .

٦ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سئل أبو عبدالله عليه السلام عن رجل فاتته صلاة النّهار متى يقضيها ؟ قال : متى ماشاء إن شاء بعد المغرب وإن شاء بعد العشاء

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن العلاء ، عن محمّد بن مسلم قال : سألته عن الرّجل تفوته صلاة النّهار قال : يصلّيها إن شاء بعد المغرب وإن شاء بعد العشاء .

٨ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن إسماعيل القميّ ، عن عليّ بن الحكم ، عن سيف

ابن عميرة رفعه قال : مرّ أمير المؤمنين صلوات الله عليه برجل يصلّي الضّحى في مسجد الكوفة فغمز جنبه بالدّرة وقال : نحرت صلاة الأوّابين نحرك الله ، قال : فأتركها ؟ قال : فقال : « أرأيت الّذي ينهى عبداً إذا صلّى » فقال أبو عبدالله عليه السلام : وكفى بإنكار عليّ عليه السلام نهياً .

٩ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة ، و الفضيل ، عن أبي جعفر ، و أبي عبدالله صلوات الله عليهما أنّ رسول الله صلى الله عليه وآله قال : صلاة الضّحى بدعة .

١٠ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن أبان ، عن سليمان بن خالد قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن قضاء الوتر بعد الظهر ، فقال : اقضه وتراً أبداً كما فاتك . قلت : وتران في ليلة ؟ قال : نعم ، أليس إنّما أحدهما قضاء (١) .

١١ ـ عليّ ، عن أبيه ، عن ابن المغيرة ، عن أبي جرير القمّي ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : كان أبو جعفر عليه السلام يقضي عشرين وتراً في ليلة .

١٢ ـ عنه ، عن أبيه ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إذا اجتمع عليك وتران أو ثلاثة أو أكثر من ذلك فاقض ذلك كما فاتك تفصل بين كلّ وترين بصلاة لأنّ الوتر الآخر ، لا تقدّمن شيئاً قبل أوّله ، الأوّل فالأوّل ، تبدء إذا أنت قضيت صلاة ليلتك ثمّ الوتر ، قال : وقال أبو جعفر عليه السلام : لايكون وتران في ليلة إلّا واحدهما قضاء . وقال : إن أوترت من أوّل اللّيل وقمت في آخر اللّيل فوترك الأوّل قضاء وما صلّيت من صلاة في ليلتك كلّها فليكن قضاء إلى آخر صلاتك فإنّها لليلتك وليكن آخر صلاتك الوتر وتر ليلتك .

١٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عمرو بن عثمان ، عن عليّ بن عبدالله ، عن عبدالله بن سنان قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : رجل عليه من صلاة النّوافل مالايدري ماهو من كثرته كيف يصنع ؟ قال : فليصلّ حتّى لايدري كم صلّى من كثرته فيكون قد قضى بقدر علمه ، قلت : فإنّه لايقدر على القضاء من كثرة شغله ؟ فقال : إن كان شغله في طلب معيشة لابدّ منها أو حاجة لأخ مؤمن فلاشيء عليه وإن كان شغله لدنيا تشاغل بها عن الصّلاة فعليه القضاء و إلّا لقي الله مستخفّاً متهاوناً مضيّعاً لسنّة رسول الله صلى الله عليه وآله

قلت : فإنّه لايقدر على القضاء فهل يصلح له أن يتصدّق ؟ فسكت مليّاً[1] ثمّ قال : نعم فليتصدّق بصدقة ، قلت : وما يتصدّق ؟ فقال : بقدر طوله و أدنى ذلك مدّ لكلّ مسكين مكان كلّ صلاة ، قلت : وكم الصّلاة الّتي تجب علية فيها مدّ لكلّ مسكين ؟ فقال : لكلّ ركعتين من صلاة اللّيل وكلّ ركعتين من صلاة النّهار . فقلت : لا يقدر ، فقال : مدّ لكلّ أربع ركعات ، فقلت :لايقدر ، فقال : مدّ لكلّ صلاة اللّيل ومدّ لصلاة النّهار والصّلاة أفضل والصّلاة أفضل .

١٤ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن عمرو بن عثمان ، عن محمّد بن عذافر ، عن عمر بن يزيد ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : اعلم أنّ النّافلة بمنزلة الهديّة متى ما اُتي بها قبلت .

١٥ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن عليّ بن أسباط ، عن عدّة من أصحابنا أنّ أبا الحسن الأوّل عليه السلام كان إذا اهتمّ ترك النّافلة .

١٦ ـ وعنه ، عن عليّ بن معبد أو غيره ، عن أحدهما عليهما السلام قال : قال النّبيّ صلّى الله عليه وآله : إنّ للقلوب إقبالاً وإدباراً فإذا أقبلت فتنفّلوا وإذا أدبرت فعليكم بالفريضة .

١٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن محمّد بن يحيى بن حبيب قال : كتبت إلى أبي الحسن الرّضا عليه السلام يكون عليّ الصّلاة النّافلة متى أقضيها ؟ فكتب عليه السلام : أيّة ساعة شئت من ليل أونهار .

١٨ ـ وبهذا الإسناد ؛ عن محمّد بن الحسين ، عن الحكم بن مسكين ، عن عبدالله بن عليّ السرّاد قال : سأل أبو كهمس أباعبدالله عليه السلام فقال : يصلّي الرّجل نوافله في موضع أو يفرّقها ؟ فقال : لابل يفرّقها ههنا وههنا فإنّها تشهد له يوم القيامة .

١٩ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الرّيّان قال : كتبت إلى أبي جعفر عليه السلام رجل يقضي شيئاً من صلاته الخمسين في المسجد الحرام أو في مسجد الرسول صلّى الله عليه وآله أو في مسجد الكوفة أتحسب له الرّكعة على تضاعف ما جاء عن آبائك عليهم السلام في هذه المساجد حتّى يجزئه إذا كانت عليه عشرة آلاف ركعة أن يصلّي مائة ركعة أو أقلّ أو أكثر و كيف يكون حاله ؟ فوقّع عليه السلام : يحسب له بالضّعف فأمّا ان يكون تقصيراً من الصّلاة بحالها فلا يفعل ، هو إلى الزّيادة أقرب منه إلى النّقصان .

۲۰ ـ أحمد بن عبدالله ، عن أحمدبن أبي‌عبدالله ، عن أبيه ، عن عبدالله بن الفضل النّوفلي ، عن عليّ بن أبي‌حمزة قال : سألت أبا الحسن عليه السلام عن الرّجل المستعجل ما الّذي يجزئه في النّافلة ؛ قال : ثلاث تسبيحات في القراءة و تسبيحة في الرّكوع و تسبيحة في السّجود .

باب ۸۲

تقدیم و تاخیر نوافل ، قضائے نوافل اور نماز چاشت

۱۔ میں نے پوچھا اس شخص کے بارے میں جو زوال کے وقت کاموں میں مصروف رہتا ہو آیا وہ دن کے اوّل حصہ میں نوافل پڑھ لے، ہاں اگر وہ جانتا ہے کہ وقت زوال مشغول رہے گا۔ (مجہول)

۲۔ راوی کہتا ہے یوم فتح مکہ میں نے رسولؐ اللہ کے لیے ایک سیاہ رنگ کا خیمہ نصب کیا اس پر ایسے پیالہ سے پانی چھڑکا گیا جس پر خمیر کا اثر تھا پس حضرتؐ نے رو بقبلہ ہو کر وقت چاشت آٹھ رکعت نماز پڑھی، نہ اس سے پہلے پڑھی نہ بعد میں۔ (۴)

۳۔ فرمایا جو نمازیں دن میں قضا ہوتی ہیں ان کو دن میں ادا کرو، جو رات میں قضا ہوتی ہیں انھیں رات میں ادا کرو، میں نے کہا دونوں وتر رات میں ادا کروں فرمایا ہاں وتر کی قضا ہمیشہ بجا لاؤ۔

۴۔ کسی نے کہا میرے اوپر بہت سی نوافل قضا ہیں میں کیا کروں۔

فرمایا قضا بجا لاؤ۔

میں نے کہا وہ تو بہت زیادہ ہیں

فرمایا انھیں ادا کرو۔

میں نے کہا مجھے تو ان کا شمار بھی یاد نہیں۔

فرمایا پتہ لگاؤ۔

راوی نے کہا میں چار ماہ بیمار رہا ان میں نافلہ نہیں پڑھیں۔ میں نے کہا اللہ آپؑ کی حفاظت کرے۔ میں چار ماہ بیمار رہا۔ اب میں کیا کروں جبکہ مجھے ان کا شمار بھی یاد نہیں۔ حضرتؑ نے فرمایا تم پر قضا نہیں۔ کیونکہ مریض مثل تندرست کے نہیں ہوتا۔ جب اس پر مرض غالب ہو تو اللہ اس کا عذر قبول کرنے والا ہے

۵۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے نوافل میں نماز شب کی قضا افضل ہے رات کی رات میں اور دن کی دن میں، میں نے یوں تو دو وتر نمازیں ایک شب میں ہو جائیں گی۔ فرمایا نہیں، میں نے کہا پھر آپ دو وتروں کا حکم کیوں دیتے ہیں۔ فرمایا ان میں ایک تو قضا ہو گی۔ (مجہول)

۶۔ پوچھا گیا جس کی دن کی نماز قضا ہو گئی ہو وہ کب ادا کرے۔ فرمایا جب چاہے خواہ بعد مغرب خواہ بعد عشاء۔ (حسن)

۷۔ میں نے پوچھا جس کی دن کی نماز نافلہ فوت ہو گئی ہو کب ادا کرے۔ خواہ بعد مغرب خواہ بعد عشاء۔

۸۔ راوی نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے بیان کیا کہ امیرالمومنین علیہ السلام نے ایک شخص کو دیکھا کہ مسجد کوفہ میں چاشت کے وقت (بجائے زوال کے بعد نماز پڑھنے کے) نماز نافلہ وقت سے بہت پہلے پڑھ رہا ہے۔ حضرتؑ نے اپنے پہلو میں دُرّہ تلاش کیا اور فرمایا تو نے اللہ کی طرف رجوع کرنے والوں کی نماز کو ذبح کیا خدا تجھے ذبح کرے۔ راوی کہتا ہے میں نے یہ آیت پڑھی (ترجمہ) اے رسولؐ کیا تم نے دیکھا اس کو جس نے خدا کی نماز سے بندہ کو روکا۔ حضرت ابوعبداللہؑ نے راوی سے فرمایا۔ حضرت علیؑ کا فرمانا اس کے رک جانے کے لیے کافی تھا۔ (مرفوع)

۹۔ فرمایا دونوں حضراتؑ نے کہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہے کہ نماز چاشت بدعت ہے۔

۱۰۔ میں نے پوچھا بعد ظہر نماز وتر کی قضا کے متعلق، فرمایا ہمیشہ اسے ادا کرو، جب بھی قضا ہو جائے۔ میں نے کہا رات میں ادا کرے گا تو دو وتر ہو جائیں گی فرمایا ایک تو ان میں قضا ہی ہو گی۔ (حسن)

۱۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام ہر رات میں بیس وتر نمازیں پڑھتے تھے۔ (حسن)

۱۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب تم پر دو وتر نمازیں یا اس سے زیادہ جمع ہو جائیں جیسے وہ قضا ہوئی ہیں ہر دو وتروں کے درمیان ایک نماز کا فاصلہ دو تاکہ وتر آخر کے پہلے کوئی نماز نہ رہے وہ اوّل رہے شروع کرو رات کی قضا نماز سے، اس کے بعد وتر پڑھو، حضرتؑ نے یہ بھی فرمایا کہ ایک رات میں دو وتر نہ ہوں گی مگر یہ کہ ایک ان میں قضا والی ہو اور یہ بھی فرمایا جب تم نماز وتر اوّل شب میں پڑھو اور پھر نماز کے لیے کھڑے ہو آخر شب میں تو پہلی وتر قضا نماز ہو پوری رات پس جب تم نماز پڑھو تو وہ قضا والی ہوں جو رات میں فوت ہوئی ہوں اور رات میں تمہاری آخری نماز وتر ہو۔ (حسن)

۱۳۔ میں نے حضرتؑ سے کہا کہ ایک شخص پر نافلہ نمازیں قضا ہیں اور وہ ان کی کثرت کی وجہ سے نہیں بتا سکتا کہ کتنی ہیں تو کیا کرے فرمایا اتنی پڑھے کہ ان کی کثرت کی وجہ سے نہ بتا سکے کہ کتنی پڑھی ہیں تو بقدر اس کے علم کے ادا ہو جائیں گی۔ میں نے کہا اگر وہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو زیادتی کی وجہ سے، فرمایا اگر اس کی یہ مشغولیت طلب معاش کے لیے ضروری ہے یا کسی مومن کی حاجت براری میں ہے تو اس پر کچھ نہیں اور اگر دُنیوی مشاغل میں قضا ہوئی ہیں تو اس پر قضا ہے ورنہ روز قیامت مستحق ذلت ہو گا اور سنت رسولؐ اللہ کا ضائع کرنے والا ہو گا۔ میں نے کہا اگر

قادر نہ ہو اور صدقہ دے دے۔ حضرت خاموش رہے پھر فرمایا ہاں۔ پھر صدقہ دے میں نے کہا کیا صدقہ دے بقدر اپنی وسعت کے اور کم سے کم ہر نماز کے لئے ایک مد کسی مسکین کو دے۔ میں نے کہا اور کتنی نمازوں تک فرمایا جتنی قضا اس پر واجب ہیں ہر مسکین کو ایک مُد دے رات اور دن کی ہر دو رکعت کے بدلے ایک مُد۔ میں نے کہا اگر قادر نہ ہو فرمایا تو رات دن کی کل نمازوں کے بدلے ایک مُد، لیکن نماز پڑھنی افضل ہے نماز پڑھنی افضل ہے۔ (مجہول)

۱۴۔ فرمایا میں جانتا ہوں کہ نافلہ بمنزلہ ہدیہ ہے اور ہدیہ جب بھی دیا جاتا ہے قبول کر لیا جاتا ہے۔ (ض)

۱۵۔ ہمارے بعض اصحاب نے بیان کیا کہ امام رضا علیہ السلام کو کوئی امر اہم پیش آتا تھا تو نماز نافلہ ترک کر دیتے تھے۔ (ض)

۱۶۔ فرمایا لوگوں میں کبھی شوق پیدا ہوتا ہے اور کبھی افسردگی جب شوق ہو تو نافلہ پڑھو اور جب رنج و غم سے افسردگی ہو تو صرف فریضہ۔ (مرسل)

۱۷۔ میں نے امام رضا علیہ السلام کو لکھا میرے اوپر نافلہ نمازیں ہیں کب ادا کروں آپ نے فرمایا جب چاہو دن میں یا رات میں۔ (مجہول)

۱۸۔ فرمایا نافلہ نمازیں الگ الگ مقام پر پڑھنی چاہئیں، کچھ ایک جگہ کچھ دوسری جگہ، یہ سب مقام قیامت کے روز گواہی دیں گے۔

۱۹۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو لکھا کہ ایک شخص پچاس نافلہ نمازیں مسجد الحرام، مسجد رسولؐ اور مسجد کوفہ میں پڑھتا ہے تو اس کی ایک رکعت کئی گنا ثواب زیادہ پائے گی اور کافی ہوں گی ان دس نمازوں کے لئے جو اس پر ہیں یعنی دو رکعتیں برابر ہوں گی سو رکعتوں کی یا اس سے کچھ کم یا زیادہ تو اس کی کیا صورت ہو گی۔ (م)
حضرتؑ نے جواب میں لکھا یہ اضافہ محسوب ہو گا لیکن اگر نماز میں کوتاہی ہو گی تو یہ زیادتی نقصان سے زیادہ قریب ہو گی

۲۰۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق پوچھا جو جلدی میں ہو تو اس کی نافلہ کی کیا صورت فرمایا قرأت میں تین تسبیحات پڑھے اور رکوع و سجود میں ایک ایک بار۔ (موثق)

﴿باب ۸۵﴾

☆(صلاة الخوف)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن حمّاد ، عن الحلبيّ قال : سألت أباعبدالله عليه السلام عن صلاة الخوف ، قال : يقوم الإمام وتجيء طائفة من أصحابه فيقومون خلفه و طائفة بإزاء العدوّ فيصلّي بهم الإمام ركعة ثمّ يقوم و يقومون معه

فيمثل قائماً و يصلّون هم الرّكعة الثّانية ثمّ يسلّم بعضهم على بعض ثمّ ينصرفون فيقومون في مقام أصحابهم و يجيء الآخرون فيقومون خلف الإمام فيصلّي بهم الركعة الثّانية ثمّ يجلس الإمام فيقومون هم فيصلّون ركعة اُخرى ، ثمّ يسلّم عليهم فينصرفون بتسليمه ، قال : و في المغرب مثل ذلك يقوم الإمام و تجيء طائفة فيقومون خلفه ثمّ يصلّي بهم ركعة ثمّ يقوم و يقومون فيمثل الإمام قائماً و يصلّون الركعتين فيتشهّدون و يسلّم بعضهم على بعض ثمّ ينصرفون فيقومون في موقف أصحابهم و يجيء الآخرون ويقومون خلف الإمام فيصلّي بهم ركعة يقرء فيها ثمّ يجلس فيتشهّد ثمّ يقوم ويقومون معه ويصلّي بهم ركعة اُخرى ثمّ يجلس و يقومون هم فيتمّون ركعة اُخرى ثمّ يسلّم عليهم .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن عبدالله بن محمّد بن عيسى ، عن عليّ بن الحكم ، عن أبان ، عن عبدالرحمن بن أبي عبدالله ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : صلّى رسول الله صلى الله عليه وآله بأصحابه في غزوة ذات الرّقاع صلاة الخوف ففرّق أصحابه فرقتين أقام فرقة بإزاء العدوّ ، و فرقة خلفه فكبّر وكبّروا فقرء و أنصتوا و ركع فركعوا وسجد فسجدوا ثمّ استتمّ رسول الله صلى الله عليه وآله قائماً وصلّوا لأنفسهم ركعة ثمّ سلّم بعضهم على بعض ثمّ خرجوا إلى أصحابهم فقاموا بإزاء العدوّ وجاء أصحابهم فقاموا خلف رسول الله صلى الله عليه وآله فصلّى بهم ركعة ثمّ تشهّد وسلّم عليهم فقاموا فصلّوا لأنفسهم ركعة ثمّ سلّم بعضهم على بعض

٣ ـ الحسين بن محمّد ، عن معلّى بن محمّد ، عن الحسن بن عليّ الوشّاء ، عن حمّاد بن عثمان ، عن أبي بصير قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : إن كنت في أرض مخافة فخشيت لصّاً أو سبعاً فصلّ على دابّتك .

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن خالد ، عن أبيه ، عن زرعة ، عن سماعة قال : سألته عن الأسير يأسره المشركون فتحضره الصّلاة فيمنعه الّذي أسره منها ، قال : يؤمي إيماء .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل قال : سألته قلت : أكون في طريق مكّة فننزل للصّلاة في مواضع فيها الأعراب أنصلّي المكتوبة على الأرض فنقرء اُمّ الكتاب وحدها أم نصلّي على الرّاحلة فنقرء فاتحة الكتاب والسّورة ؟ فقال : إذا خفت فصلّ على الرّاحلة المكتوبة و غيرها و إذا قرأت الحمد و سورة أحبّ إليّ

ولا أرى بالّذي فعلت بأساً.

٦ - أحمد بن محمّد، عن عليّ بن الحكم، عن أبان، عن عبدالرحمن بن أبي‌عبدالله قال: سألت أباعبدالله عليه السلام عن قول الله عزّ وجلّ: «فإن خفتم فرجالاً أو ركباناً» كيف يصلّي وما يقول إذا خاف من سبع أو لص كيف يصلّي؟ قال: يكبّر ويؤمي إيماء برأسه.

باب ۸۵

نمازِ خوف

۱- میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا نماز خوف کے متعلق، فرمایا امام کھڑا ہو اور اس کے ساتھیوں کا ایک گروہ آئے اور وہ اس کے پیچھے کھڑے ہوں اور دوسرا گروہ دشمن کے مقابل رہے امام انکے ساتھ ایک رکعت نماز پڑھے پھر کھڑا ہو اور اس کے وہ بھی کھڑے ہوں اور وہ دوسری رکعت پڑھیں اور ایک دوسرے پر سلام بھیجیں پھر نماز ختم کر کے وہ ہٹ جائیں اور دشمن کے مقابل جو گروہ ہے اس کی جگہ جائیں اور دوسرا گروہ امامؑ کے پیچھے کھڑا ہو اور دوسری رکعت امام ان کے ساتھ پڑھے پھر امام بیٹھ جائے اور وہ کھڑے ہو کر دوسری رکعت پڑھیں پھر امام ان پر سلام پڑھے اور اس طرح وہ نماز ختم کریں اور نماز مغرب میں اسی طرح امام کھڑا ہو اور ایک گروہ آکر اس کے پیچھے کھڑا ہو ان کے ساتھ ایک رکعت پڑھے پھر کھڑا ہو اور وہ بھی اس کے ساتھ کھڑے ہوں امام کھڑا رہے اور وہ دو رکعتیں تشہد پڑھ کر ختم کریں اس کے بعد وہ ہٹ جائیں اور دوسرا گروہ امام کے پیچھے کھڑا ہو اور امام ان کے ساتھ ایک رکعت پڑھے اور قرأت کرے اور تشہد پڑھ کر کھڑا ہو اور وہ بھی کھڑے ہوں اور دوسری رکعت اس کے ساتھ پڑھیں پھر امام کے پیچھے وہ کھڑے ہوں اور دوسری رکعت پڑھ کر تمام کریں (حسن)

۲- فرمایا حضرت صادق علیہ السلام نے غزوات ذات الرقاع میں رسول اللہؐ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نماز خوف اس طرح پڑھی کہ اپنے اصحاب کے دو حصّے کئے ایک گروہ کو دشمن کے مقابل رکھا اور ایک گروہ حضرت کے پیچھے کھڑا ہوا حضرتؐ کے ساتھ تکبیر کہی اور قرأت کو خاموشی سے سنا اور حضرتؐ کے ساتھ رکوع و سجدہ کیا۔ پھر رسولؐ اللہ کھڑے رہے اور لوگوں نے بطور خود ایک رکعت پڑھی اور ایک نے دوسرے کو سلام کیا اور اس کے بعد یہ گروہ دشمن کے مقابلے کو چلا گیا اور دوسرا گروہ حضرت کے پیچھے آکر کھڑا ہوا اور رسولؐ نے ان کے ساتھ ایک رکعت پڑھی اور بعد تشہد

سلام نماز تمام کی اور لوگوں نے بطور خود دوسری رکعت پڑھی اور ایک دوسرے کو سلام کیا۔

۳۔ فرمایا اگر تم خوف کی جگہ ہو اور چور کے سامان چرانے یا درندہ کا خوف ہو تو اپنے چوپایہ پر ہی نماز پڑھ لو۔ (م)

۴۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا جسے مشرکوں نے قید کر لیا ہو اور نماز کا وقت آجائے اور قید کرنے والا مانع ہو، فرمایا وہ اشارہ سے پڑھ لے۔ (موثق)

۵۔ میں نے پوچھا اگر مکہ کے راستہ میں ہوں اور ہم نماز کے لئے اترتے ہیں ایسے مقامات پر جہاں بدو عرب ہوں آیا نماز واجب ہم سواری سے اتر کر پڑھیں اور حمد و سورہ کے ساتھ پڑھیں فرمایا اگر خوف ہے تو نماز واجب سواری ہی پر پڑھ لو اور میرے ساتھ حمد و سورہ پڑھنا زیادہ محبوب ہے۔ اور جو تم نے کہا اس میں بھی کوئی خوف نہیں یعنی سواری ہی پر پڑھ لو۔ (م)

۶۔ میں نے اس آیت کا مطلب پوچھا اگر تمہیں خوف ہو تو پیادہ یا سوار، تو کیسے نماز پڑھے آپ نے یہ نہ بتایا کہ درندے یا چور کا خوف ہو تو کیسے پڑھے فرمایا تکبیر کہے اور سر سے اشارہ کرے۔ (موثق)

﴿باب ٨٦﴾

☆(صلاة المطاردة والمواقفة و المسايفة)☆(٣)

١ ـ عليُّ بن إبراهيم بن هاشم القمّيّ ، عن أبيه ، عن عمرو بن عثمان ، عن محمّد بن عذافر ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا جالت الخيل تضطرب السّيوف أجزأه تكبيرتان فهذا تقصير آخر .

٢ ـ عليٌّ ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن اُذينة ، عن زرارة ؛ وفضيل ؛ و محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : في صلاة الخوف عند المطاردة و المناوشة يصلّي كلُّ إنسان منهم بالإيماء حيث كان وجهه و إن كانت المسايفة والمعانقة و تلاحم القتال فإنَّ أمير المؤمنين صلوات الله عليه صلّى ليلة صفّين وهي ليلة الهرير لم تكن صلاتهم الظّهر والعصر والمغرب والعشاء عند وقت كلِّ صلاة إلّا التكبير والتّهليل و التسبيح والتّحميد والدُّعاء فكانت تلك صلاتهم لم يأمرهم بإعادة الصّلاة .

٣ ـ عنه ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة قال : سمعت بعض أصحابنا يذكر أنَّ أقلَّ مايجزىء في حدِّ المسايفة من التكبير تكبيرتان لكلِّ صلاة إلّا المغرب فإنَّ لها ثلاثا .

٤ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ؛ و أحمد بن إدريس ؛ و محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد جميعاً ، عن حمّاد بن عيسى ، عن حريز ، عن أبي عبدالله عليه السلام في قول الله عزَّ وجلَّ : « فليس عليكم جناح أن تقصروا من الصّلاة إن خفتم أن يفتنكم الّذين كفروا قال : في الرَّكعتين تنقص منهما واحدة .

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عثمان بن عيسى ، عن سماعة قال : سألته عن صلاة القتال ، فقال : إذا التقوا فاقتتلوا فإنَّ الصّلاة حينئذ التكبير و إن كانوا وقوفاً (٥) لا يقدرون على الجماعة فالصّلاة إيماء .

٦ ـ محمّد ، عن أحمد ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قلت له : أرأيت إن لم يكن المواقف على وضوء كيف يصنع ولا يقدر على النّزول قال : يتيمّم من لبده أو سرجه أو معرفة دابّته فإنَّ فيها غباراً و يصلّي و يجعل السّجود أخفض من الرّكوع ولا يدور إلى القبلة ولكن أينما دارت دابّته غير أنّه يستقبل القبلة بأوَّل تكبيرة حين يتوجّه .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن العمركيّ بن عليّ ، عن عليّ بن جعفر ، عن أخيه أبي الحسن عليه السلام قال : سألته عن الرَّجل يلقى السبع و قد حضرت الصّلاة ولا يستطيع المشي مخافة السّبع فإن قام يصلّي خاف في ركوعه و سجوده السّبع والسّبع أمامه على غير القبلة فإن توجّه إلى القبلة خاف أن يثب عليه الأسد كيف يصنع ؛ قال : فقال : يستقبل الأسد ويصلّي و يؤمي برأسه إيماء و هو قائم وإن كان الأسد على غير القبلة .

باب ۸۶

گھمسان کی جنگ میں نماز

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب گھوڑے دوڑ رہے ہوں تلواریں چل رہی ہوں تو صرف دو تکبیریں کافی ہیں اور یہ کی کی حد آخر ہے ، (حسن)

۲۔ فرمایا حضرتؑ نے کہ نماز خوف ایسی صورت میں جبکہ گھمسان کی جنگ ہو رہی ہو ہر شخص نماز اشارے سے پڑھے، جدھر بھی رُخ ہو اگر دست بدست ہوا ور دشمن کا سامنا ہو تو اس طرح پڑھے جیسے امیر المومنینؑ نے صفین میں اس رات کی جنگ میں پڑھی جو لیلۃ الہریر کی جنگ کہلاتی ہے۔ سب ساتھیوں نے ظہر و عصر و مغرب و عشا کی نماز صرف تکبیر و تہلیل تحمید و دعا سے (دا کی اور حضرت نے ان کو اعادہ کا حکم نہیں دیا۔ (حسن)

۳۔ میں بعض اصحاب سے سنا جہاں تلوار چل رہی ہو وہاں نماز کے لئے ایک تکبیر یا دو تکبیریں کافی ہیں سوائے مغرب کی نماز کے لئے کہ اس میں تین ہیں۔ (حسن)

۴۔ میں نے حضرت ابو عبد اللہ علیہ السلام سے اس آیت کا مطلب پوچھا۔ فرمایا اگر کفار سے فتنہ کا خوف ہو تو دو رکعت میں سے ایک رکعت کم کر دو۔ (م)

۵۔ میں نے وقت قتال نماز کے متعلق پوچھا فرمایا اگر دونوں لشکر ملے ہوئے لڑ رہے ہوں تو صرف تکبیر کافی ہے اور اگر وقفہ ہو اور جماعت پر قادر نہ ہوں تو اشارہ سے پڑھیں۔ (م)

۶۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہا اگر جنگ میں وضو کرنے کا موقع نہ ملے تو کیا کرے درآنحالیکہ زمین پر اتر بھی نہ سکتا ہو۔ فرمایا نمذ زین پر یا زین پر یا گھوڑے کے ایال پر تیمم کرے بشرطیکہ ان پر غبار ہو۔ اور نماز پڑھے اور سجدہ کے لئے بہ نسبت رکوع کے زیادہ جھکے اور قبلہ کی طرف نہ گھومے بلکہ جدھر گھوڑا گھومے اُدھر ہی پڑھے لیکن تکبیر کے وقت رو بقبلہ ہونا چاہیئے۔ (م)

۔ فرمایا امام رضا علیہ السلام نے جو شخص کے مقابل شیر ہو قبلہ کے خلاف اور صورت یہ ہو کہ اگر رُخ پھیرے گا تو شیر حملہ کرے گا اس کو چاہیئے کہ شیر کے مقابل ڈٹا رہے اور کھڑے ہونے کی صورت میں سر کے اشارے سے نماز پڑھے۔ اگر شیر کا سامنا قبلہ کے خلاف ہو تو بھی۔ (م)

﴿باب ٨٤﴾

☆(صلاة العيدين والخطبة فيهما)☆

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن عمر بن أُذينة ، عن زُرارة قال : قال أبو جعفر عليه السلام : ليس في يوم الفطر والأضحى أذان و لا إقامة أذانهما طلوع الشمس إذا طلعت خرجوا وليس قبلهما ولا بعدهما صلاة ومن لم يصلّ مع إمام في جماعة فلا صلاة له ولا قضاء عليه .

٢ - الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن حمّاد بن عثمان، عن معمر بن يحيى، عن أبي جعفر عليه السلام قال: لاصلاة يوم الفطر والأضحى إلّا مع إمام.

٣ - عليّ بن محمّد عن محمّد بن عيسى، عن يونس، عن معاوية قال: سألته عن صلاة العيدين، فقال: ركعتان ليس قبلهما ولا بعدهما شيء، وليس فيهما أذان ولا إقامة يكبّر فيهما اثنتي عشر تكبيرة يبدء فيكبّر ويفتتح الصّلاة ثمّ يقرء فاتحة الكتاب، ثمّ يقرء والشمس وضحيها، ثمّ يكبّر خمس تكبيرات، ثمّ يكبّر و يركع فيكون يركع بالسّابعة، ثمّ يسجد سجدتين، ثمّ يقوم فيقرء فاتحة الكتاب وهل أتيك حديث الغاشية ثمّ يكبّر أربع تكبيرات ويسجد سجدتين ويتشهّد ويسلّم، قال: وكذلك صنع رسول الله صلى الله عليه وآله والخطبة بعد الصلاة وإنّما أحدث الخطبة قبل الصّلاة عثمان و إذا خطب الإمام فليقعد بين الخطبتين قليلاً و ينبغي للإمام أن يلبس يوم العيدين برداً و يعتمّ شاتياً كان أو قايظ ويخرج إلى البرّ حيث ينظر إلى آفاق السّماء ولا يصلّي على حصير ولا يسجد عليه وقد كان رسول الله صلى الله عليه وآله يخرج إلى البقيع فيصلّي بالنّاس.

٤ - محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن ابن فضّال، عن المفضّل بن صالح، عن ليث المراديّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قيل لرسول الله صلى الله عليه وآله يوم فطر أو يوم أضحى: لو صلّيت في مسجدك فقال: إنّي لأحبّ أن أبرز إلى آفاق السماء.

٥ - عليّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس، عن عليّ بن أبي حمزة، عن أبي عبدالله عليه السلام في صلاة العيدين قال: يكبّر ثمّ يقرء، ثمّ يكبّر خمساً ويقنت بين كلّ تكبيرتين، ثمّ يكبّر السّابعة ويركع بها، ثمّ يسجد، ثمّ يقوم في الثانية فيقرء ثمّ يكبّر أربعاً فيقنت بين كلّ تكبيرتين، ثمّ يكبّر ويركع بها.

٦ - عليّ بن محمّد، عن سهل بن زياد، عن النّوفليّ، عن السّكونيّ، عن جعفر، عن أبيه عليهما السلام قال: نهى رسول الله صلى الله عليه وآله أن يخرج السّلاح في العيدين إلّا أن يكون عدوّ حاضر[١].

٧ - محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن حمّاد بن عيسى، عن ربعيّ بن عبدالله، عن الفضيل بن يسار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: أتي أبي بالخمرة يوم الفطر فأمر بردّها ثمّ قال: هذا يوم كان رسول الله صلى الله عليه وآله يحبّ أن ينظر إلى آفاق السماء و

يضع وجهه على الأرض .

٨ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن أبان بن عثمان، عن سلمة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: اجتمع عيدان على عهد أميرالمؤمنين صلوات الله عليه فخطب النّاس ثمّ قال: هذا يوم اجتمع فيه عيدان فمن أحبّ أن يجمع معنا فليفعل و من لم يفعل فإنّ له رخصة .يعني من كان متنحّياً .

٩ ـ عليّ بن إبراهيم، عن محمّد بن عيسى، عن يونس، عن العلاء بن رزين، عن محمّد ابن مسلم قال: سألته عن رجل فاتته ركعة مع الإمام من الصّلاة أيام التشريق، قال: يتمّ الصّلاة ويكبّر .

١٠ ـ محمّد بن يحيى رفعه، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: السّنّة على أهل الأمصار أن يبرزوا من أمصارهم في العيدين إلّا أهل مكّة فإنّهم يصلّون في المسجد الحرام .

١١ ـ محمّد، عن الحسن بن عليّ بن عبدالله، عن العبّاس بن عامر، عن أبان، عن محمّد بن الفضل الهاشميّ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: ركعتان من السّنّة ليس تصلّيان في موضع إلّا بالمدينة، قال: يصلّي في مسجد رسول الله صلى الله عليه وآله في العيد قبل أن يخرج إلى المصلّى ليس ذلك إلّا بالمدينة لأنّ رسول الله صلى الله عليه وآله فعله .

باب ۸۷

نمازِ عیدین اور خطبے

۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے عید الفطر اور عید الاضحیٰ نماز کے لیے اذان و اقامت نہیں کیونکہ یہ دونوں طلوعِ شمس کے وقت ہوتی ہیں جب طلوع ہو تو لوگ نماز کے لئے نکلیں اور ان نمازوں کے قبل اور بعد کوئی نماز نہیں اور جو امام کے ساتھ نماز نہ پڑھے تو اس کی نماز نہیں اور نہ اس پر قضا ہے۔ (حسن)

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ نماز عید الفطر اور عید الاضحیٰ امام ہی کے ساتھ ہوتی ہے۔ (ض)

۳۔ میں نے پوچھا نماز عیدین کے متعلق، فرمایا دو رکعت ہیں ان سے پہلے اور بعد کچھ نہیں) اور ان نمازوں کے لیے نہ اذان ہے نہ اقامت، بارہ تکبیریں پہلے کہے، پھر تکبیر کہہ کر نماز شروع کرے اوّل سورہ الحمد پڑھے پھر سورۂ والشمس پھر

تکبیر کہے پانچ تکبیریں، پھر تکبیر کہہ کر رکوع کرے یہ رکوع ساتویں تکبیر کے بعد ہوگا۔
پھر دو سجدے کرے۔

پھر کھڑا ہو اور سورۂ الحمد کے بعد سورہ ہل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھے پھر چار تکبیریں کہے اور دو سجدے کرے اور تشہد و سلام کے بعد نماز ختم کرے۔ رسولؐ اللہ اسی طرح نماز پڑھتے تھے اور خطبہ بعد نماز پڑھے۔ قبل نماز خطبہ کا حکم عثمان نے دیا۔ جب امام پہلا خطبہ پڑھ لے تو ذرا دیر کے لئے بیٹھے پھر دوسرا خطبہ پڑھے اور امام کو چاہیے کہ روز عید عبا پہنے اور عمامہ باندھے گرمی ہو یا سردی اور صحرا کی طرف نکلے۔ جہاں آسمان نظر آئے اور بوریئے پر نہ تو نماز پڑھے نہ سجدہ کرے۔ (زمین پر نماز و سجدہ ہو) رسولؐ اللہ روز عید بقیع میں جاتے تھے اور لوگوں کے ساتھ نماز پڑھتے۔ (ح)

۴۔ فرمایا حضرتؑ نے روز عید فطر یا عید اضحیٰ رسولؐ اللہ سے کہا گیا اگر میں آپ کی مسجد میں نماز پڑھوں، فرمایا میں آسمان کے نیچے پڑھنے کو پسند کرتا ہوں۔ (ض)

۵۔ فرمایا حضرتؑ نے نماز عیدین کے متعلق کہ تکبیر کہے پھر حمد و سورہ پڑھے اور پانچ تکبیریں اور ہر دو تکبیر کے درمیان قنوت پڑھے اور ساتویں تکبیر کے بعد رکوع میں جائے پھر سجدہ کرے پھر دوسری رکعت میں حمد و سورہ پڑھ کر چار تکبیروں کے بعد قنوت پڑھے پھر تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے۔ (ض)

۶۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا عیدین کی نماز میں ہتھیار بدن سے کھول دے مگر جب دشمن سامنے موجود ہو۔

۷۔ فرمایا حضرتؑ نے روز عید میرے والد کے لئے خمرہ (کھجور کی چھال سے بنی ہوئی سجدہ گاہ) لائی گئی۔ آپ نے اسے لوٹا دیا اور فرمایا آج کے دن رسولؐ اللہ کھلے مقام پر نماز پڑھتے اور اپنے چہرے کو زمین پر رکھنے کو پسند کرتے تھے۔ (ض)

۸۔ فرمایا حضرتؑ نے عہد امیر المومنین علیہ السلام میں دو عیدیں جمع ہوئیں آپ نے لوگوں کے سامنے خطبہ پڑھا اور فرمایا۔ یہ وہ دن ہے کہ دو عیدیں جمع ہو گئی ہیں پس جو چاہے ہمارے ساتھ نماز پڑھے اور جو نہ چاہے وہ علیحدہ ہو جائے۔
دو عیدوں سے مراد جمعہ اور عید ہے۔ (ح)

۹۔ میں نے اس شخص کے متعلق پوچھا ایام تشریق (عید الاضحیٰ کے بعد تین دن) کی نماز میں جو امام کے ساتھ تھی ایک رکعت فوت ہو گئی۔ فرمایا وہ اپنی نماز تمام کرے اور تکبیر کہے۔ (مرفوع)

۱۰۔ فرمایا کہ سنت ہے کہ شہر والے اپنے شہروں سے نکل کر نماز عیدین پڑھیں سوائے اہل مکہ کے کہ وہ مسجد الحرام میں نماز پڑھیں۔ (مجہول)

۱۱۔ فرمایا دو رکعت سنت ایسی ہیں کہ سوائے مدینہ کے اور جگہ نہیں پڑھی جاتیں یہ عید کے دن مسجد رسولؐ میں مصلّی چھوڑنے سے پہلے پڑھی جاتی ہیں رسولؐ اللہ نے ایسا ہی کیا ہے۔ (ح)

﴿ باب ٥٨ ﴾

☆(صلاة الاستسقاء)☆

١ - عليّ بن إبراهيم ، عن محمّد بن عيسى ، عن يونس ، عن محمّد بن مسلم ؛ والحسين ابن محمّد ، عن عبدالله بن عامر ، عن عليّ بن مهزيار ، عن فضالة بن أيّوب ، عن أحمد بن سليمان جميعاً ، عن مرّة مولى محمّد بن خالد قال : صاح أهل المدينة إلى محمّد بن خالد في الإستسقاء فقال لي : انطلق إلى أبي عبدالله عليه السلام فسله ما رأيك فإنّ هؤلاء قد صاحوا إليّ ، فأتيته فقلت له ، فقال لي : قل له : فليخرج ، قلت له : متى يخرج جعلت فداك قال : يوم الإثنين ، قلت : كيف يصنع ؟ قال يخرج المنبر ثمّ يخرج يمشي كما يمشي يوم العيدين وبين يديه المؤذّنون في أيديهم عنزهم حتّى إذا انتهى إلى المصلّى يصلّي بالنّاس ركعتين بغير أذان ولا إقامة ، ثمّ يصعد المنبر فيقلب رداءه فيجعل الّذي على يمينه على يساره والّذي على يساره على يمينه ، ثمّ يستقبل القبلة فيكبّر الله مائة تكبيرة رافعاً بها صوته ، ثمّ يلتفت إلى النّاس عن يمينه فيسبّح الله مائة تسبيحة رافعاً بها صوته ، ثمّ يلتفت إلى النّاس عن يساره فيهلّل الله مائة تهليلة رافعاً بها صوته . ثمّ يستقبل النّاس فيحمد الله مائة تحميدة ، ثمّ يرفع يديه فيدعو ، ثمّ يدعون فإنّي لأرجو أن لا يخيبوا قال : ففعل فلمّا رجعنا [جاء المطر] قالوا : هذا من تعليم جعفر .

وفي رواية يونس فما رجعنا حتّى أهمّتنا أنفسنا .

٢ - عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن هشام بن الحكم ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال : سألته عن صلاة الاستسقاء ، فقال : مثل صلاة العيدين يقرء فيها ويكبّر فيها كما يقرء ويكبّر فيها ، يخرج الإمام ويبرز إلى مكان نظيف في سكينة ووقار وخشوع ومسكنة ويبرز معه النّاس فيحمد الله ويمجّده ويثني عليه ويجتهد في الدّعاء ويكثر من التسبيح والتهليل والتكبير ويصلّي مثل صلاة العيدين ركعتين في دعاء ومسألة واجتهاد ، فإذا سلّم الإمام قلب ثوبه وجعل الجانب الّذي على المنكب الأيمن على الأيسر والّذي على الأيسر على الأيمن فإنّ النبيّ صلّى الله عليه وآله كذلك صنع .

محمّد بن يحيى ، رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : سألته عن تحويل النبيّ

عليه السلام رداءه إذا استسقى فقال : علامة بينه وبين أصحابه يحوّل الجدب خصباً .

۴ - وفي رواية ابن المغيرة قال : يكبّر في صلاة الاستسقاء كما يكبّر في العيدين في الأُولى سبعاً وفي الثانية خمساً و يصلّي قبل الخطبة و يجهر بالقراءة و يستسقى وهو قاعدٌ .

باب ۸۸

نمازِ استسقاء

۱۔ اہلِ مدینہ جو قحط زدہ تھے روتے پیٹتے محمد بن خالد کے پاس طلب باراں کے لئے گئے اور مجھ سے کہا حضرت ابو عبداللہ سے چل کر معلوم کریں کیا کریں۔ میں نے حضرت سے کہا۔ فرمایا اس سے کہو شہر سے باہر نکلے۔ میں نے کہا کب۔ فرمایا پیر کے روز۔ میں نے کہا پھر۔ فرمایا منبر کو نکالے اور لوگ اس طرح بیرون شہر جائیں جیسے نماز عید کو جاتے ہیں اذان دینے والے ان کے آگے ہوں ان کے ہاتھوں میں عصا ہوں پھر دو رکعت نماز بغیر اذان و اقامت کے پڑھیں۔ پھر امام منبر پر جائے اور اپنی ردا کو الٹ لے اور جو لوگ اس کی داہنی طرف ہوں انھیں بائیں طرف لائے اور بائیں طرف والوں کو داہنی طرف پھر قبلہ رُخ ہو کر بلند آواز سے سو تکبیریں کہے پھر داہنی طرف والوں کی طرف ہو کر سو مرتبہ سبحان اللہ بلند آواز سے کہے پھر طرف رُخ کر کے بلند آواز سے سو مرتبہ لا الٰہ الا اللہ کہے پھر سامنے کی طرف رُخ کر کے بلند آواز سے سو مرتبہ الحمد للہ کہے پھر ہاتھ اٹھا کر دعا کرے اور سب لوگ دعا کریں۔ مجھے امید ہے ناکام نہ ہوں گے راوی نے کہا یہ وہ تعلیم ہے جو امام جعفر صادق علیہ السلام سے حاصل ہوئی۔ (مجہول)

۲۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے نمازِ استسقاء کے متعلق پوچھا۔ فرمایا وہ مثل نماز عیدین کے ہے اس میں قرأت و تکبیر ہے جیسے عیدین میں، امام نکلے اور کسی پاک جگہ پر پہنچے سکینہ و وقار اور خضوع اور خشوع اور ذلت و مسکنت کے ساتھ اور لوگ بھی اس کے ساتھ نکلیں، پس وہ خدا کی حمد و ثنا کرے اور پوری توجہ سے دعا کرے اور بکثرت تسبیح و تہلیل و تکبیر کہے اور عیدین کی نماز کی طرح دو رکعت نماز، دعا اور سوال کے ساتھ پوری توجہ سے پڑھے اور جب امام سلام پڑھ چکے تو اپنے لباس کو الٹے اور داہنا حصہ بائیں کندھے پر ڈالے اور بایاں داہنے پر، کیونکہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایسا ہی کیا کرتے تھے۔ (حسن)

۳۔ میں نے ابو عبداللہ علیہ السلام سے نمازِ استسقاء کے وقت و لباس الٹنے کے متعلق پوچھا۔ فرمایا یہ علامت تھی قحط کو خوشحالی

میں بدلنے کے لئے ایک روایت ہے کہ نماز عیدین کی طرح نماز استسقاء میں پہلی رکعت میں سات تکبیریں کہے اور دوسری میں پانچ اور خطبہ سے پہلے نماز پڑھے اور قرأت بلند آواز سے کرے اور پھر بیٹھ کر طلب باران کرے۔ (مرفوع)

﴿باب ۸۹﴾

✿(صلاة الكسوف)✿

١ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عمرو بن عثمان ، عن عليِّ بن عبدالله قال : سمعت أباالحسن موسى عليه السلام يقول : إنّه لمّا قبض إبراهيم ابن رسول الله صلى الله عليه وآله جرت فيه ثلاث سنن أمّا واحدة فإنّه لمّا مات انكسفت الشمس فقال النّاس : انكسفت الشمس لفقد ابن رسول الله صلى الله عليه وآله فصعد رسول الله صلى الله عليه وآله المنبر فحمد الله و أثنى عليه ثمّ قال : يا أيّها النّاس إنّ الشمس والقمر آيتان من آيات الله تجريان بأمره مطيعان له لا تنكسفان لموت أحد ولا لحياته فإذا انكسفتا أو واحدة منهما فصلّوا ، ثمّ نزل فصلّى بالنّاس صلاة الكسوف .

٢ ٣ ـ حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ؛ ومحمّد بن مسلم قالا : قلنا لأبي جعفر عليه السلام : هذه الرياح والظلم الّتي تكون هل يصلّى لها ؟ فقال : كلّ أخاويف السماء من ظلمة أو ريح أو فزع فصلّ له صلاة الكسوف حتّى يسكن .

٢ ـ عليٌّ ، عن أبيه ؛ ومحمّد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان جميعاً ، عن حمّاد ابن عيسى ، عن حريز ، عن زرارة ؛ و محمّد بن مسلم قالا : سألنا أبا جعفر عليه السلام عن صلاة الكسوف كم هي ركعة وكيف نصلّيها ؟ فقال : عشر ركعات وأربع سجدات تفتتح الصلاة بتكبيرة وتركع بتكبيرة وترفع رأسك بتكبيرة إلّا في الخامسة الّتي تسجد فيها وتقول : سمع الله لمن حمده وتقنت في كلّ ركعتين قبل الرّكوع وتطيل القنوت والرّكوع على قدر القراءة و الرّكوع و السجود فإن فرغت قبل أن ينجلي فاقعد وادع الله عزّ وجلّ حتّى ينجلي وإن انجلى قبل أن تفرغ من صلاتك فأتمّ ما بقي وتجهر بالقراءة قال : قلت : كيف القراءة فيها ؟ فقال : إن قرأت سورة في كلّ ركعة فاقرء فاتحة الكتاب وإن نقصت من السورة شيئاً فاقرء من حيث نقصت ولا تقرء فاتحة الكتاب ،

قال : و كان يستحب أن يقرء فيها بالكهف و الحجر إلّا أن يكون إماماً يشقّ على من خلفه وإن استطعت أن تكون صلاتك بارزاً لا يجنّك بيت فافعل و صلاة كسوف الشمس أطول من صلاة كسوف القمر وهما سواء في القراءة والرّكوع والسجود .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن أبي عبد الله عليه السلام قال : قال : وقت صلاة الكسوف في الساعة الّتي تنكسف عند طلوع الشمس وعند غروبها ، قال : وقال أبو عبدالله عليه السلام هي فريضة .

٥ ـ عنه ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن العلاء بن رزين ، عن محمّد ابن مسلم ، عن أحدهما عليهما السلام قال : سألته عن صلاة الكسوف في وقت الفريضة ، فقال: ابدء بالفريضة ، فقيل له : في وقت صلاة اللّيل ؛ فقال : صلّ صلاة الكسوف قبل صلاة اللّيل .

٦ ـ عنه ، عن أحمد بن محمّد ، عن حمّاد ، عن حريز ، عن زرارة ؛ و محمّد بن مسلم ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا انكسفت الشمس كلّها و احترقت ولم تعلم ثمّ علمت بعد ذلك فعليك القضاء وإن لم تحترق كلّها فليس عليك قضاء .

وفي رواية اُخرى إذا علم بالكسوف ونسي أن يصلّي فعليه القضاء و إن لم يعلم به فلا قضاء عليه ، هذا إذا لم يحترق كلّه .

٧ ـ محمّد بن يحيى ، عن عمران بن موسى ، عن محمّد بن عبد الحميد ، عن عليّ بن الفضل الواسطيّ قال : كتبت إليه إذا انكسفت الشمس أوالقمر وأنا راكب لاأقدر علي النّزول ؛ قال : فكتب إليّ صلّ على مركبك الّذي أنت عليه .

باب ۸۹

نمازِ کسوف

۱۔ فرمایا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے جب ابراہیم بن رسولؐ اللہ کا انتقال ہوا تو تین امر ظاہر ہوئے ایک ان میں سے سورج گرہن تھا رسولؐ اللہ کے فرزند کے مرنے کی وجہ سے حضرتؐ نے حمد و ثنا کے بعد فرمایا لوگو چاند اور سورج خدا کی آیات میں سے

دو آیتیں ہیں جو اس کے حکم سے گردش کرتے ہیں اور اس کے مطیع ہیں ان کو گرہن نہ کسی کی موت سے ہوتا ہے نہ کسی کی زندگی سے جب ان میں سے کسی کو گرہن تو نماز پڑھو، پس حضرتؑ نے لوگوں کے ساتھ نماز کسوف پڑھی۔ (مجہول)

۲۔ ہم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا یہ آندھیاں اور تاریکیاں جو ہوتی ہیں کیا ان میں نماز پڑھی جائے۔ فرمایا تمام خوفناک حوادث آسمانی میں خواہ تاریکی ہو یا آندھی ہو یا کوئی اور خوف کی صورت ہو اس میں نماز گرہن کی طرح نماز پڑھی جائے اس کے ساکن ہونے تک۔

۳۔ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے کسوف کے متعلق پوچھا کہ کتنی رکعات ہیں اور ہم کیسے پڑھیں فرمایا دس رکعات ہیں اور چار سجدے ہیں شروع کرو تکبیر سے رکوع کرو تکبیر سے سر اٹھاؤ مگر پانچویں کے بعد سمع اللہ کہہ کر سجدے میں جاؤ اور ہر دو رکعت میں قبل رکوع قنوت ہے اور قنوت کو طول دو اور رکوع کو بھی۔ اگر تم فارغ ہو جاؤ قبل سورج کے روشن ہونے کے تو بیٹھو اور اللہ سے اس وقت تک دعا مانگو کہ وہ روشن ہو جائے اگر فارغ ہونے سے پہلے ہی روشن ہو جائے تو باقی نماز کو تمام کرو اور قرأت بآواز بلند کرو۔

میں نے کہا قرأت کی کیا صورت ہے اگر تم پورا سورہ ہر رکعت میں تو سورہ فاتحہ پڑھو اور اگر سورۂ فاتحہ سے تم نے کم کیا تو جہاں سے کم کیا ہے پڑھو اور سورۂ فاتحہ نہ پڑھو اور مستحب یہ ہے کہ سورۂ کہف یا سورۂ الحجر پڑھو لیکن اگر امام ہو اور اس کے پیچھے کھڑے ہونے والوں پر دشوار ہو تو نہ پڑھو اور اگر ممکن ہو کھلی جگہ میں پڑھو اور نماز سورج گرہن بہ نسبت چاند گرہن کے طولانی ہو لیکن قرأت و رکوع و سجود میں دونوں برابر ہیں (حسن)

۴۔ فرمایا صادق آل محمدؑ نے کسوف کا وقت اس وقت ہے جب کسوف شروع ہو طلوع شمس سے غروب شمس کے درمیان اور یہ نماز فرض ہے۔ (ح)

۵۔ میں نے کہا اگر گرہن وقت فریضہ میں ہو تو، فرمایا پہلے فریضہ پڑھ لو۔ پوچھا اگر نماز شب کے وقت چاند گرہن ہو۔ فرمایا پہلے نماز گرہن پڑھو۔ (ص)

۶۔ فرمایا حضرتؑ نے جب سورج پورا گہنا جائے اور اس کا قرص سیاہی میں چلا جائے اور تمہیں علم نہ ہو بعد کو پتہ چلے تو نماز گرہن کا پڑھنا بطور قضا ادا کرنا ہوگی اور اگر پورا گرہن نہ ہو تو قضا لازم نہیں۔ (ص)

۷۔ میں نے پوچھا جب سورج یا چاند گرہن ہو اور میں سواری پر ہوں اور اترنا ناممکن ہو، حضرتؑ نے فرمایا سواری ہی پر پڑھ لو۔ (مجہول)

«باب ٩»

(صلاة التسبيح) (٣)

١ - عليُّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن ابن أبي عمير، عن يحيى الحلبيِّ، عن هارون بن خارجة، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله لجعفر: ياجعفر ألا أمنحك ألا اُعطيك ألا أحبوك فقال له جعفر: بلى يارسول الله، قال: فظنَّ الناس أنّه يعطيه ذهباً أو فضّة، فتشرَّف الناس لذلك، فقال له: إنّي اُعطيك شيئاً إن أنت صنعته في كلِّ يوم كان خيراً لك من الدُّنيا وما فيها و إن صنعته بين يومين غفرلك ما بينهما أو كلَّ جمعة أو كلَّ شهر أو كلَّ سنة غفرلك ما بينهما، تصلّي أربع ركعات تبتدىء فتقرء وتقول إذا فرغت: «سبحان الله و الحمدلله ولا إله إلّا الله والله أكبر» تقول ذلك خمس عشرة مرَّة بعد القراءة فإذا ركعت قلته عشر مرَّات فإذا رفعت رأسك من الرُّكوع قلته عشر مرَّات فإذا سجدت قلته عشر مرَّات فإذا رفعت رأسك من السجود فقل بين السّجدتين عشر مرَّات فإذا سجدت الثانية فقل عشر مرَّات فإذا رفعت رأسك من السجدة الثانية قلت عشر مرَّات وأنت قاعد قبل أن تقوم فذلك خمس و سبعون تسبيحة في كلِّ ركعة ثلاثمائة تسبيحة في أربع ركعات ألف و مائتا تسبيحة و تهليلة وتكبيرة وتحميدة إن شئت صلّيتها بالنّهار وإن شئت صلّيتها باللّيل.

٢ - و في رواية إبراهيم بن عبد الحميد، عن أبي الحسن عليه السلام تقرء في الاُولى إذا زلزلت، وفي الثانية و العاديات، و في الثالثة إذا جاء نصرالله، وفي الرابعة بقل هوالله أحد. قلت: فما ثوابها؟ قال: لو كان عليه مثل رمل عالج ذنوباً غفر[الله]له، ثمَّ نظر إليَّ فقال: إنّما ذلك لك ولأصحابك.

وروي عن ابن أبي عمير، عن يحيى بن عمران الحلبيِّ، عن ذريح، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: تصلّيها باللّيل وتصلّيها في السّفر باللّيل و النّهار وإن شئت فاجعلها من نوافلك.

٣ - عليٌّ بن إبراهيم، عن أبيه، عن محسن بن أحمد، عن أبان قال: سمعت أبا

عبدالله عليه السلام يقول : من كان مستعجلاً يصلّي صلاة جعفر مجرّدة ثمّ يقضي التسبيح وهو ذاهبٌ في حوائجه .

٤ ـ أحمد بن إدريس ، عن محمّد بن أحمد ، عن عليّ بن سليمان قال : كتبت إلى الرّجل عليه السلام : ما تقول في صلاة التّسبيح في المحمل ؟ فكتب عليه السلام : إذا كنت مسافراً فصلّ .

٥ ـ عليّ بن محمّد ، عن بعض أصحابنا ، عن ابن محبوب رفعه قال : قال : تقول في آخر ركعة من صلاة جعفر عليه السلام : «يامن لبس العزّ والوقار يامن تعطّف بالمجد و تكرّم به ، يامن لاينبغي التسبيح إلّا له يامن أحصى كلّ شيء علمه ، ياذا النعمة والطول ياذا المنّ والفضل ، ياذا القدرة والكرم أسألك بمعاقد العزّ من عرشك و بمنتهى الرّحمة من كتابك وباسمك الأعظم الأعلى وكلماتك التّامّة(٥) أن تصلّي على محمّد وآل محمّد وأن تفعل بي كذا وكذا » .

٦ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عبدالله بن أبي القاسم ، ذكره ، عمّن حدثه عن أبي سعيد المدائنيّ قال : قال لي أبو عبدالله عليه السلام : ألا اُعلّمك شيئاً تقوله في صلاة جعفر ؟ فقلت : بلى ، فقال : إذا كنت في آخر سجدة من الأربع ركعات فقل إذا فرغت من تسبيحك : «سبحان من لبس العزّ والوقار ، سبحان من تعطّف بالمجد وتكرّم به ، سبحان من لاينبغي التسبيح إلّا له ، سبحان من أحصى كلّ شيء علمه ، سبحان ذي المنّ والنعم ، سبحان ذي القدرة والكرم ، اللّهمّ إنّي أسألك بمعاقد العزّ من عرشك و منتهى الرّحمة من كتابك واسمك الأعظم وكلماتك التّامّة الّتي تمّت صدقاً و عدلاً صلّ على محمّد وأهل بيته وافعل بي كذا وكذا » .

٧ ـ محمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن أسباط ، عن الحكم بن مسكين ، عن إسحاق بن عمّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : من صلّى صلاة جعفر كتب الله عزّ و جلّ له من الأجر مثل ما قال رسول الله صلى الله عليه وآله لجعفر ؟ قال : إي والله .

باب ۹۰

نماز تسبیح

۱۔ فرمایا امام جعفر صادق علیہ السلام نے کہ حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا جعفر طیار کیا تم کو نہ دوں کیا تم کو عطا نہ کروں ایسی چیز کہ سب لوگ تمہیں دوست رکھیں۔ جعفر نے کہا یا رسولؐ اللہ ضرور دیجئے۔ لوگوں نے سمجھا سونا یا چاندی دیں گے تاکہ لوگ اس کی وجہ سے عزت کریں۔ فرمایا میں تمہیں ایسی چیز دوں گا کہ اگر تم ہر روز کرو تو یہ دنیا و ما فیہا میں تمہارے لئے بہتر ہوگا اور اگر دو دن میں ایک بار کرو گے تو جو گناہ ان دو دنوں میں کئے ہوں گے وہ معاف ہو جائیں گے یا اگر ہر جمعہ یا ہر ماہ یا ہر سال کرو گے تو ان کے بیچ کے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ اے جعفر وہ چار رکعت نماز ہے حمد و سورہ سے شروع کرو جب پڑھ چکو تو سبحان اللہ والحمد للہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر پندرہ بار کہو، جب رکوع میں جاؤ تو دس بار جب رکوع سے اٹھو تو دس بار، سجدہ میں جاؤ تو دس بار، سجدہ سے سر اٹھاؤ تو دس بار، دوسرے سجدہ میں دس بار، سجدہ سے سر اٹھاؤ تو کھڑے ہونے سے پہلے دس بار کہو۔ یہ سب تسبیحیں ۷۵ ہوئیں اور چار رکعت میں بارہ سو تسبیح و تہلیل و تکبیر و تحمید ہوئیں۔

پس چاہو تو یہ نمازیں دن میں پڑھو چاہے رات میں۔ (حسن)

۲۔ فرمایا حضرت نے پہلی رکعت میں سورۂ اذا زلزلت الارض دوسری میں والعادیات تیسری میں اذا جاء نصر اللہ چوتھی میں قل ھو اللہ۔ میں نے کہا ثواب کیا ہے فرمایا اگر ایک صحرا کے برابر گناہ ہوں گے تو بخشے جائیں گے پھر فرمایا یہ تمہارے اور تمہارے اصحاب کے لئے ہے یہ نماز رات میں پڑھو اور سفر میں رات دن، چاہو نوافل میں داخل کر لو۔

۳۔ فرمایا حضرتؑ نے جو کسی کام میں مستعجل وہ نماز جعفر طیار پڑھے۔ پھر تسبیح پڑھتا ہوا اپنی حاجت کے لئے جائے۔ (مجہول)

۴۔ میں نے امام علیہ السلام کو نماز تسبیح پڑھنے کے لئے لکھا حضرت نے جواب میں لکھا اگر مسافر ہو تو پڑھ لو۔

۵۔ اور کہو «یامن لبس العزّ والوقار یامن تعطّف بالمجد و تکرّم به، یامن لاینبغي التسبیح إلّا له یامن أحصی کلّ شيء علمه، یاذاالنعمة والطول یاذا المنّ والفضل، یاذا القدرة والکرم أسألك بمعاقد العزّ من عرشك و بمنتهی الرّحمة من کتابك وباسمك الأعظم الأعلی و کلماتك التّامّة(۵) أن تصلّي علی محمد و آل محمد» پھر اپنی حاجت طلب کرو۔ (مرفوع)

۶۔ فرمایا میں تمہیں ایک دعا تعلیم کرتا ہوں نماز ظہر کی چوتھی رکعت کے سجدہ میں جاؤ اور تسبیح سے فارغ ہو کہو

«سبحان من لبس العزّ والوقار ، سبحان من تعطّف بالمجد وتكرّم به ، سبحان من لاينبغي التسبيح إلّا له ، سبحان من أحصى كلّ شيء علمه ، سبحان ذي المنّ والنعم ، سبحان ذي القدرة والكرم ، اللّهمّ إنّي أسألك بمعاقد العزّ من عرشك و منتهى الرّحمة من كتابك واسمك الأعظم وكلماتك التّامّة الّتي تمّت صدقاً و عدلاً صلّ على محمّد وأهل بيته» پھر دعا مانگے۔

۷۔ میں نے پوچھا کیا اجر ہے نماز جعفر طیار پڑھنے کا۔ فرمایا اللہ تعالیٰ وہی اجر اس کو دے گا جو رسول اللہ نے فرمایا (اس کا بیان پہلی حدیث میں آچکا) خدا کی قسم وہی اجر دے گا۔

﴿باب ٩١﴾

(صلاة فاطمة سلام الله عليها وغيرها من صلاة الترغيب)

١ ـ عليّ بن محمّد و غيره ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن الحكم ، عن مثنّى الحنّاط ، عن أبي بصير قال : سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول : من صلّى أربع ركعات بمائتي مرّة قل هو الله أحد في كلّ ركعة خمسون مرّة لم ينفتل وبينه وبين الله ذنب إلّا غفر له .

٢ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن البرقي ، عن سعدان ، عن عبدالله ابن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من صلّى أربع ركعات يقرء في كلّ ركعة قل هو الله أحد خمسين مرّة لم ينفتل وبينه وبين الله ذنب .

٣ ـ محمّد بن يحيى بإسناده رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من صلّى ركعتين بقل هو الله أحد في كلّ ركعة ستّين مرّة انفتل وليس بينه وبين الله ذنب .

٤ ـ عليّ بن محمّد ، عن بعض أصحابنا ، عن أبي الحسن الرّضا عليه السلام قال : من صلّى المغرب وبعدها أربع ركعات ولم يتكلّم حتّى يصلّي عشر ركعات يقرء في كلّ ركعة بالحمد وقل هو الله أحد كانت عدل عشر رقاب .

٥ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن ابن أبي عمير ، عن محمّد

ابن كردوس ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من تطهّر ثمّ أوى إلى فراشه بات و فراشه كمسجده فإن قام من اللّيل فذكر الله تناثرت عنه خطاياه فإن قام من آخر اللّيل فتطهّر و صلّى ركعتين و حمدالله و أثنى عليه و صلّى على النبيّ صلّى الله عليه و آله لم يسأل الله شيئاً إلّا أعطاه إمّا أن يعطيه الّذي يسأله بعينه وإمّا أن يدّخر له ماهوخير له منه .

٦ ـ عليّ بن محمّد بإسناده ، عن بعضهم عليهم السلام في قول الله عزّ وجلّ : « إنّ ناشئة اللّيل هي أشدّ وطأ وأقوم قيلا » قال : هي ركعتان بعد المغرب تقرء في أوّل ركعة بفاتحة الكتاب وعشر من أوّل البقرة و آية السخرة ومن قوله : « وإلهكم إله واحد لا إله إلّا هو الرّحمن الرّحيم * إنّ في خلق السموات و الأرض ـ إلى قوله ـ : لآيات لقوم يعقلون » وخمس عشرة مرّة قل هوالله أحد و في الركعة الثّانية فاتحة الكتاب و آية الكرسي وآخر البقرة من قوله : « لله ما في السموات وما في الأرض ـ إلى أن تختم السورة ـ » وخمس عشرة مرّة قل هوالله أحد ، ثمّ ادع بعد هذا بما شئت ، قال : ومن واظب عليه كتب له بكلّ صلاة ستمائة ألف حجّة .

٧ ـ عليّ بن محمّد رفعه ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا كان النّصف من شعبان فصل أربع ركعات تقرء في كلّ ركعة الحمد و قل هوالله أحد مائة مرّة فإذا فرغت فقل : « اللّهمّ إنّي إليك فقير وإنّي عائذ بك ومنك خائف وبك مستجير ، ربّ لا تبدّل اسمي ربّ لاتغيّر جسمي ، ربّ لاتجهد بلائي أعوذ بعفوك من عقابك و أعوذ برضاك من سخطك وأعوذ برحمتك من عذابك وأعوذ بك منك جلّ ثناؤك أنت كما أثنيت على نفسك وفوق ما يقول القائلون » ، قال : وقال أبوعبدالله عليه السلام : يوم سبعة و عشرين من رجب نبّي فيه رسول الله صلّى الله عليه وآله من صلّى فيه أيّ وقت شاء اثنتي عشرة ركعة يقرء في كلّ ركعة بأمّ القرآن وسورة ما تيسّر فإذا فرغ و سلّم جلس مكانه ثمّ قرء أمّ القرآن أربع مرّات والمعوّذات الثلاث كلّ واحدة أربع مرّات فإذا فرغ و هو في مكانه قال : « لاإله إلّا الله والله أكبر والحمد لله وسبحان الله ولاحول ولاقوّة إلّا بالله » أربع مرّات ثمّ يقول : « الله الله ربّي لا أشرك به شيئاً » أربع مرّات ، ثمّ يدعو فلا يدعو بشيء إلّا استجيب له في كلّ حاجة إلّا أن يدعو في جايحة قوم أو قطيعة رحم .

باب ۹۱

نماز فاطمہؑ زہرا وغیرہ

۱۔ فرمایا حضرت نے جو چار رکعت نماز دو سو مرتبہ قل ہو اللہ احد کے ساتھ پڑھے ہر رکعت میں پچاس مرتبہ تو اللہ ہر وہ گناہ بخش دے گا جو اس کے اور خدا کے درمیان ہوگا۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا جو چار رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں پچاس بار قل ہو اللہ احد پڑھے تو اپنی جگہ سے نہ اٹھے گا کہ اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا جو کوئی دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ساٹھ مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھے تو یہ افضل ہے اس کے اور خدا کے درمیان کوئی گناہ باقی نہ رہے گا۔ (مرفوع)

۴۔ فرمایا امام رضا علیہ السلامؑ جو نماز مغرب کے بعد چار رکعت نماز پڑھے اور بغیر کلام کے دس رکعت اور پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد و قل ہو اللہ پڑھے تو یہ دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہوگا۔ (مرسل)

۵۔ فرمایا ابو عبد اللہ علیہ السلام نے جو کوئی طہارت کے بعد اپنے بستر پر سوئے تو ایسے سوئے گا جیسے اپنی مسجد میں اور اگر رات کو بیدار ہو کر ذکر خدا کرے تو اس کے گناہ بکھر جائیں گے اور اگر آخر شب میں طہارت کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور اللہ کی حمد و ثنا کرے اور محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجے تو جو سوال کرے گا اللہ سے عطا کرے گا یا بعینہٖ اس کے لیے نیکی کا ذخیرہ کردے گا۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا آیہ إنّ ناشئة الليل کے متعلق کہ وہ دو رکعت نماز ہے بعد مغرب پہلی رکعت میں سورہ الحمد پڑھے اور دس آیات سورۂ بقر کی پہلی اور یہ آیات إنّ في خلق السموات و الأرض تا لقوم يعقلون، اور پندرہ بار قل ہو اللہ احد پڑھے اور رکعت ثانیہ میں سورۂ حمد آیۃ الکرسی اور سورہ بقر کی آخری آیتیں۔ لله ما في السموات وما في الأرض سے آخری سورہ تک اور پندرہ بار سورۂ قل ہو اللہ پڑھے پھر جو چاہے دعا مانگے جو کوئی اس کا وظیفہ کرے اس کو ہر نماز کے بدلے چھ ہزار حج کا ثواب ملتا ہے۔ (مرفوع)

۷۔ فرمایا حضرت نے جب نصف شعبان ہو تو چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں الحمد و قل ہو اللہ سو بار پڑھے اور کہے اللّهمّ إنّي إليك فقير وإنّي عائذ بك ومنك خائف وبك مستجير، ربّ لا تبدّل اسمي ربّ لاتغيّر جسمي، ربّ لاتجهد بلائي أعوذ بعفوك من عقابك و أعوذ برضاك من سخطك وأعوذ برحمتك من عذابك وأعوذ بك منك جلّ ثناؤك أنت كما أثنيت على نفسك وفوق ما يقول القائلون

اور حضرتؑ نے فرمایا ۲۷ رجب کو حضرت رسولؐ خدا نے آگاہ کیا کہ جس وقت چاہے ۱۲ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ الحمد اور جو سورہ آسان ہو پڑھے، جب پڑھ چکے تو اپنی جگہ بیٹھ کر سورۂ الحمد چار مرتبہ اور تینوں معوذ چار چار بار اس کے بعد نہایت خضوع و خشوع سے کہے اللّٰہ ربی لا اشرک بہ شیئاً چار بار پھر جو چاہے دعا مانگے ہر حاجت قبول ہوگی سوائے کسی پر ظلم کرنے یا قطع رحم کرنے کے۔ (مرفوع)

﴿باب ۹۲﴾

☼(صلاة الاستخارة)☼

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن خالد ، عن النضر بنْ سويد ، عن يحيى الحلبيّ ، عن عمرو بن حريث قال : قال أبو عبدالله عليه السلام : صلّ ركعتين واستخر الله فوالله ما استخار الله مسلم إلاّ خار له البتّة .

٢ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عثمان بن عيسى ، عن عمرو بن شمر ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : كان عليُّ بن الحسين صلوات الله عليهما إذا همَّ بأمر حجّ أوعمرة أو بيع أوشراء أوعتق تطهّر ثمّ صلّى ركعتي الاستخارة فقرء فيهما بسورة الحشر وبسورة الرّحمن ثمّ يقرء المعوّذتين وقل هو الله أحد إذا فرغ و هو جالس في دبر الرّكعتين ، ثمّ يقول : «اللّهمّ إن كان كذا و كذا خيراً لي في ديني ودنياي وعاجل أمري وآجله فصلّ على محمّد و آله ويسّره لي على أحسن الوجوه و أجلها اللّهمّ و إن كان كذا وكذا شرًّا لي في ديني ودنياي و آخرتي وعاجل أمري و آجله فصلّ على محمّد و آله واصرفه عنّي ، ربّ صلّ على محمّد و آله وأعزم لي على رشدي وإن كرهت ذلك أو أبته نفسي» .

٣ ـ غير واحد ، عن سهل بن زياد ، عن أحمد بن محمّد البصريّ ، عن القاسم بن عبدالرّحمن الهاشميّ ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا أردت أمراً فخذ ستّ رقاع فاكتب في ثلاث منها : بسم الله الرّحمن الرّحيم خيرة من الله العزيز الحكيم لفلان بن فلانة افعله ، وفي ثلاث منها : بسم الله الرّحمن الرّحيم خيرة من الله العزيز الحكيم لفلان بن فلانة لا تفعل ، ثمّ ضعها تحت مصلاّك ثمّ صلّ ركعتين فإذا

فرغت فاسجد سجدة وقل فيها مائة مرّة : «أستخير الله برحمته خيرة في عافية» ثمّ استو جالساً وقل : «اللّهمّ خرلي واخترلي في جميع أُموري في يسر منك و عافية ثمّ اضرب بيدك إلى الرّقاع فشوّشها و أخرج واحدة ، فإن خرج ثلاث متواليات افعل فافعل الأمر الّذي تريده و إن خرج ثلاث متواليات لا تفعل فلا تفعله و إن خرجت واحدة افعل والأُخرى لا تفعل فاخرج من الرّقاع إلى خمس فانظر أكثرها فاعمل به ودع السّادسة لا تحتاج إليها .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن فضّال قال : سأل الحسن بن الجهم أبا الحسن عليه‌السلام لابن أسباط فقال : ما ترى له ـ وابن أسباط حاضر ونحن جميعاً ـ يركب البرّ أو البحر إلى مصر فأخبره بخير طريق البرّ فقال : البر وأت المسجد في غير وقت صلاة الفريضة فصلّ ركعتين واستخر الله مائة مرّة ، ثمّ انظر أيّ شيء يقع في قلبك فاعمل به . وقال له الحسن : البرّ أحبّ إليّ له ، قال : وإليّ (٢) .

٥ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أسباط ؛ ومحمّد بن أحمد ، عن موسى بن القاسم البجليّ ، عن عليّ بن أسباط قال : قلت لأبي الحسن الرضا عليه‌السلام : جعلت فداك ما ترى آخذ برّاً أو بحراً . فإنّ طريقنا مخوف شديد الخطر ؟ فقال : اخرج برّاً ولا عليك أن تأتي مسجد رسول الله صلى‌الله‌عليه‌وآله وتصلّي ركعتين في غير وقت فريضة ، ثمّ لتستخير الله مائة مرّة ومرّة ثمّ تنظر فإن عزم الله لك على البحر فقل الّذي قال الله عزّ و جلّ : «وقال اركبوا فيها بسم الله مجريها ومرسيها إنّ ربي لغفور رحيم» فإن اضطرب بك البحر فاتّك على جانبك الأيمن وقل : بسم الله اسكن بسكينة الله وقرّ بوقار الله واهدء بإذن الله ولاحول ولاقوّة إلّا بالله» .

قلنا : أصلحك الله ما السكينة ريح تخرج من الجنّة لها صورة كصورة الإنسان و رائحة طيّبة وهي الّتي نزلت على إبراهيم فأقبلت تدور حول أركان البيت وهو يضع الأساطين قيل له : هي من الّتي قال الله عزّ وجلّ : «فيه سكينة من ربّكم وبقيّة ممّا ترك آل موسى و آل هرون» قال : تلك السكينة في التابوت وكانت فيه طشت تغسل فيها قلوب الأنبياء وكان التّابوت يدور في بني إسرائيل مع الأنبياء ثمّ أقبل علينا فقال : ما تابوتكم؟ قلنا : السّلاح ، قال : صدقتم هو تابوتكم وإن خرجت برّاً فقل : الّذي قال الله عزّ وجلّ : «سبحان الّذي سخّر لنا هذا وما كنّا له مقرنين ☆ و إنّا إلى ربّنا لمنقلبون

فإنّه ليس من عبد يقولها عند ركوبه فيقع من بعير أو دابّة فيصيبه شيء بإذن الله، ثمّ قال: فإذا خرجت من منزلك فقل: «بسم الله آمنت بالله، توكّلت على الله، لا حول ولا قوّة إلّا بالله» فإنّ الملائكة تضرب وجوه الشياطين ويقولون: قد سمّى الله وآمن بالله وتوكّل على الله وقال: لاحول ولا قوّة إلّا بالله.

٦ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن عليّ بن حديد، عن مرازم قال: قال لي أبو عبدالله عليه السلام: إذا أراد أحدكم شيئاً فليصلّ ركعتين ثمّ ليحمد الله وليثن عليه وليصلّ على محمّد وأهل بيته ويقول: «اللّهمّ إن كان هذا الأمر خيراً لي في ديني و دنياي فيسّره لي واقدره وإن كان غير ذلك فاصرفه عنّي» فسألته أيّ شيء أقرء فيهما؟ فقال: إقرء فيهما ما شئت وإن شئت قرأت فيهما قل هو الله أحد و قل يا أيّها الكافرون.

٧ ـ عليّ بن محمّد، عن سهل بن زياد، عن محمّد بن عيسى، عن عمرو بن إبراهيم، عن خلف بن حمّاد، عن إسحاق بن عمّار، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: قلت له: ربّما أردت الأمر يفرق منّي فريقان أحدهما يأمرني والآخر ينهاني؟ قال: فقال: إذا كنت كذلك فصلّ ركعتين و استخر الله مائة مرّة ومرّة، ثمّ انظر أحزم الأمرين لك فافعله، فإنّ الخيرة فيه إن شاء الله ولتكن استخارتك في عافية فإنّه ربّما خير للرجل في قطع يده وموت ولده وذهاب ماله.

٨ ـ عليّ بن محمّد رفعه عنهم عليهم السلام أنّه قال: لبعض أصحابه وقد سأله عن الأمر يمضي فيه ولا يجد أحداً يشاوره فكيف يصنع؟ قال: شاور ربّك، قال: فقال له: كيف؟ قال له: انو الحاجة في نفسك ثمّ اكتب رقعتين في واحدة لا وفي واحدة نعم و اجعلهما في بندقتين من طين ثمّ صلّ ركعتين واجعلهما تحت ذيلك وقل: «يا الله إنّي اُشاورك في أمري هذا و أنت خير مستشار ومشير فأشر عليّ بما فيه صلاح وحسن عاقبة» ثمّ أدخل يدك فإن كان فيها نعم، فافعل وإن كان فيها لا، لا تفعل هكذا شاور ربّك.

باب ۹۲

نماز استخارہ

۱۔ فرمایا دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ سے استخارہ کرو، واللہ جس نے اللہ سے استخارہ کیا اس کو خیر حاصل ہوا۔ (۱۰)

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ امام زین العابدین علیہ السلام جب ارادہ کرتے حج و عمرہ، خرید و فروخت یا غلام آزاد کرنے کا تو دو رکعت نماز استخارہ پڑھتے اور ان میں سورۂ حشر اور رحمٰن پڑھتے پھر معوذتین اور قل ہو اللہ پڑھتے جب نماز پڑھ چکتے تو بیٹھ کر کہتے یا اللہ اگر فلاں امر میرے لئے بہتر ہو دین و دنیا میں یا بجلد و بدیر ہونے میں تو رحمت نازل کر محمد و آل محمدؐ پر اور بہترین طریقہ اور حسن انجام کے ساتھ اسے آسان کر دے اور اگر فلاں امر بد ہو میری دنیا و دین و آخرت اور جلد یا بدیر ہونے میں تو رحمت نازل کر محمدؐ و آل محمدؐ پر اور ہٹا دے اسے مجھ سے اور ہمیشہ دے مجھے نیکی پر رہنے کی اگرچہ اس کو ناگوار جانوں اور میرے نفس کو اس سے تکلیف ہو۔ (ض)

۳۔ فرمایا صادق آل محمدؐ نے جب کسی امر کا ارادہ کرو تو چھ پرچے لو ان میں سے تین پر لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خیرة من الله العزیز الحکیم لفلان بن فلانة افعله اور دوسرے تین پر لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم خیرة من الله العزیز الحکیم لفلان بن فلانة لا تفعل ان پرچوں کو اپنے مصلّے کے نیچے رکھو اور دو رکعت نماز پڑھو اس کے بعد سجدہ میں جاؤ اور سو مرتبہ کہو أستخیر الله برحمته خیرة فی عافیة پھر اٹھ کر بیٹھو اور کہو اللهم خر لی واختر لی فی جمیع اموری فی یسر منک وعافیه

پھر وہ پرچے اپنے ہاتھ سے گڈمڈ کر دو، اور ایک پرچہ نکالو اگر متواتر تین پرچے افعل کے نکلیں تو اس کام کو کرو۔ اگر تین متواتر لا تفعل نکلیں تو نہ کرو اور اگر ایک افعل نکلے اور دوسرا لا تفعل تو پانچ تک نکالو اور جن کی اکثر ہو اس پر عمل کرو۔ اور چھٹے کو چھوڑ دو اس سے مطلب نہیں۔ (ض)

۴۔ حسن بن الجہم نے ابوالحسن علیہم السلام سے کہا۔ ابن اسباط اور ہم براہ خشکی اور تری مصر جانا چاہتے ہیں ہمیں بتائیے خشکی کا سفر بہتر ہوگا یا نہیں۔ فرمایا خشکی کا۔ تم وقت نماز واجب کے علاوہ کسی وقت مسجد میں آؤ اور دو رکعت نماز بجا لا کر طلب خیر اللہ سے کرو، پھر غور کرو تمہارے دل میں کیا بات پیدا ہوتی ہے پس اسی پر عمل کرو۔ حسن نے کہا۔ میں تو خشکی کا سفر پسند کرتا ہوں۔ فرمایا۔ میں بھی۔ (موثق)

۵۔ میں نے ابوالحسن علیہ السلام سے کہا میں آپ پر فدا ہوں آپ کی کیا رائے ہے میں خشکی سے سفر کروں یا تری سے، ہمارا راستہ بہت زیادہ خطرناک ہے فرمایا خشکی کا راستہ اختیار کرو اور مسجد رسولؐ میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو اور سو مرتبہ اور ایک بار استخیر اللہ کہو۔ پھر غور کرو اگر تمہارے دل میں تری کا خیال اللہ پیدا کرے تو تری سے سفر کرو۔ آیت پڑھا کرو بسم الله مجریها ومرسیها إن ربی لغفور رحیم، اگر دریا میں طوفان آ جائے تو داہنی طرف تکیہ رکھ کر کہو بسم الله اسکن بسکینة الله وقر بوقار الله واهدء بإذن الله ولا حول ولا قوة إلا بالله۔ ہم نے کہا خدا آپؐ کی حفاظت کرے سکینہ کیا ہے فرمایا ایک ہوا ہے جو جنت سے چلتی ہے اس کی صورت انسان کی سی ہے خوشبودار ہوا ہے۔ یہی نازل ہوتی تھی حضرت ابراہیم پر، وہ آئی ارکان بیت کے گرد چکر کھانے

آگ اسی نے اساطین کو رکھا۔ پوچھا گیا کیا یہ وہی ہے جس کے لئے خدا نے فرمایا ہے فیه سکینة من ربکم و بقیة مما ترك آل موسی و آل هرون فرمایا وہی ہے جو تابوت میں تھی اور اس میں ایک طشت تھا جس میں غسل دیا جاتا تھا۔ قلوب انبیاء کو یہ تابوت گردش کرتا تھا انبیاء کے ساتھ بنی اسرائیل میں۔ پھر حضرت نے فرمایا تمہارا تابوت کیا ہے ہم نے کہا ہتھیار، فرمایا سچ کہا تمہارا تابوت یہی ہے اچھا اگر تم خشکی کا سفر کرو تو یہ آیت پڑھو، سبحان الّذي سخر لنا هذا وما كنّا له مقرنين ☆ و إنّا إلى ربّنا لمنقلبون، اس کو پڑھنے والا اخواہ اونٹ پر ہو یا گھوڑے پر باذنِ خدا کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہوگا۔ جب تم اپنی منزل کی طرف سفر کرو تو کہو بسم الله آمنت بالله، تو کّلت علی الله، لاحول ولا قوّة إلّا بالله ملائکہ شیطان کے منہ پر کوڑے ماریں گے اور کہیں گے اس نے اللہ کا نام لیا ہے اور اللہ پر ایمان لایا ہے اور اللہ پر توکل کیا ہے اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہا ہے۔ (موثق)

فرمایا صادق آل محمدؐ نے جب تم میں سے کوئی کسی امر کا ارادہ کرے تو دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر حمد و ثنائے الٰہی بجالائے اور محمد و آلِ محمدؐ پر درود بھیجے پھر کہے یا اللہ اگر یہ امر میرے لئے بہتر ہے دنیا و آخرت میں تو اس کو میرے لئے آسان کر اور اگر بد ہے تو مجھ سے ہٹا دے میں نے پوچھا ان دو رکعتوں میں کیا پڑھے فرمایا قل ہو اللہ اور قل یا ایہا الکافرون۔ (ض)

۷۔ میں نے کہا اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جب میں کسی کام کا ارادہ کروں تو میرا دل دو فریق بن جاتا ہے ایک کہتا ہے کرو دوسرا کہتا ہے نہ کرو فرمایا ایسی حالت ہو تو دو رکعت نماز پڑھو اور ایک سو ایک مرتبہ استخیر اللہ کہو۔ پھر دیکھو دو امروں میں سے کس امر پر حتمی رائے ہوئی۔ اگر ہوگئی ہے تو اسے کرو انشاء اللہ بہتری ہوگی اور تیرا استخارہ سبب عافیت ہوگا بسا اوقات انسان کی بہتری ہاتھ قطع ہونے، اولاد مرنے اور مال جانے میں ہوتی ہے۔ (ح)

۸۔ کسی نے کہا بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ انسان مشورہ کے لئے کسی کو نہیں پاتا فرمایا ایسی صورت میں اللہ سے مشورہ کرو۔ پوچھا کیسے، فرمایا اپنی حاجت کی نیت کرو پھر دو رقعے لو ایک پر لا لکھو اور دوسرے پر نعم اور دونوں کو مٹی میں لپیٹ کر گولے بنالو پھر دو رکعت نماز پڑھ کے ان دونوں کو اپنے دامن کے نیچے رکھو اور کہو یا اللہ إنّي أشاورك في أمري هذا و أنت خير مستشار ومشير فأشر عليّ بما فيه صلاح وحسن عاقبة. پھر ہاتھ ڈال کر ایک گولہ نکالو۔ اگر نعم ہے تو کرو ورنہ نہیں یہی تمہارا اللہ سے مشورہ ہے۔

باب ۹۳

(الصلاة فی طلب الرزق)

۱ ۔ محمد بن إسماعيل ، عن الفضل بن شاذان ، عن صفوان بن يحيى ، عن ابن

مسكان ، عن محمّد بن عليّ الحلبيّ قال : شكى رجل إلى أبي عبدالله عليه السلام الفاقة و الحرفة في التّجارة بعد يسار قد كان فيه ، ما يتوجّه في حاجة إلّا ضاقت عليه المعيشة فأمره أبوعبدالله عليه السلام أن يأتي مقام رسول الله صلى الله عليه وآله بين القبر والمنبر فيصلّي ركعتين و يقول مائة مرّة : « اللّهمّ إنّي أسألك بقوّتك و قدرتك و بعزّتك وما أحاط به علمك أن تيسّر لي من التجارة أوسعها رزقاً وأعمّها فضلاً وخيرها عاقبة » قال الرّجل : ففعلت ما أمرني به فما توجّهت بعد ذلك في وجه إلّا رزقني الله .

٢ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد بن عيسى ، عن أحمد بن أبي داود ، عن أبي حمزة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : جاء رجل إلى النّبيّ صلى الله عليه وآله فقال : يارسول الله إنّي ذو عيال و عليّ دين وقد اشتدّت حالي فعلّمني دعاء إذا دعوت به رزقني الله ما أقضي به ديني وأستعين به على عيالي فقال : يا عبدالله توضّأ وأسبغ وضوءك ثمّ صلّ ركعتين تتمّ الرّكوع و السّجود فيهما ، ثمّ قل : « يا ماجد يا واحد يا كريم أتوجّه إليك بمحمّد نبيّك نبيّ الرّحمة ، يا محمّد يا رسول الله إنّي أتوجّه بك إلى الله ربّك و ربّ كلّ شيء أن تصلّي على محمّد وعلى أهل بيته و أسألك نفحة من نفحاتك و فتحاً يسيراً ورزقاً واسعاً ألمّ به شعثي وأقضي به ديني وأستعين به على عيالي .

٣ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي نجران ، عن صباح الحذّاء عن ابن الطيّار قال : قلت لأبي عبدالله عليه السلام : إنّه كان في يدي شيء تفرّق وضقت ضيقاً شديداً ، فقال لي : ألك حانوت في السّوق ؟ قلت : نعم وقد تركته ، فقال : إذا رجعت إلى الكوفة فاقعد في حانوتك واكنسه فإذا أردت أن تخرج إلى سوقك فصلّ ركعتين أو أربع ركعات ثمّ قل في دبر صلاتك : « توجّهت بلاحول منّي ولا قوّة ولكن بحولك وقوّتك أبرء إليك من الحول والقوّة إلّا بك فأنت حولي ومنك قوّتي ، اللّهمّ فارزقني من فضلك الواسع رزقاً كثيراً طيّباً و أنا خافض في عافيتك فإنّه لايملكها أحد غيرك » قال : ففعلت ذلك و كنت أخرج إلى دكّاني حتّى خفت أن يأخذني الجابي بأجرة دكّاني وماعندي شيء قال : فجاء جالب بمتاع فقال لي : تكريني نصف بيتك فأكريته نصف بيتي بكرى البيت كلّه ، قال : وعرض متاعه فأعطى به شيئاً لم يبعه فقلت له : هل لك إليّ خير تبيعني عدلاً من متاعك هذا أبيعه وآخذ فضله و أدفع إليك ثمنه ، قال : وكيف لي بذلك ؟ قال : قلت : ولك الله عليّ بذلك ، قال : فخذ عدلاً منها

فأخذته و رقمته وجاء بردٌ شديد فبعت المتاع من يومي و دفعت إليه الثّمن و أخذت الفضل فمازلت آخذ عدلاً عدلاً فأبيعه و آخذ فضله وأردُّ عليه من رأس المال حتّى ركبت الدّواب واشتريت الرّقيق وبنيت الدُّور .

٤ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن الحكم ، عن ابن الوليد بن صبيح ، عن أبيه قال : قال أبوعبدالله عليه السلام : يا وليد أين حانوتك من المسجد فقلت : على بابه ، فقال : إذا أردت أن تأتي حانوتك فابدء بالمسجد فصلِّ فيه ركعتين أو أربعاً ثمَّ قل : « غدوت بحول الله وقوّته وغدوت بلاحول منّي ولا قوَّة بل بحولك و قوّتك يارب ، اللّهمَّ إنّي عبدك ألتمس من فضلك كماأمرتني فيسّرلي ذلك وأنا خافض في عافيتك » .

٥ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن البرقيِّ ، عن أبيه ، عن صفوان بن يحيى ، عن محمّد بن الحسن العطّار ، عن رجل من أصحابنا ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال لي : يا فلان أما تغدو في الحاجة ، أما تمرُّ بالمسجد الأعظم عندكم بالكوفة ؟ قلت : بلى ، قال : فصلِّ فيه أربع ركعات قل فيهنَّ : « غدوت بحول الله وقوّته ، غدوت بغير حول منّي ولاقوَّة ولكن بحولك يارب وقوّتك أسألك بركة هذا اليوم وبركة أهله و أسألك أن ترزقني من فضلك حلالاً طيّباً تسوقه إليَّ بحولك و قوّتك وأنا خافضٌ في عافيتك » .

٧ ـ عليُّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عبدالله بن المغيرة ، عن الوليد بن صبيح ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إذا غدوت في حاجتك بعد أن تجب الصّلاة فصلِّ ركعتين فإذا فرغت من التشهّد قلت : « اللّهمَّ إنّي غدوت ألتمس من فضلك كما أمرتني فارزقني رزقاً حلالاً طيّباً وأعطني فيما رزقتني العافية » تعيدها ثلاث مرّات ثمَّ تصلّي ركعتين أخراوين فإذا فرغت من التشهّد قلت : « بحول الله و قوّته غدوت بغير حول منّي ولا قوَّة ولكن بحولك يارب و قوّتك و أبرء إليك من الحول والقوَّة ، اللّهمَّ إنّي أسألك بركة هذا اليوم و بركة أهله و أسألك أن ترزقني من فضلك رزقاً واسعاً طيّباً حلالاً تسوقه إليَّ بحولك و قوّتك وأنا خافضٌ في عافيتك » تقولها ثلاثاً .

٦ ـ عليُّ بن محمّد بن عبدالله ، عن إبراهيم بن إسحاق ، عن عبدالله بن أحمد ، عن الحسن بن عروة ـ ابن اُخت شعيب العقرقوفي ـ عن خاله شعيب قال : قال أبوعبدالله

علیہ السلام : من جاع فليتوضّأ وليصلّ ركعتين ، ثمّ يقول : «يارب إنّي جائع فأطعمني» فإنّه يطعم من ساعته .

باب ۹۳

نماز طلب رزق

۱۔ ایک شخص نے حضرت ابوعبداللہ سے اپنے فقر کی شکایت کی اور فائدے کے بعد تجارت میں نقصان کی جس قدر میں نے زیادہ کوشش کی اتنا ہی زیادہ نقصان ہوا۔ فرمایا مقام رسولؐ پر جو قبر اور منبر کے درمیان ہے دو رکعت نماز پڑھ کر سو مرتبہ کہو۔

اللّهمّ إنّي أسألك بقوّتك و قدرتك و بعزّتك وما أحاط به علمك
أن تيسّر لي من التجارة أوسعها رزقاً وأعمّها فضلاً وخيرها عاقبة

اس نے کہا میں نے ایسا ہی کیا اس کے بعد میں نے جو کام کیا اللہ نے مجھے رزق دیا۔

۲۔ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ایک شخص حضرت رسولِ خدا کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسولؐ اللہ میں بال بچوں والا ہوں اور مقروض ہوں میرا حال بہت خراب ہے کوئی ایسی دعا تعلیم فرمایئے کہ جب میں دعا مانگوں میرا قرض ادا ہو جائے اور اپنے اہل وعیال کی مدد کر سکوں فرمایا اے بندۂ خدا وضو کر کے دو رکعت نماز پورے رکوع و سجود سے پڑھ اور پھر کہہ

يا ماجد يا واحد يا كريم أتوجّه إليك بمحمّد نبيّك نبيّ الرّحمة ، يا محمّد يا رسول الله إنّي أتوجّه بك إلى الله ربّك و ربّ كلّ شيء أن تصلّي على محمّد وعلى أهل بيته و أسألك نفحةً من نفحاتك و فتحاً يسيراً ورزقاً واسعاً ألمّ به شعثي وأقضي به ديني وأستعين به على عيالي

۳۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے کہا میرے پاس جو کچھ تھا وہ سب ختم ہو گیا اور سخت تنگی سے بسر ہو رہی ہے حضرت نے فرمایا بازار میں تمہاری کوئی دکان ہے میں نے کہا ہے تو مگر میں نے اسے چھوڑ رکھا ہے فرمایا جب تم کوفہ جاؤ تو اپنی دکان میں بیٹھنا اور جھاڑو دے کر صاف کرنا۔ جب تم بازار میں جاؤ تو دو رکعت نماز یا چار رکعت اور بعد نماز کہو۔

توجّهت بلاحول منّي ولا قوّة ولكن بحولك وقوّتك أبرء إليك من الحول والقوّة إلّا بك فأنت حولي ومنك قوّتي ، اللّهمّ فارزقني من فضلك الواسع رزقاً كثيراً طيّباً و أنا خافض في عافيتك فإنّه لايملكها أحدٌ غيرك

راوی کہتاہے میں نے ایسا ہی کیا۔ میں دکان پر جانے لگا یہاں تک کہ مجھے خوف ہوا کہ دکان کا کرایہ کا غلّہ جمع کرنے والا آجائے گا اور میرے پاس دینے کو کچھ نہیں ہے پس ایک تاجر جو شہروں شہروں سامان لے جاتا تھا آیا اور مجھ سے کہا تم اپنی نصف دکان مجھے کرایہ پر دے دو میں نے نصف دکان پوری دکان کے برابر کرایہ کے دے دی۔ اس نے اپنا سامان نکالا اور مجھے کچھ ایسا سامان دیا جو اسے بچانا تھا میں نے کہا کیا تم مجھے کچھ ایسا سامان ازراہ عمل خیر دے سکتے ہو جسے فروخت کرکے تمہارے مال کی قیمت تمہیں دوں اور نفع خود لے لوں۔ اس نے کہا یہ کیسے، میں نے کہا خوشنودی خدا کے لیے، اس نے کہا لے لو، میں نے لے لیا۔ اتفاقاً سخت سردی پڑی اور وہ مال جلد بک گیا میں نے قیمت اسے دے دی اور نفع خود لے لیا۔ چند بار کے لوٹ پھیر میں اللہ نے مجھے اتنی دولت دی کہ چوپائے خریدے، غلام خریدے اور گھر بنوالیے۔ (حسن)

۴۔ حضرتؑ نے ولید بن صبیح سے پوچھا تمہاری دکان کہاں ہے اس نے کہا مسجد کے دروازے پر ہے فرمایا جب دکان پر جانے کا ارادہ ہو تو پہلے مسجد میں دو یا چار رکعت نماز پڑھو پھر کہو۔ (م) غدوت بحول الله وقوّته وغدوت بلاحول منّي ولا قوّة بل بحولك و قوّتك يارب، اللّهمّ إنّي عبدك ألتمس من فضلك كما أمرتني فيسّر لي ذلك وأنا خافض في عافيتك

۵۔ حضرتؑ نے مجھ سے فرمایا کیا تم صبح کو کوئی حاجت نہیں رکھتے کیا تم مسجد اعظم کوفہ کی طرف سے جو تمہارے قریب ہے نہیں گزرتے۔ میں نے کہا ہاں گزرتا ہوں تو اس میں چار رکعت نماز پڑھ کے کہو۔ (مرسل)

فيهنّ: «غدوت بحول الله وقوّته، غدوت بغير حول منّي ولا قوّة ولكن بحولك يارب وقوّتك أسألك بركة هذا اليوم وبركة أهله و أسألك أن ترزقني من فضلك حلالاً طيّباً تسوقه إليّ بحولك و قوّتك وأنا خافض في عافيتك».

۶۔ فرمایا جب کوئی ضرورت پیش آئے تو واجب نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھو اور کہو۔

اللّهمّ إنّي غدوت ألتمس من فضلك كما أمرتني فارزقني رزقاً حلالاً طيّباً وأعطني فيما رزقتني العافية

تین بار پڑھو پھر دو رکعت نماز پڑھو اور بعد تشہد کہو۔ بحول الله و قوّته غدوت بغير حول منّي ولا قوّة ولكن بحولك يارب و قوّتك و أبرء إليك من الحول والقوّة، اللّهمّ إنّي أسألك بركة هذا اليوم و بركة أهله و أسألك أن ترزقني من فضلك رزقاً واسعاً طيّباً حلالاً تسوقه إليّ بحولك و قوّتك وأنا خافض في عافيتك

جو کوئی بھوکا ہو اسے چاہیے کہ وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور کہے۔ اللہ اسی وقت طعام دے گا یہ کلمات تین بار کہو یارب إنّي جائع فأطعمني

باب

(صلاة الحوائج)

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أحمد بن محمّد بن أبي عبدالله ، عن زياد القنديّ ، عن عبدالرّحيم القصير قال : دخلت على أبي عبدالله عليه السلام فقلت : جعلت فداك إنّي اخترعت دعاء ، قال : دعني من اختراعك إذا نزل بك أمر فافزع إلى رسول الله صلى الله عليه وآله وصلّ ركعتين تهديهما إلى رسول الله صلى الله عليه وآله قلت : كيف أصنع ؟ قال : تغتسل و تصلّي ركعتين تستفتح بهما افتتاح الفريضة وتشهّد تشهّد الفريضة ، فإذا فرغت من التشهّد وسلّمت قلت : « اللّهمّ أنت السّلام و منك السّلام و إليك يرجع السّلام اللّهمّ صلّ على محمّد و آل محمّد وبلّغ روح محمّد منّي السّلام و أرواح الأئمّة الصّادقين سلامي واردد عليّ منهم السّلام والسّلام عليهم و رحمة الله و بركاته ، اللّهمّ إنّ هاتين الرّكعتين هديّة منّي إلى رسول الله صلى الله عليه وآله فأثبني عليهما ما أمّلت ورجوت فيك وفي رسولك يا وليّ المؤمنين » ، ثمّ تخرّ ساجداً وتقول : « ياحيّ يا قيّوم ، يا حيّ لايموت ، ياحيّ لاإله إلّا أنت يا ذاالجلال والإكرام يا أرحم الرّاحمين » أربعين مرّة ثمّ ضع خدّك الأيمن فتقولها أربعين مرّة ثمّ ضع خدّك الأيسر فتقولها أربعين مرّة ، ثمّ ترفع رأسك و تمدّ يدك و تقول أربعين مرّة ، ثمّ تردّ يدك إلى رقبتك و تلوذ بسبّابتك و تقول ذلك أربعين مرّة ، ثمّ خذ لحيتك بيدك اليسرى وابك أوتباك وقل : « يا محمّد يارسول الله أشكو إلى الله وإليك حاجتي و إلى أهل بيتك الرّاشدين حاجتي وبكم أتوجّه إلى الله في حاجتي » ثمّ تسجد وتقول : « يا الله يالله ـ حتّى ينقطع نفسك ـ صلّ على محمّد و آل محمّد وافعل بي كذا وكذا » قال أبوعبدالله عليه السلام : فأنا الضّامن على الله عزّ وجلّ أن لايبرح حتّى تقضى حاجته .

٢ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن بعض أصحابنا رفعه إلى أبي عبدالله عليه السلام قال : في الرّجل يحزنه الأمر أويريد الحاجة قال : يصلّي ركعتين يقرء في إحديهما قل هوالله أحد ألف مرّة وفي الأخرى مرّة ثمّ يسأل حاجته .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليّ بن دويل ، عن مقاتل بن مقاتل قال : قلت للرّضا عليه السلام : جعلت فداك علّمني دعاء لقضاء الحوائج فقال : إذا كانت لك حاجة

إلى الله عزّ وجلّ مهمّة فاغتسل و ألبس أنظف ثيابك وشمّ شيئاً من الطيب ثمّ ابرز تحت السّماء فصلّ ركعتين تفتتح الصّلاة فتقرء فاتحة الكتاب وقل هوالله أحد خمس عشرة مرّة، ثمّ تركع فتقرء خمس عشرة مرّة، ثمّ تتمّها على مثال صلاة التّسبيح غير أنّ القراءة خمس عشرة مرّة فإذا سلّمت فاقرأها خمس عشرة مرّة، ثمّ تسجد فتقول في سجودك: «اللّهمّ إنّ كلّ معبود من لدن عرشك إلى قرار أرضك فهو باطل سواك فإنّك [أنت] الله الحقّ المبين اقض لي حاجة كذا وكذا السّاعة السّاعة» وتلحّ فيما أردت.

٤ ـ عدّةٌ من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد، عن الحسين بن سعيد، عن أبي عليّ الخزّاز قال: حضرت أباعبدالله عليه السلام فأتاه رجلٌ فقال له: جعلت فداك أخي به بليّة أستحيي أن أذكرها فقال له: استر ذلك وقل له يصوم يوم الأربعاء والخميس والجمعة ويخرج إذا زالت الشّمس ويلبس ثوبين إمّا جديدين وإمّا غسيلين حيث لا يراه أحد فيصلّي ويكشف عن ركبتيه ويتمطّي براحتيه الأرض وجنبيه ويقرء في صلاته فاتحة الكتاب عشر مرّات وقل هوالله أحد عشر مرّات فإذا ركع قرء خمس عشرة مرّة قل هوالله أحد فإذا سجد قرأها عشراً فإذا رفع رأسه قبل أن يسجد قرأها عشرين مرّة يصلّي أربع ركعات على مثل هذا فإذا فرغ من التشهّد قال: «يا معروفاً بالمعروف، يا أوّل الأوّلين، يا آخر الآخرين، يا ذا القوّة المتين يا رازق المساكين يا أرحم الرّاحمين إنّي اشتريت نفسي منك بثلث مالك فاصرف عنّي شرّ ما ابتليت به إنّك على كلّ شيء قدير».

٥ ـ وبهذا الإسناد، عن أحمد بن محمّد، عن ابن محبوب، عن الحسن بن صالح قال: سمعت أبا عبدالله عليه السلام يقول: من توضّأ فأحسن الوضوء وصلّى ركعتين فأتمّ ركوعهما وسجودهما ثمّ جلس فأثنى على الله عزّ وجلّ وصلّى على رسول الله صلّى الله عليه وآله ثمّ سأل الله حاجته فقد طلب الخير في مظانّه ومن طلب الخير في مظانّه لم يخب.

٦ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد، عن محمّد بن إسماعيل، عن عبدالله بن عثمان أبي إسماعيل السرّاج، عن عبدالله بن وضّاح؛ وعليّ بن أبي حمزة، عن إسماعيل بن الأرقط ـ وأمّه امّ سلمة أخت أبي عبدالله عليه السلام ـ قال: مرضت في شهر رمضان مرضاً شديداً حتّى ثقلت واجتمعت بنوهاشم ليلاً للجنازة وهم يرون أنّي ميّت فجزعت امّي عليّ فقال لها أبو عبدالله عليه السلام خالي: اصعدي إلى فوق البيت فابرزي إلى السّماء وصلّي

ركعتين فإذا سلّمت فقولي: «اللّهمّ إنّك وهبته لي ولم يك شيئاً اللّهمّ وإنّي أستوهبكه مبتدئاً فأعرنيه» قال: ففعلت فأفقت وقعدت ودعوا بسحور لهم هريسة فتسحّروا بها وتسحّرت معهم.

٧ ـ وبهذا الإسناد، عن أبي إسماعيل السرّاج، عن ابن مسكان، عن شرحبيل الكنديّ، عن أبي جعفر عليه السلام قال: إذا أردت أمراً تسأله ربّك فتوضّأ وأحسن الوضوء ثمّ صلّ ركعتين وعظّم الله وصلّ على النّبيّ صلى الله عليه وآله وقل بعد التسليم: «اللّهمّ إنّي أسألك بأنّك ملك وأنّك على كلّ شيء قدير مقتدر وبأنّك ما تشاء من أمر يكون، اللّهمّ إنّي أتوجّه إليك بنبيّك محمّد نبيّ الرّحمة صلى الله عليه وآله يا محمّد يا رسول الله إنّي أتوجّه بك إلى الله ربّك وربّي لينجح لي طلبتي، اللّهمّ بنبيّك أنجح لي طلبتي بمحمّد» ثمّ سل حاجتك.

٨ ـ عدّة من أصحابنا، عن أحمد بن محمّد؛ وأبو داود، عن الحسين بن سعيد، عن فضالة بن أيّوب، عن معاوية بن وهب، عن زرارة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال في الأمر يطلبه الطّالب من ربّه قال: تصدّق في يومك على ستّين مسكيناً على كلّ مسكين صاع بصاع النّبيّ صلى الله عليه وآله فإذا كان اللّيل اغتسلت في الثّلث الباقي ولبست أدنى ما يلبس من تعول من الثياب إلّا أنّ عليك في تلك الثياب إزاراً، ثمّ تصلّي ركعتين فإذا وضعت جبهتك في الرّكعة الأخير للسّجود هلّلت الله وعظّمته وقدّسته ومجّدته وذكرت ذنوبك فأقررت بما تعرف منها مسمّى، ثمّ رفعت رأسك، ثمّ إذا وضعت رأسك للسّجدة الثانية استخرت الله مائة مرّة اللّهمّ إنّي أستخيرك، ثمّ تدعو الله بما شئت وتسأله إيّاه وكلّما سجدت فافض بركبتيك إلى الأرض، ثمّ ترفع الإزار حتّى تكشفهما واجعل الإزار من خلفك بين إليتيك وباطن ساقيك.

٩ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن أبان، عن الحارث بن المغيرة، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: إذا كانت لك حاجة فتوضّأ وصلّ ركعتين، ثمّ أحمد الله واثن عليه واذكر من الآية ثمّ ادع تجب.

١٠ ـ محمّد بن يحيى، عن أحمد بن محمّد؛ عن عمر بن عبدالعزيز، عن جميل قال: كنت عند أبي عبدالله عليه السلام فدخلت عليه امرأة وذكرت أنّها تركت ابنها وقد قالت بالملحفة على وجهه ميّتاً، فقال لها: لعلّه لم يمت فقومي فاذهبي إلى بيتك فاغتسلي وصلّي

رکعتین و ادعي و قولي: «يامن وهبه لي ولم يك شيئاً جدّد هبته لي» ثمّ حرّكيه ولا تخبري بذلك أحداً، قالت: ففعلت فحرّكته فإذا هو قد بكى.

باب ۹۴

نمازِ حاجات

۱۔ میں حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی، میں نے ایک دعا ایجاد کی ہے فرمایا اپنی ایجاد کو چھوڑو، جب کوئی امر حادث ہو تو رسولؐ اللہ سے فریاد کرو اور دو رکعت نماز پڑھ کر رسولؐ اللہ کو ہدیہ کرو میں نے کہا کیسے، فرمایا نماز واجب کی دو رکعت نماز پڑھو، جب تشہد و سلام پڑھ چکو تو کہو۔ «اللّٰهمّ أنت السّلام و منك السّلام و إليك يرجع السّلام اللّٰهمّ صلّ على محمّد و آل محمّد وبلّغ روح محمّد منّي السّلام و أرواح الأئمّة الصّادقين سلامي واردد عليّ منهم السّلام والسّلام عليهم و رحمة الله و بركاته، اللّٰهمّ إنّ هاتين الرّكعتين هديّة منّي إلى رسول الله ﷺ فأثبني عليهما ما أمّلت ورجوت فيك وفي رسولك يا وليّ المؤمنين

پھر سجدہ میں جاکر کہو۔ «ياحيّ يا قيّوم، يا حيّ لايموت، ياحيّ لا إله إلّا أنت يا ذاالجلال والإكرام يا أرحم الرّاحمين» چالیس بار کہو۔

پھر داہنا رخسارہ خاک پر رکھو اور یہ کلمات چالیس بار کہو۔ پھر بایاں رخسارہ رکھ کر چالیس بار کہو پھر سر اٹھا کر اور اپنا ہاتھ بڑھا کر چالیس بار کہو۔ پھر اپنے دونوں ہاتھ گردن کی طرف لے جاؤ اور انگشت شہادت سے اشارہ کرکے چالیس مرتبہ یہ کلمات کہو، پھر اپنی داڑھی اپنے بائیں ہاتھ میں پکڑ کر روؤ یا رونے والوں کی سی صورت بناؤ اور کہو یا محمدؐ یا رسولؐ اللہ میں شکایت کرتا ہوں اللہ سے اور آپؐ سے اپنی حاجت کی اور آپؐ کے اہلبیتؑ راشدین سے اور آپ لوگوں کے وسیلہ سے اپنی حاجت کے لئے اللہ کی طرف توجہ کرتا ہوں پھر سجدہ میں جاکر کہے یا اللہ یا اللہ اپنے سانس بھر صلّی علی محمد وآل محمد میری فلاں فلاں حاجت پوری کرو، فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے بہت جلد اس کی حاجت بر آئے گی۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا جو کوئی رنجیدہ رہتا ہو اور حاجت براری چاہے تو دو رکعت اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں ایکہزار بار قل ہو اللہ اور دوسری میں ایک بار پڑھے پھر دعا مانگے۔ (مرفوع)

۳۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے کہا میں آپؐ پر فدا ہوں۔ آپؐ قضائے حاجت کے لئے کوئی دعا تعلیم فرمایئے فرمایا جب

کوئی ضرورت پیش آئے تو غسل کرو پاکیزہ لباس پہنو، خوشبو لگاؤ اور آسمان کے نیچے دو رکعت نماز پڑھو سورۂ حمد کے بعد سورہ قل ہو اللہ احد پندرہ بار پڑھو پھر رکوع میں جاؤ اور پندرہ بار پڑھو، پھر نماز تسبیح کی طرح تمام کرو۔ پندرہ بار سجدہ میں پڑھو اور جب سلام پڑھو تو پندرہ بار پڑھو پھر سجدہ میں جاکر کہو۔

اللّهمّ إنّ كلّ معبود من لدن عرشك إلى قرار أرضك فهو باطل سواك فإنّك [أنت] الله
الحقّ المبين اقض لي حاجة

پھر خدا سے اپنی حاجت بیان کرو۔

ہر نماز حاجت میں خلوص قلب شرط ہے اجابت دعا کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں اوّل خوف خدا میں رونا دوسرے دل کا اس کی طرف رجوع کرنا۔

۴۔ میں حضرت کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک شخص آیا اور کہنے لگا میرا بھائی ایک ایسی مصیبت میں گرفتار ہے کہ میں اس کے ذکر سے شرماتا ہوں حضرتؑ نے فرمایا اس سے کہو پوشیدہ رکھے اور بدھ اور جمعرات کو روزہ رکھے اور جمعہ کو بھی اور زوالِ آفتاب کے بعد نکلے۔ دو کپڑے پہنے، نئے ہوں یا دھلے ہوئے اور اس طرح نکلے کہ کوئی اسے دیکھے نہیں پس نماز پڑھے اور اپنے دونوں گھٹنے کھول دے اور اپنی دونوں ہتھیلیاں خاک پر ملے اور پھر اٹھا لے اور نماز میں سورۂ حمد اور قل ہو اللہ دس دس بار پڑھے اور جب رکوع میں جائے تو پندرہ بار قل ہو اللہ پڑھے اور جب سجدہ میں جائے تو دس بار قل ہو اللہ احد اور جب سر اٹھائے تو سجدہ سے پہلے بیس بار پڑھے اسی طرح چار رکعت نماز پڑھے جب تشہد سے فارغ ہو تو کہے۔

يا معروفاً بالمعروف، يا أوّل الأوّلين
يا آخر الآخرين ، يا ذاالقوّة المتين يا رازق المساكين يا أرحم الرّاحمين إنّي اشتريت
نفسي منك بثلث ماأملك فأصرف عنّي شرّ ماابتليت به إنّك على كلّ شيء قدير .

۵۔ فرمایا جس نے پورا وضو کیا اور دو رکعت نماز پورے رکوع و سجود سے پڑھی اور خدا کی حمد و ثنا کی اور رسولؐ اور آلِ رسولؐ پر درود بھیجا اور پھر اللہ سے اپنی حاجت کا سوال کیا تو اس نے یقین کے ساتھ طلب خیر کی اور جس نے ایسا کیا وہ ناکام نہ رہا۔ (ح)

۶۔ میں ایک بار رمضان میں سخت بیمار ہوا۔ یہاں تک کہ بیماری ایسی بھاری پڑ گئی کہ بنو ہاشم ایک روز شرکت کے لئے آگئے کیونکہ انھوں نے مجھے مردہ خیال کیا۔ میری والدہ بہت بیقرار تھیں۔ حضرت ابوعبداللہ نے کہا خالہ جان آپ چھت پر جاکر زیرِ آسمان دو رکعت نماز پڑھئے اور کہئے یا اللہ تو نے ہی بخشا تھا در آنحالیکہ وہ کچھ نہ تھا اے اللہ میں تجھ سے عاریتاً پھر مانگتی ہوں انھوں نے ایسا ہی کیا پس افاقہ ہوا۔ میں اٹھ بیٹھا اور ناشتہ مانگا اور سب کے ساتھ کھایا۔ (مجہول)

۷۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب تم کسی امر کا ارادہ کرو اور خدا سے مانگنا چاہو تو پورا وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو اور حمد و صلوٰۃ کے بعد کہو۔ اللّهمّ إنّي أسألك

بأنّك ملك وأنّك على كلّ شيء قدير مقتدر وبأنّك ماتشاء من أمر يكون، اللّهمّ إنّي أتوجّه إليك بنبيّك محمّد نبيّ الرّحمة ﷺ يا محمّد يارسول الله إنّي أتوجّه بك إلى الله ربّك وربّي لينجح لي طلبتي، اللّهمّ بنبيّك أنجح لي طلبتي بمحمّد

پھر اپنی حاجت بیان کرو۔

۸۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے اگر کوئی خدا سے طلب حاجت چاہتا ہے تو اسکو چاہیئے کہ ایک روز ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، فی مسکین ایک صاع نبوی اور جب رات آئے تو آخر کی تہائی رات میں غسل کرے اور فقیروں کے سے کپڑے پہنے۔ لیکن اس لباس میں پاجامہ ضرور ہو، پھر دو رکعت نماز پڑھے اور جب دوسری رکعت کے سجدہ میں جائے تو خدا کی تسبیح و تہلیل و تعظیم و تمجید کرے اور اپنے گناہوں کو یاد کرے اور جن کے نام یاد آئیں ان کا اقرار کرے پھر سر اٹھائے اور سجدۂ ثانیہ میں جا کر سو بار اللھم انی استخیرک کہے پھر جو چاہے دعا مانگے اور سجدہ میں اپنے زانو زمین سے ملا دے اور پانجامہ کے پائنچے اس طرح اٹھائے کہ گھٹنے کھل جائیں اور پیچھے سے اپنی ازار کو چوتڑوں تک کھینچے اور پنڈلی کو اندر کی طرف سے کھولے (مقصد یہ ہے کہ اپنی حالت ذلیل محتاجوں کی سی بنائے)

۹۔ فرمایا جس کو کوئی ضرورت پیش آئے وہ وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور خدا کی حمد و ثنا کرے اور خدا کی نعمتوں کا ذکر کرے پھر دعا کرے قبول ہوگی۔

۱۰۔ میں حضرت ابو عبداللہ کی خدمت میں حاضر تھا کہ ایک عورت آئی اور کہنے لگی میں نے اپنے لڑکے کو مردہ سمجھ کر اس کے منہ کو ڈھک دیا ہے۔ فرمایا شاید وہ نہ مرا ہو تو اپنے گھر جا اور غسل کرکے دو رکعت نماز پڑھ اور دعا میں خدا سے کہو۔ اے وہ ذات جس نے مجھے بیٹا بخشا تھا حالانکہ وہ کچھ نہ تھا اب پھر اپنی بخشش کی تجدید کر دے اس کے بعد اسے ہلانا ڈلانا اور کسی سے یہ بات بیان نہ کرنا۔ میں نے یہی کیا وہ رونے لگا۔ (۴)

۹۵

باب

(صلاة من خاف مكروهاً)

١ ـ محمّد بن إسماعيل، عن الفضل بن شاذان، عن حمّاد بن عيسى، عن شعيب العقرقوفيّ، عن أبي بصير، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: كان عليٌّ عليه السلام: إذا هاله شيء فزع إلى الصّلاة، ثمّ تلا هذه الآية: «واستعينوا بالصبر والصّلوة»

٢ ـ الحسين بن محمّد، عن معلّى بن محمّد، عن الوشّاء، عن أبان، عن حريز، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: اتّخذ مسجداً في بيتك فإذا خفت شيئاً فالبس ثوبين غليظين من

أغلظ ثيابك وصلّ فيهما ، ثمّ اجث على ركبتيك فاصرخ إلى الله وسله الجنّة وتعوّذ بالله من شرّ الّذي تخافه و إيّاك أن يسمع الله منك كلمة بغي و إن أعجبتك نفسك و عشيرتك .

باب ۹۵

خایف کی نماز

۱۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے کہ جب حضرت علی علیہ السلام کو کوئی خوفناک امر حادث ہوتا تو نماز میں فریاد کرتے اور آیت تلاوت فرماتے۔ "واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ (مجہول)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے اپنے گھر میں مسجد بناؤ، جب تمہیں کسی امر کا خوف ہو تو تمہارے کپڑوں میں جو سب سے زیادہ موٹے جھوٹے کپڑے ہوں ان میں سے دو پہنو اور ان میں نماز پڑھو پھر اپنے گھٹنوں پر جھک کر خدا کے سامنے گڑگڑاؤ اور جنت کا سوال کرو اور پناہ مانگو اس شر سے جس کا تمہیں خوف ہو اور اس سے بچو کہ خدا تمہاری زبان سے کوئی کلمہ بغاوت کا سُنے یا یہ کہ تم اپنی ذات یا اپنے قبیلہ کی بناء پر کوئی فخر کی بات کہو۔ (ض)

﴿باب ۹۶﴾

✿(صلاة من أراد سفراً)✿

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن النّوفليّ ، عن السّكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال رسول الله صلّى الله عليه وآله : ما استخلف عبد على أهله بخلافة أفضل من ركعتين يركعهما إذا أراد سفراً يقول : « اللّهمّ إنّي أستودعك نفسي و أهلي و مالي و ديني و دنياي و آخرتي وأمانتي وخواتيم عملي » إلّا أعطاه الله ما سأل .

باب ۹۶

نماز ارادۂ سفر کے وقت

۱۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے فرمایا کسی بندہ نے اپنے خاندان والوں کے لئے ان دو رکعتوں سے بہتر اپنا جانشین نہیں چھوڑا کہ جب سفر کا ارادہ کرے تو کہے یا اللہ میں تیرے حوالے کرتا ہوں اپنے اہل وعیال اپنے مال، اپنے دین و دنیا، اپنی آخرت، اپنی امانت اور اپنے عمل کے انجام کو، جو یہ کہے گا اس کی ہر حاجت پوری ہو گی۔ (صحیح)

باب ۹۷

☼(صلاة الشكر)☼

١ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن أبي إسماعيل السرّاج ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال في صلاة الشكر : إذا أنعم الله عليك بنعمة فصلّ ركعتين تقرء في الأُولى بفاتحة الكتاب وقل هو الله أحد وتقرء في الثانية بفاتحة الكتاب وقل يا أيّها الكافرون و تقول في الرّكعة الأُولى في ركوعك و سجودك : « الحمدلله شكراً وحمداً » وتقول في الركعة الثّانية في ركوعك و سجودك : « الحمدلله الّذي استجاب دعائي و أعطاني مسألتي ».

باب ۹۷

نماز شکر

۱۔ فرمایا ابو عبداللہ علیہ السلام نے نماز شکر کے متعلق، جب اللہ تمہیں کوئی نعمت دے تو دو رکعت نماز پڑھو، پہلی رکعت میں الحمد و قل ہو اللہ اور دوسری میں الحمد و قل یا ایہا الکافرون اور رکعت اوّل کے رکوع و سجود میں کہو الحمد للہ شکراً و حمداً دوسری رکعت کے رکوع و سجود میں کہو (م)

الحمدلله الّذي استجاب دعائي و أعطاني مسألتي

« باب ۹۸ »

☆(صلاة من أراد أن يدخل باهله ومن أراد أن يتزوج)☆

١ ـ عدَّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن محبوب ، عن جميل بن صالح ، عن أبي بصير قال : سمعت رجلاً وهو يقول لأبي جعفر عليه السلام : جعلت فداك إنّي رجلٌ قد أسننت وقد تزوَّجت امرأة بكراً صغيرة ولم أدخل بها وأنا أخاف إذا أدخلت بها على فراشي أن تكرهني لخضابي وكبري ، فقال أبو جعفر عليه السلام : إذا دخلت فمرهم قبل أن تصل إليك أن تكون متوضّئة ، ثمَّ أنت لا تصل إليها حتّى تتوضّأ وتصلّي ركعتين ثمَّ مجّد الله وصلِّ على محمّد وآل محمّد ، ثمَّ ادع الله ومرمن معها أن يؤمّنوا على دعائك وقل : « اللّهمَّ ارزقني إلفها وودَّها ورضاها ورضّني بها ، ثمَّ اجمع بيننا بأحسن اجتماع وأسرِّ ائتلاف فإنّك تحبُّ الحلال وتكره الحرام » ثمَّ قال : واعلم أنَّ الإلف من الله والفرك من الشيطان ليكره ما أحلَّ الله .

٢ ـ وبهذا الإسناد ، عن أحمد بن محمّد ، عن القاسم بن يحيى ، عن جدِّه الحسن بن راشد ، عن أبي بصير قال : قال لي أبو عبدالله عليه السلام : إذا تزوَّج أحدكم كيف يصنع ؟ قلت : لا أدري ، قال : إذاهمَّ بذلك فليصلِّ ركعتين ويحمدالله ، ثمَّ يقول : « اللّهمَّ إنّي اُريد أن أتزوَّج فقدِّر لي من النّساء أعفّهنَّ فرجاً وأحفظهنَّ لي في نفسها وفي مالي وأوسعهنَّ رزقاً وأعظمهنَّ بركة وقدِّر لي ولداً طيّباً تجعله خلفاً صالحاً في حياتي وبعد مماتي » .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن عليِّ بن الحكم ، عن رجل ، عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : من أراد أن يحبل له فليصلِّ ركعتين بعد الجمعة يطيل فيهما الرُّكوع والسّجود ، ثمَّ يقول : « اللّهمَّ إنّي أسألك بما سألك به زكريّا إذ قال : « ربِّ لا تذرني فرداً وأنت خير الوارثين اللّهمَّ هب لي ذرّيّة طيّبة إنّك سميع الدّعاء » اللّهمَّ باسمك استحللتها وفي أمانتك أخذتها فإن قضيت في رحمها ولداً فاجعله غلاماً ولا تجعل للشّيطان فيه نصيباً ولا شركاً » .

باب ۹۸

نماز وقت مجامعت و ارادۂ تزویج

۱۔ ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے کہا۔ میں آپؑ پر فدا ہوں میں نے سنت پر عمل کیا اور کم سن باکرہ سے شادی کی اور ابھی میں نے دخول نہیں کیا مجھے یہ خوف ہے کہ وہ جب میرے پاس آئے گی تو مجھ سے اظہار بغض و نفرت کرے گی۔ یہ سبب میرے خضاب اور میرے بڑھاپے سے ہے۔ فرمایا۔ جب تم اس کے پاس جانا چاہو تو لوگوں سے کہو وہ تمہارے پاس آنے سے پہلے وضو کرے اور تم دو رکعت نماز پڑھ کے خدا کی حمد و ثنا کرو اور محمد و آل محمد پر درود بھیجو اور اللہ سے دعا کرو اور جو لوگ تمہاری زوجہ کے ساتھ ہوں ان سے کہو تمہاری دعا پر آمین کہیں اور یوں دعا کرو اللہ مجھے اس کی محبت دے، دوستی دے اس کی مرضی دے، مجھے اس سے راضی رکھ۔ ہم دونوں کے درمیان اچھا اجتماع قرار دے اور ہماری زندگی کو باعث مسرت بنا، تو حلال کو دوست رکھتا ہے اور حرام کو بُرا جانتا ہے پھر فرمایا یہ جان لے الفت خدا کی طرف سے ہے اور بغض شیطان کی طرف سے۔ جو حلال خدا کو بُرا جانتا ہے۔ (م)

۲۔ فرمایا جب کوئی شادی کرنا چاہے تو دو رکعت نماز پڑھے اور حمد خدا کے بعد کہے، یا اللہ میں شادی کرنا چاہتا ہوں پس مجھے عفت والی بی بی دے، جو میرے نفس و مال کی بہترین حفاظت کرنے والی ہو، وسعت رزق والی ہو اور بلحاظ برکت عظیم تر ہو اس سے ولد صالح عطا فرما جو صالح ہو میری زندگی میں اور میرے بعد۔ (مرسل)

۳۔ فرمایا جو چاہتا ہے کہ اس کی بی بی حاملہ ہو تو نماز جمعہ پڑھے اور رکوع و سجود کو طول دے اور کہے یا اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ جیسے ذکریا نے کیا تھا کہ میرے رب، اور مجھے اکیلا نہ چھوڑ، تو سب سے بہتر وارث ہے یا اللہ تو مجھے پاک اولاد عطا کر، تو بڑا دعاؤں کا سننے والا ہے یا اللہ تیرے نام سے میں نے اپنی زوجہ کو اپنے لئے حلال کیا تیری امانت وہ لئے ہوئے ہے اگر اس کے رحم میں بچہ ہے تو اسے لڑکا بنا دے اور شیطانی عمل سے اسے کوئی حصہ نہ دے اور مشرک نہ بنا۔ (مرسل)

﴿باب ۹۹﴾

☆(النوادر)☆

١ ـ عليٌّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن ابن أُذينة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : ماتروي هذه الناصبة ؟ فقلت : جعلت فداك فيما ذا ؟ فقال : في أذانهم

و ركوعهم و سجودهم ، فقلت : إنّهم يقولون : إنّ اُبيّ بن كعب رآه في النّوم ، فقال : كذبوا فإنّ دين الله عزّ وجلّ أعزّ من أن يرى في النّوم ، قال : فقال له سدير الصّيرفيّ : جعلت فداك فأحدث لنا من ذلك ذكراً ، فقال أبوعبدالله عليه السلام : إنّ الله عزّ وجلّ لمّا عرج بنبيّه ﷺ إلى سماواته السّبع أمّا اُوليهنّ فبارك عليه و الثّانية علّمه فرضه فأنزل الله محملاً من نور فيه أربعون نوعاً من أنواع النّور كانت محدقة بعرش الله تغشي أبصار النّاظرين أمّا واحد منها فأصفر فمن أجل ذلك اصفرّت الصّفرة و واحد منها أحمر فمن أجل ذلك احمرّت الحمرة و واحد منها أبيض فمن أجل ذلك ابيضّ البياض والباقي على ساير عدد الخلق من النّور والألوان في ذلك المحمل حلق و سلاسل من فضّة ، ثمّ عرج به إلى السّماء فنفرت الملائكة إلى أطراف السّماء و خرّت سجّداً و قالت : سبّوح قدّوس ماأشبه هذا النّوربنور ربّنا ، فقال جبرئيل عليه السلام : الله أكبر الله أكبر ، ثمّ فتحت أبواب السّماء و اجتمعت الملائكة فسلّمت على النّبيّ ﷺ أفواجاً وقالت : يا محمّد كيف أخوك إذا نزلت فاقرءه السّلام ، قال النّبيّ ﷺ : أفتعرفونه ؟ قالوا : وكيف لانعرفه وقد اُخذ ميثاقك وميثاقه منّا وميثاق شيعته إلى يوم القيامة علينا وإنّا لنتصفّح وجوه شيعته في كلّ يوم وليلة خمساً ـ يعنون في كلّ وقت صلاة ـ وإنّا لنصلّي عليك وعليه ، [قال :] ثمّ زادني ربّي أربعين نوعاً من أنواع النّور لايشبه النور الأوّل وزادني حلقاً وسلاسل وعرج بي إلى السّماء الثّانية فلمّا قربت من باب السّماء الثّانية نفرت الملائكة إلى أطراف السّماء و خرّت سجّداً وقالت : سبّوح قدّوس ربّ الملائكة و الرّوح ما أشبه هذا النّور بنور ربّنا فقال جبرئيل عليه السلام : أشهد أن لا إله إلّا الله أشهد أن لا إله إلّا الله . فاجتمعت الملائكة و قالت : يا جبرئيل من هذا معك ؟ قال : هذا محمّد ﷺ قالوا : وقد بعث ؟ قال : نعم قال النّبيّ ﷺ فخرجوا إليّ شبه المعانيق فسلّموا عليّ و قالوا : اقرء أخاك السّلام ، قلت : أتعرفونه ؟ قالوا : وكيف لانعرفه وقد اُخذ ميثاقك وميثاقه و ميثاق شيعته إلي يوم القيامة علينا و إنّا لنتصفّح وجوه شيعته في كلّ يوم وليلة خمساً ـ يعنون في كلّ وقت صلاة ـ قال : ثمّ زادني ربّي أربعين نوعاً من أنواع النّور لاتشبه الأنوار الأولى ، ثمّ عرج بي إلى السّماء الثّالثة فنفرت الملائكة وخرّت سجّداً و قالت : سبّوح قدّوس ربّ الملائكة والروح ما هذا النّور الّذي يشبه نور ربّنا ؟ فقال جبرئيل عليه السلام : أشهد أنّ محمّداً رسول الله أشهد أنّ محمّداً رسول الله . فاجتمعت

الملائكة وقالت: مرحباً بالأوّل ومرحباً بالآخر ومرحباً بالحاشر ومرحباً بالنّاشر محمّد خير النّبيّين و عليّ خير الوصيّين.

قال النبيّ صلّى الله عليه وآله: ثمّ سلّموا عليّ و سألوني عن أخي، قلت: هو في الأرض أفتعرفونه؟ قالوا: وكيف لانعرفه وقد نحجّ البيت المعمور كلّ سنة وعليه رقّ أبيض فيه اسم محمّد واسم عليّ والحسن والحسين [والأئمة] عليهم السلام وشيعتهم إلى يوم القيامة وإنّا لنبارك عليهم كلّ يوم و ليلة خمساً - يعنون في وقت كلّ صلاة - ويمسحون رؤوسهم بأيديهم قال: ثمّ زادني ربّي أربعين نوعاً من أنواع النّور لاتشبه تلك الأنوار الأولى ثمّ عرج بي حتّى انتهيت إلى السّماء الرابعة فلم تقل الملائكة شيئاً و سمعت دويّاً كأنّه في الصّدور فاجتمعت الملائكة ففتحت أبواب السّماء وخرجت إليّ شبه المعانيق فقال جبرئيل عليه السلام: حيّ على الصّلاة حيّ على الصّلاة حيّ على الفلاح حيّ على الفلاح. فقالت الملائكة: صوتان مقرونان معروفان، فقال جبرئيل عليه السلام: قد قامت الصّلاة قد قامت الصلاة فقالت الملائكة: هي لشيعته إلى يوم القيامة، ثمّ اجتمعت الملائكة وقالت كيف تركت أخاك؟ فقلت لهم: وتعرفونه؟ قالوا: نعرفه وشيعته وهم نور حول عرش الله و إنّ في البيت المعمور لرقّاً من نور [فيه كتابٌ من نور] فيه اسم محمّد وعليّ والحسن والحسين والأئمّة و شيعتهم إلى يوم القيامة لايزيد فيهم رجلٌ ولا ينقص منهم رجلٌ وإنّه لميثاقنا وإنّه ليقرء علينا كلّ يوم جمعة، ثمّ قيل لي: ارفع رأسك يا محمّد فرفعت رأسي فإذا أطباق السّماء قد خرقت والحجب قد رفعت، ثمّ قال لي: طأطئ رأسك انظر ماترى فطأطأت رأسي فنظرت إلى بيت مثل بيتكم هذا و حرم مثل حرم هذا البيت لوألقيت شيئاً من يدي لم يقع إلّا عليه، فقيل لي: يا محمّد إنّ هذا الحرم وأنت الحرام ولكلّ مثل مثال، ثمّ أوحى الله إليّ: يا محمّد ادن من صاد فاغسل مساجدك و طهّرها وصلّ لربّك فدنى رسول الله صلّى الله عليه وآله من صاد وهو ماء يسيل من ساق العرش الأيمن فتلقّى رسول الله صلّى الله عليه وآله الماء بيده اليمنى فمن أجل ذلك صار الوضوء باليمين ثمّ أوحى الله عزّ وجلّ إليه أن اغسل وجهك فإنّك تنظر إلى عظمتي ثمّ اغسل ذراعيك اليمنى و اليسرى فإنّك تلقّى بيدك كلامي ثمّ امسح رأسك بفضل ما بقي في يديك من الماء و رجليك إلى كعبيك فإنّي أبارك عليك وأوطئك موطئاً لم يطأه أحدٌ غيرك فهذا علّة الأذان والوضوء، ثمّ

أوحى الله عزّ وجلّ إليه يا محمّد استقبل الحجر الأسود وكبّرني على عدد حجبي فمن أجل ذلك صار التكبير سبعاً لأنّ الحجب سبع فافتتح عند انقطاع الحجب فمن أجل ذلك صار الافتتاح سنّة والحجب متطابقة بينهنّ بحار النّور وذلك النّور الّذي أنزله الله على محمّد صلّى الله عليه وآله فمن أجل ذلك صار الافتتاح ثلاث مرّات لافتتاح الحجب ثلاث مرّات فصار التكبير سبعاً والافتتاح ثلاثاً، فلمّا فرغ من التكبير والافتتاح أوحى الله إليه سمّ باسمي فمن أجل ذلك جعل بسم الله الرّحمن الرّحيم في أوّل السّورة ثمّ أوحى الله إليه أن احمدني، فلمّا قال: الحمد لله ربّ العالمين، قال النبيّ في نفسه شكراً، فأوحى الله عزّ وجلّ إليه قطعت حمدي فسمّ باسمي فمن أجل ذلك جعل في الحمد الرّحمن الرّحيم مرّتين فلمّا بلغ ولا الضّالّين قال النبيّ صلّى الله عليه وآله: الحمد لله ربّ العالمين شكراً فأوحى الله إليه قطعت ذكري فسمّ باسمي فمن أجل ذلك جعل بسم الله الرّحمن الرّحيم في أوّل السّورة ثمّ أوحى الله عزّ وجلّ إليه اقرء يا محمّد نسبة ربّك تبارك وتعالى: «قل هو الله أحد ☆ الله الصّمد ☆ لم يلد ولم يولد ☆ ولم يكن له كفواً أحد»، ثمّ أمسك عنه الوحي فقال رسول الله صلّى الله عليه وآله: الواحد الأحد الصّمد فأوحى الله إليه: لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفواً أحد، ثمّ أمسك عنه الوحي فقال رسول الله صلّى الله عليه وآله: كذلك الله كذلك [الله] ربّنا فلمّا قال ذلك أوحى الله إليه اركع لربّك يا محمّد فركع فأوحى الله إليه وهو راكع قل: سبحان ربّي العظيم ففعل ذلك ثلاثاً، ثمّ أوحى الله إليه أن ارفع رأسك يا محمّد ففعل رسول الله صلّى الله عليه وآله فقام منتصباً فأوحى الله عزّ وجلّ إليه أن اسجد لربّك يا محمّد فخرّ رسول الله صلّى الله عليه وآله ساجداً فأوحى الله عزّ وجلّ إليه قل: سبحان ربّي الأعلى ففعل ذلك ثلاثاً ثمّ أوحى الله إليه استو جالساً يا محمّد ففعل فلمّا رفع رأسه من سجوده واستوى جالساً نظر إلى عظمته تجلّت له فخرّ ساجداً من تلقاء نفسه لا لأمر اُمر به فسبّح أيضاً ثلاثاً فأوحى الله إليه انتصب قائماً ففعل فلم ير ما كان رأى من العظمة فمن أجل ذلك صارت الصّلاة ركعة وسجدتين ثمّ أوحى الله عزّ وجلّ إليه اقرء بالحمد لله فقرأها مثل ما قرء أوّلاً ثمّ أوحى الله عزّ وجلّ إليه اقرء إنّا أنزلناه فإنّها نسبتك ونسبة أهل بيتك إلى يوم القيامة وفعل في الرّكوع مثل ما فعل في المرّة الاُولى ثمّ سجد سجدة واحدة فلمّا رفع رأسه تجلّت له العظمة فخرّ ساجداً من تلقاء نفسه لا لأمر اُمر به فسبّح أيضاً، ثمّ أوحى الله إليه ارفع رأسك يا محمّد ثبّتك ربّك فلمّا ذهب ليقوم قيل: يا محمّد اجلس فجلس فأوحى الله إليه

يا محمّد إذا ما أنعمت عليك فسم باسمي فاُلهم أن قال : بسم الله و بالله ولا إله إلّا الله و الأسماء الحسنى كلّها لله ، ثمّ أوحى الله إليه يا محمّد صلّ على نفسك وعلى أهل بيتك فقال : صلّى الله عليّ و على أهل بيتي وقد فعل ثمّ التفت فإذا بصفوف من الملائكة والمرسلين و النبيّين فقيل : يا محمّد سلّم عليهم ، فقال : السّلام عليكم و رحمة الله و بركاته فأوحى الله إليه أنّ السّلام والتحيّة و الرّحمة والبركات أنت و ذرّيّتك ، ثمّ أوحى الله إليه أن لا يلتفت يساراً و أوّل آية سمعها بعد قل هو الله أحد و إنّا أنزلناه آية أصحاب اليمين و أصحاب الشّمال فمن أجل ذلك كان السلام واحدة تجاه القبلة و من أجل ذلك كان التكبير في السّجود شكراً و قوله : سمع الله لمن حمده لأنّ النبيّ صلّى الله عليه وآله سمع ضجّة الملائكة بالتّسبيح والتحميد و التّهليل فمن أجل ذلك قال : سمع الله لمن حمده ومن أجل ذلك صارت الركعتان الأوليان كلّما اُحدث فيهما حدثاً كان على صاحبهما إعادتهما فهذا الفرض الأوّل في صلاة الزّوال يعني صلاة الظّهر .

٢ ـ عليّ بن محمّد ، عن بعض أصحابنا ، عن عليّ بن الحكم ، عن ربيع بن محمّد المُسلي ، عن عبدالله بن سليمان العامريّ ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : لمّا عرج برسول الله صلّى الله عليه وآله نزل بالصلاة عشر ركعات ، ركعتين ركعتين فلمّا ولد الحسن و الحسين زاد رسول الله صلّى الله عليه وآله سبع ركعات شكراً لله فأجاز الله له ذلك وترك الفجر لم يزد فيها لضيق وقتها لأنّه تحضرها ملائكة اللّيل وملائكة النهار فلمّا أمره الله بالتقصير في السفر وضع عن اُمّته ستّ ركعات وترك المغرب لم ينقص منها شيئاً و إنّما يجب السهو فيما زاد رسول الله صلّى الله عليه وآله فمن شكّ في أصل الفرض في الركعتين الأوّلتين استقبل صلاته .

٣ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن ابن أبي عمير ، عن جميل بن درّاج ، عن عائذ الأحمسيّ قال : دخلت على أبي عبدالله عليه السلام وأنا اُريد أن أسأله ، عن صلاة اللّيل فقلت : السلام عليك يا ابن رسول الله فقال : و عليك السلام إي والله إنّا لولده وما نحن بذوي قرابته ثلاث مرّات قالها ، ثمّ قال من غير أن أسأله : إذا لقيت الله بالصلوات الخمس المفروضات لم يسألك عمّا سوى ذلك .

٤ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن محمّد ، عن محمّد بن إسماعيل ، عن أبي إسماعيل السرّاج ، عن هارون بن خارجة قال : ذكرت لأبي عبدالله عليه السلام رجلاً من أصحابنا فأحسنت عليه الثناء فقال لي : كيف صلاته

٥ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن أحمد ، عن السيّاري ، عن الفضل بن أبي قرّة رفعه عن أبي عبدالله عليه السلام : قال سئل عن الخمسين والواحد ركعة فقال : إنّ ساعات النّهار اثنتا عشرة ساعة وساعات اللّيل اثنتا عشرة ساعة ومن طلوع الفجر إلى طلوع الشمس ساعة و من غروب الشمس إلى غروب الشفق غسق ولكلّ ساعة ركعتان وللغسق ركعة .

٦ ـ عليّ بن محمّد رفعه قال : قيل لأبي عبدالله عليه السلام : لم صار الرّجل ينحرف في الصلاة إلى اليسار؟ فقال : لأنّ للكعبة ستّة حدود أربعة منها عن يسارك و اثنان منها على يمينك فمن أجل ذلك وقع التحريف إلى اليسار .

٧ ـ عليّ بن إبراهيم، عن أبيه ، عن النوفليّ، عن السكونيّ ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : من تنفّل ما بين الجمعة إلى الجمعة خمسمائة ركعة فله عندالله ماشاء إلّا أن يتمنّى محرّماً .

٨ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي نجران ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ العبد يقوم فيقضي النافلة فيعجب الرّبّ ملائكته منه فيقول : يا ملائكتي عبدي يقضي مالم أفترض عليه .

٩ ـ محمّد بن يحيى ، عن أحمد بن إسحاق ، عن سعدان بن مسلم ، عن عبدالله بن سنان ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : شرف المؤمن صلاته باللّيل و عزّ المؤمن كفّه عن أعراض النّاس .

١٠ ـ أبوعليّ الأشعريّ ، عن محمّد بن عبد الجبّار ، عن صفوان بن يحيى ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : الصلاة وكّل بها ملك ليس له عمل غيرها فإذا فرغ منها قبضها ثمّ صعد بها فإن كانت ممّا تقبل قبلت و إن كانت ممّا لا تقبل قيل له : ردّها على عبدي فينزل بها حتّى يضرب بها وجهه ، ثمّ يقول : أفّ لك ما يزال لك عمل يعنيني .

١١ ـ محمّد بن الحسن ، عن سهل بن زياد، عن جعفر بن محمّد الأشعريّ عن القدّاح عن أبي عبدالله عليه السلام قال : جاء رجل إلى النبيّ صلّى الله عليه وآله فقال : يارسول الله أوصني فقال: لا تدع الصلاة متعمّداً فإنّ من تركها متعمداً فقد برئت منه ملّة الإسلام .

١٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن عليّ بن أسباط ، عن محمّد بن عليّ بن أبي عبدالله ، عن أبي الحسن عليه السلام في قول الله عزّ وجلّ : «رهبانية ابتدعوها ما كتبناها

عليهم إلّا ابتغاء رضوان الله ، قال: صلاة اللّيل .

۱۳ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسين ، عن بعض الطالبيّين يلقّب برأس المذرى قال : سمعت الرّضا عليه السلام يقول : أفضل موضع القدمين للصلاة النعلان .

۱٤ ـ عدّة من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن ابن أبي عمير ، عن جابر ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال رسول الله صلى الله عليه وآله لجبرئيل عليه السلام : يا جبرئيل أيّ البقاع أحبّ إلى الله عزّ وجلّ؟ قال: المساجد و أحبّ أهلها إلى الله أوّلهم دخولاً و آخرهم خروجاً منها .

۱٥ ـ عليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن محمّد بن الحسن بن شمّون ، عن عبدالله بن عبدالرّحمن ، عن أبي بصير ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : ما من يوم سحاب يخفى فيه على النّاس وقت الزّوال إلّا كان من الإمام للشمس زجرة حتّى تبدو فيحتجّ على أهل كلّ قرية من اهتمّ بصلاته ومن ضيّعها

باب ۹۹

نوادر

۱۔ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا یہ نواصب کیا بیان کرتے ہیں۔ میں نے کہا میں آپ پر فدا ہوں کس بارے میں فرمایا اذان ، رکوع اور سجدوں کے بارے میں۔ میں نے کہا وہ کہتے ہیں کہ اُبی بن کعب نے خواب میں ایسا ہی دیکھا تھا۔ فرمایا جھوٹے ہیں اللہ کا دین اس سے برتر ہے کہ اسے خواب میں کوئی دیکھے (یہ سب بذریعہ وحی ہوتا ہے سدیر صیرفی نے کہا ذرا اس کی توضیح فرمایئے۔ حضرتؑ نے فرمایا جب خدا نے اپنے نبی کو سات آسمانوں پر معراج دی تو پہلے آسمان پر حضرتؐ کو برکت دی اور اور دوسرے پر فرائض کی تعلیم دی، پس نازل کیا اللہ نے ایک محمل نور کو، جس میں چالیس قسم کا نور تھا۔ محدقہ عرش اللہ کی طرف لوگوں کی آنکھوں پر چھایا ہوا ایک ان میں زرد رنگ کا تھا جس کی وجہ سے دوسرا سرخ تھا جس کی وجہ سے سرخی پھیلی ایک سفید تھا جس کی وجہ سے سفیدی پھیلی باقی اور رنگ برنگ کے نور تھے اس محمل میں حلقے تھے اور چاندی کی زنجیریں پھر اور اوپر گئے اس نور کی شدید چمک دیکھ کر ملائکہ اطراف آسمان کی طرف بھاگے اور سجدہ میں گر پڑے

اور کہنے لگے سبوح قدوس یہ نور، ہمارے رب کے نور سے کس قدر زیادہ مشابہ ہے۔ جبرئیل نے کہا۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر۔ پھر آسمانوں کے دروازے کھل گئے اور ملائکہ جمع ہوئے۔ انھوں نے جوق در جوق حضرت کو سلام کیا اور کہا۔ اے محمدؐ آپ کے بھائی کیسے ہیں جب زمین پر جانا تو ہمارا سلام کہنا حضرت نے فرمایا کیا تم انھیں جانتے ہو۔ انھوں نے کہا کہ ہم کیسے نہ پہچانیں حالانکہ آپ کے متعلق علیؑ کے متعلق اور ان کے شیعوں کے متعلق ہم سے قیامت تک کے لئے عہد لیا گیا ہے ہم غور سے دیکھتے ہیں ان کے شیعوں کے چہروں کو ہر دن اور رات میں پانچ مرتبہ یعنی ہر نماز کے وقت اور ہم آپؐ پر اور آپؐ کے بھائی پر درود بھیجتے ہیں پھر میرے رب نے چالیس قسم کے نور اور زیادہ کئے جو پہلے نوروں سے الگ تھے اور زیادہ کیا نورانی حلقوں اور زنجیروں کو پھر مجھے دوسرے آسمانوں پہ لے گئے۔

پھر میں آسمان دوم کے دروازے کے قریب پہنچا تو ملائکہ ادھر ادھر بھاگے اور سجدہ میں گر کر کہنے لگے۔ سبوحٌ قدوسٌ رب الملائکۃ والروح، یہ نور کہ ہمارے رب کے نور سے کتنا مشابہ ہے پھر جبرئیل نے دو بار کہا اشہد انّ لا الٰہ الا اللہ، پس ملائکہ جمع ہوئے اور کہا۔ اے جبرئیل یہ آپ کے ساتھ کون ہے انھوں نے کہا یہ محمدؐ ہیں ملائکہ نے پوچھا یہ مبعوث ہو گئے۔ کہا۔ ہاں حضرت نے فرمایا۔ پھر وہ ایک تیز رفتار چوپائے کی طرح نکلے مجھ کو سلام کیا اور کہا اپنے بھائی سے ہمارا سلام کہئے۔ میں نے کہا تم ان کو پہچانتے ہو؟ انھوں نے کہا بھلا کیسے نہ پہچانیں حالانکہ ہم سے آپ کے اور ان کے اور ان کے شیعوں کے متعلق عہد لیا گیا ہے۔ ہم غور سے دیکھتے ہیں ان کے شیعوں کے چہروں کو دن میں پانچ بار یعنی پانچوں نمازوں کے بعد۔

حضرت نے فرمایا پھر خدا نے چالیس قسم کا نور زیادہ کیا جو مشابہ تھا۔ پہلے نوروں سے، پھر مجھے تیسرے آسمان پہ لے گئے اور سجدہ میں گر پڑے اور کہا سبوحٌ قدوسٌ رب الملائکۃ والروح، کس قدر مشابہ ہے یہ نور میرے رب کے نور سے۔ جبرئیل نے اشہد ان محمداً رسولُ اللہ دو بار کہا۔ سب ملائکہ جمع ہو گئے اور انھوں نے کہا مرحبا اوّل مخلوق مرحبا آخر مخلوق مرحبا اے مخلوق میں اوّل محشور ہونے والے مرحبا اے احکام الٰہی کے نشر کرنے والے۔ اے محمدؐ اے سب نبیوں سے بہتر اور اے علیؑ سب وصیوں سے بہتر۔ حضرت نے فرمایا۔ پھر انھوں نے مجھ پر سلام کیا اور میرے بھائی کے متعلق پوچھا۔ میں نے کہا وہ زمین پر ہیں کیا تم ان کو پہچانتے ہو۔

انھوں نے کہا کیسے نہ پہچانیں جبکہ ہر سال بیت المعمور سجایا جاتا ہے اور اس پر سفید پردہ ہوتا ہے جس پر لکھا ہوتا ہے محمدؐ، علیؑ، حسنؑ و حسینؑ اور ان کے شیعوں کے نام جو قیامت ہونے والے ہیں اور ہر سال حج کرتے ہیں اور ان کو مبارکباد دیتے ہیں اور دن رات میں پانچ بار یعنی ہر نماز کے وقت جب وہ اپنے ہاتھوں سے اپنے سروں کا مسح کرتے ہیں پھر اللہ نے چالیس قسم کے نور اور جو پہلے نوروں سے مشابہ نہ تھے۔

پھر مجھے چوتھے آسمان پر لے گئے یہاں ملائکہ نے کچھ نہ کہا۔ میں نے ایک آواز سنی گویا وہ سینوں کے اندر سے نکلی ہے

پھر ملائکہ جمع ہوئے اور آسمان کے دروازے کھلے اور میری طرف ایک صورت آئی اور جبرئیل نے کہا حیؔ علی الصلٰوۃ دو بار اور حیؔ علی الفلاح دو بار پھر ملائکہ جمع ہوئے اور پوچھا آپؐ کے بھائی کیسے ہیں میں نے کہا کیا ان کو جانتے ہو انھوں نے کہا ہم ان کو اور ان کے شیعوں کو جانتے ہیں وہ نور ہیں گردِ عرشِ الٰہی بیت المعمور ہیں ایک نور کی چادر ہے جس پہ نور کی تحریر ہے اس پہ لکھے ہیں نام محمدؐ، علیؑ، حسنؑ و حسینؑ کے، دیگر آئمہ اور ان کے شیعوں کے جو قیامت تک ہونے والے ہیں ان میں سے کوئی کم ہے نہ زیادہ۔

اور یہ ہمارا میثاق ہے۔

پھر مجھ سے کہا گیا اے محمدؐ اپنا سر اٹھاؤ میں نے سر اٹھایا دیکھا کہ آسمان کے طبقات پھٹ گئے ہیں پردے اٹھ گئے ہیں پھر مجھ سے کہا۔ دیکھو تمہارے سر پہ کیا ہے میں نے دیکھا کہ ایک گھر ہے تمہارے بیت اللہ کی طرح اور اس کا حرم بھی ویسا ہی حرم ہے اگر کسی چیز کو ہاتھ سے چھوڑوں تو ٹھیک خانۂ کعبہ پر گرے۔ پھر مجھ سے کہا گیا اے محمدؐ یہ حرم ہے اور تم صاحب حرمت ہو اور ہر چیز کی ایک مثل ہوتی ہے۔ پھر اللہ نے وحی کی اے محمدؐ صاد کے قریب ہو اور اپنے جائے سجدہ کو دھوؤ اور پاک کرو اور اپنے رب کی نماز پڑھو، پس رسول اللہؐ صاد کے قریب آئے۔ اور ایک چشمہ ہے جو عرش کے داہنی جانب بہتا ہے۔ رسول اللہؐ نے اس کا پانی داہنے ہاتھ سے لیا اسی لئے وضو میں پانی داہنے ہاتھ سے لینا رکھا گیا ہے پھر خدا نے وحی کی کہ اپنا منہ دھوؤ کیونکہ تم میری عظمت کی طرف دیکھتے ہو اور اپنا داہنا اور بایاں ہاتھ دھوؤ کیونکہ ان سے تم میرا کلام لیتے ہو اور اپنے ہاتھ کی بقیہ تری سے سر کا اور دونوں پیروں کا ٹخنوں تک مسح کرو۔ میں تم کو برکت دوں گا اور ایسے مقام پر لے جاؤں گا جہاں کوئی نہیں گیا، یہ ہے علت اذان و وضو کی پھر خدا نے وحی کی اے محمدؐ استقبال کرو حجر اسود کا اور میرے حجابوں کی تعداد کے مطابق تکبیریں کہو، اس لئے تکبیریں سات ہوئیں کیونکہ حجاب سات ہیں اور حجابوں کے انقطاع پر افتتاح کرو اس لئے چھ ہوئے اور حجاب مطابق ہیں ان بحار نور کے جو ان کے درمیان ہیں اور یہ وہ نور ہے جو محمدؐ پہ نازل کیا گیا اور اس لئے افتتاح تین بار ہوا کیونکہ افتتاح حجب تین بار ہوا۔ پس تکبیریں سات ہوئیں اور افتتاح قرأت تین بار ہوا۔ جب تکبیر سے فارغ ہوئے تو اللہ نے وحی کی کہ میرے نام سے شروع کرو، پس بسم اللہ سے آغاز ہوا۔ اول سورہ میں پھر اللہ نے وحی کی میری حمد کرو، حضرت نے کہا۔ الحمد للہ رب العالمین اور اپنے دل میں کہا شکراً پس خدا نے وحی کی۔ اے محمدؐ تم نے میری حمد کو قطع کر دیا۔ اب میرا نام لو۔ اسی لئے الحمد میں الرحمٰن الرحیم آیا۔ جب حضرت ولا الضالین تک پہنچے تو ازراہِ شکر فرمایا الحمد للہ رب العالمین پھر خدا نے وحی کی۔ اے محمد تم نے میرے ذکر کو قطع کر دیا لہٰذا پھر میرا نام لو اسی لئے سورہ حمد کے بعد دوسرے سورہ کے آغاز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا جاتا ہے۔ اللہ نے پھر وحی کی۔ اے محمدؐ اپنے رب کی نسبت کا اقرار کرو اور کہو قل ہو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہٗ کفواً احد، اس کے بعد وحی رک گئی۔ حضرتؐ نے کہا الواحد الاحد الاحد الصمد، پھر وحی ہوئی لم یلد ولم یولد

ولم یکن لہٗ کفواً احد اس کے بعد وحی رک گئی حضرتؐ نے کہا الواحد الاحد الاحد الصمد پھر وحی ہوئی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہٗ کفواً احد، پھر وحی رک گئی حضرت نے کہا کذالک اللہ، کذالک ربنا، پھر وحی ہوئی۔ اپنے رب کے سامنے رکوع کرو، پھر بحالت رکوع اللہ نے وحی کی، سبحان ربی العظیم، حضرت نے تین بار کہا، پھر وحی ہوئی اے محمدؐ سر اٹھاؤ۔ حضرت کھڑے ہوگئے۔ خدا نے وحی کی اے محمدؐ اپنے رب کو سجدہ کرو پس رسولؐ سجدہ میں گئے خدا نے وحی کی کہو سبحان ربی الاعلیٰ۔ حضرتؐ نے تین بار کہا۔ پھر وحی ہوئی اٹھ کر بیٹھو، حضرتؐ نے اپنا سر سجدہ سے اٹھایا۔ جب حضرتؐ بیٹھ گئے تو خدا کی عظمت و جلال پر نظر کی، پھر اپنی طرف سے سجدہ میں گئے اس کے لئے حکم نہیں دیا گیا تھا۔ پھر حضرت نے تین بار تسبیح کی۔

پھر اللہ نے وحی کی اب اٹھ کھڑے ہو۔ حضرتؐ کھڑے ہوئے اب اس کی عظمت کو اس طرح نہ دیکھا جیسے پہلے دیکھا تھا اس لئے نماز ایک رکعت دو سجدے قرار پائی۔ پھر اللہ نے وحی کی۔ پڑھو انّا انزلناہ کیونکہ اس میں نسبت ہے تمہاری طرف اور تمہارے اہل بیت کی طرف قیامت تک اور حضرتؐ نے رکوع میں وہی کہا جو پہلی بار کہا تھا پھر سجدہ کیا۔ جب سجدہ سے سر اٹھایا تو عظمت الٰہی کا جلوہ دیکھا۔ پس آپ اپنی طرف سے سجدہ میں گئے بغیر اس کے کہ حکم رب ہوتا۔ دوسرے سجدہ میں بھی تسبیح کی، پھر اللہ نے وحی کی اے محمدؐ سر اٹھاؤ۔ تمہارے رب نے تمہیں ثابت قدم بنا دیا۔ جب حضرت کھڑے ہوئے تو کہا گیا اے محمدؐ بیٹھو، پھر اللہ نے وحی کی اے محمد چونکہ تم کو نعمت دی ہے تو میرا نام لو اور حضرت کے دل میں ڈالا گیا بسم اللہ و باللہ و لا الٰہ الا اللہ اور تمام اسمائے حسنیٰ اللہ ہی کے لئے ہیں پھر وحی کی اے محمدؐ اپنے اوپر اور اپنے اہل بیت پر درود بھیجو، حضرت نے فرمایا اللہ کی رحمت ہو مجھ پر اور میرے اہلبیتؑ پر، پھر حضرت نے دیکھا ملائکہ اور انبیاء و مرسلین کی صفوں کو پس حضرت سے کہا گیا۔ اے محمد ان پر سلام کرو حضرتؐ نے فرمایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، پھر خدا نے وحی کی سلام و تحیت و رحمت و برکت ہو۔ تم پر اور تمہاری اولاد پر، پھر وحی کی کہ بائیں طرف نہ دیکھیں اور پہلی آیت جسے سنا تھا بعد قل ہو اللہ احد اور انا انزلناہ اور آیت اصحاب یمین اور اصحاب شمال کو اور اس وجہ سے تکبیر سجدوں میں از راہ شکر ہوئی اور سمع اللہ لمن حمدہ اس لئے کہا گیا کہ حضرتؐ نے سنا تھا ملائکہ کی آواز کو تسبیح و تحمید و تہلیل کے ساتھ اس لئے سمع اللہ لمن حمدہ ہوا اور اس طرح پہلی دو رکعتیں ہوئیں اور یہی وجہ ہے کہ اگر ان دو رکعتوں میں کوئی نقصان ہو تو مصلی پر ان کا اعادہ ہے۔ یہ فرض اوّل ہوا نماز ظہر میں بعد زوال۔ (حسن)

(پس اس طرح ارکان نماز کا تعین ہوا۔)

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے جب حضرت رسولؐ خدا کو معراج ہوئی۔ جب آپؐ آئے تو دس رکعت نماز دو دو رکعت کر کے فرض تھی۔ جب حسنؑ و حسینؑ پیدا ہوئے تو سات رکعتیں شکریہ میں اضافہ کیں اللہ نے اس کی اجازت

دی۔ لیکن نماز صبح کی رکعات میں زیادتی نہ کی بوجہ ضیق وقت کی وجہ سے کیونکہ دن اور رات کے فرشتے اس وقت آپؐ کے پاس آتے ہیں۔ جب خدا نے سفر میں نماز کو قصر کا حکم دیا تو آپؐ کی امت پر سے چھ رکعت کو کم کیا گیا لیکن مغرب کی نماز میں کمی نہ ہوئی۔ سہو کا تدارک ان رکعتوں میں ہے جو رسولؐ نے زیادہ کی ہیں ان میں نہیں جو پہلی دو رکعتیں ہیں ان میں شک ہوگا تو نماز میں اعادہ کرنا ہوگا۔ (مجہول)

۳۔ میں حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے نماز شب کے متعلق پوچھنا چاہتا تھا۔ میں نے کہا السلام علیک یا ابن رسول اللہ فرمایا وعلیک السلام، قسم خدا کی ہم اولاد رسولؐ ہیں نہ کہ ان کے رشتہ دار تین بار فرمایا پھر بغیر میرے دریافت کئے۔ فرمایا جب تم پانچوں وقت کی نماز ادا کر کے خدا کے سامنے جاؤ گے تو پھر اس کے سوا تم سے سوال نہ ہوگا۔ (مجہول)

۴۔ میں نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے ایک شخص کی بڑی تعریف کی فرمایا دیکھو اس کی نماز کیسی ہے۔

۵۔ کسی نے حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام سے ان رکعتوں کے متعلق سوال کیا۔ فرمایا دن کی ساعتیں بارہ ہیں اور رات کی بارہ اور طلوع فجر سے طلوع شمس تک ایک ساعت اور غروب آفتاب سے غروب شفق تک ایک ساعت اور ہر ساعت کی دو رکعت اور غسق کے لئے ایک۔ (حسن)

۶۔ میں نے ابوعبداللہ علیہ السلام سے پوچھا آدمی طواف میں بائیں ہاتھ کی طرف کیوں مڑتا ہے فرمایا اس لئے کہ کعبہ کی چھ حدیں ہیں چار بائیں طرف اور دو داہنی طرف، اسی لئے بائیں طرف جھکتا ہے۔ (مرفوع)

۷۔ فرمایا جو ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک پانچ سو رکعت نافلہ پڑھے تو وہ جو چاہے گا خدا اس کو پورا کرے گا سوائے حرام کی تمنا پوری کرنے کے۔ (ض)

۸۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جو شخص نافلہ پڑھنے کھڑا ہوتا ہے تو اس کے متعلق اللہ اپنے ملائکہ سے کہتا ہے کہ اے میرے ملائکہ یہ میرا بندہ اس چیز کو ادا کر رہا ہے جو اس کا فرض نہیں۔ (م)

۹۔ فرمایا حضرت نے مومن کا شرف اس کی رات کی نماز ہے اور مومن کی عزت لوگوں کی آبروریزی سے رک جانے میں ہے۔ (مجہول)

۱۰۔ فرمایا نماز پر ایک فرشتہ موکل ہے اس کا اس کے سوا کوئی کام نہیں کہ جب بندہ نماز سے فارغ ہوتا ہے تو وہ اسے لے کر اوپر جاتا ہے اگر قابل قبول ہوتی ہے قبول کر لی جاتی ہے اگر نہیں ہوتی تو پڑھنے والے کے پاس اسے لاتا ہے اور اس کے منہ پر مار کر کہتا ہے۔ وائے ہو تیرے اوپر تیرے عمل نے مجھے تکلیف دی۔ (م)

۱۱۔ ایک شخص حضرت رسولؐ خدا کے پاس آیا اور کہنے لگا۔ مجھے کچھ نصیحت کیجئے۔ فرمایا۔ عمداً نماز ترک نہ کر جس نے ایسا کیا تو ملت اسلام اس سے بری ہے۔ (م)

۱۲۔ آیہ ابتدعوھا کے متعلق امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اس سے مراد نماز شب ہے۔ (مجہول)

۱۳۔ میں نے امام رضا علیہ السلام سے سنا کہ دونوں پیروں کے لئے افضل وہ جوتے ہیں جو نماز کے لئے ہوں۔ (مجہول)

۱۴۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ رسول اللہ نے جبرئیل سے پوچھا کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب مقام کیا ہے فرمایا مساجد اور وہ نمازی جو سب سے پہلے آئیں اور سب سے بعد میں نکلیں۔ (م)

۱۵۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جس روز بادل ہوں اور لوگوں پر وقت زوال پوشیدہ رہے تو امام اندازہ کرتا ہے اس کے بادل سے چونکہ امام عالم ربانی ہے لہذا وقت زوال اسے معلوم ہوتا ہے اور بستی والوں کو بتا کر ان پر حجت قائم کرتا ہے جو اپنی نماز کے لئے آمادہ ہوں اور جو پڑھنے والے نہ ہوں۔ (م)

﴿باب﴾

☼(مساجد الكوفة)☼

١ ـ عليّ بن إبراهيم ، عن أبيه ، عن عمرو بن عثمان ، عن محمّد بن عذافر ، عن أبي حمزة أو عن محمّد بن مسلم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : إنّ بالكوفة مساجد ملعونة و مساجد مباركة فأمّا المباركة فمسجد غنى والله إنّ قبلته لقاسطة و إنّ طينته لطيّبة ولقد وضعه رجلٌ مؤمن ولاتذهب الدّنيا حتّى تفجر منه عينان وتكون عنده جنّتان وأهله ملعونون و هو مسلوب منهم و مسجد بني ظفر و هو مسجد السّهلة و مسجد بالحمراء ومسجدجعفيّ وليس هواليوم مسجدهم ـ قال : درس ـ فأمّا المساجد الملعونة فمسجد ثقيف ومسجدالأشعث ومسجد جرير و مسجد سماك ومسجد بالحمراء بني على قبر فرعون من الفراعنة .

٢ ـ محمّد بن يحيى ، عن الحسن بن عليّ بن عبدالله ، عن عيس بن هشام ، عن سالم ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : جدّدت أربعة مساجد بالكوفة فرحاً لقتل الحسين عليه السلام : مسجد الأشعث و مسجد جرير و مسجد سماك ومسجد شبث بن ربعيّ .

٣ ـ محمّد بن يحيى ، عن محمّد بن الحسين ، عن صفوان بن يحيى ، عن بعض أصحابنا عن أبي عبدالله عليه السلام قال : إنّ أميرالمؤمنين صلوات الله عليه نهى بالكوفة عن الصلاة في خمسة مساجد : مسجد الأشعث بن قيس ومسجد جرير بن عبدالله البجليّ و مسجد سماك بن مخرمة ومسجدشبث بن ربعيّ ومسجد التيم .

و في رواية أبي بصير مسجد بني السيد و مسجد بني عبدالله بن دارم و مسجد غنى ومسجدسماك ومسجد ثقيف ومسجد الأشعث .

باب ۱

مساجد کوفہ

۱۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ کوفہ کی کچھ مساجد ملعون ہیں اور کچھ مبارک، مبارک مسجد، مسجد غنی ہے اور اس کا قبلہ اعتدالی صورت میں ہے اور اس کی زمین پاک ہے اور اس کو ایک مرد مومن نے بنایا تھا اور دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک اس سے دو چشمے جاری نہ ہوں اور اس کے پاس دو باغ نہ ہوں اور اس کے بنانے والے کو دشمنوں نے سولی دی تھی۔ ایک مسجد بنی ظفر ہے جو مسجد سہلہ کے نام سے مشہور ہے اور تیسری مسجد حمراء ہے اور چوتھی جعفی ہے جو اب باقی نہیں۔ یہ گر گئی ہے اور مساجد ملعونہ ہیں مسجد ثقیف و مسجد اشعث اور مسجد جریر و مسجد سماک اور مسجد حمرائنی جو فراعنہ میں سے ایک فرعون کی قبر پر بنی ہے۔

۲۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ کوفہ میں چار مسجدیں نئی بنائی گئیں قتل امام حسین علیہ السلام کی خوشی میں، مسجد اشعث، مسجد جریر، مسجد سماک، مسجد شیث بن ربعی۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا صادق آل محمد نے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے کوفہ کی پانچ مسجدوں میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے، مسجد اشعث بن قیس، مسجد جریر بن عبد اللہ بجلی، مسجد سماک بن مخرمہ، مسجد شبیث بن ربعی، مسجد تیم۔

اور ابو بصیر سے مروی ہے کہ ان مساجد میں نماز ممنوع ہے، مسجد بنی السید، مسجد بنی عبد اللہ بن دارم، مسجد غنی، مسجد سماک، مسجد ثقیف، مسجد اشعث۔

باب ۱

(فضل المسجد الاعظم بالكوفة و فضل الصلاة فيه و المواضع المحبوبة فيه)

١ ـ محمّد بن الحسن ؛ وعليّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن عمرو بن عثمان ، عن محمّد بن عبدالله الخزّاز ، عن هارون بن خارجة ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال لي :

يا هارون بن خارجة كم بينك وبين مسجد الكوفة يكون ميلاً ؟ قلت : لا ، قال : فتصلّي فيه الصلوات كلّها ؟ قلت : لا ، فقال : أما لو كنتُ بحضرته لرجوت ألّا تفوتني فيه صلاة وتدري ما فضل ذلك الموضع ؟ ما من عبد صالح ولا نبيّ إلّا وقد صلّى في مسجد كوفان حتّى أنّ رسول الله صلّى الله عليه وآله لمّا أسرى الله به قال له جبرئيل عليه السلام : تدري أين أنت يا رسول الله الساعة أنت مقابل مسجد كوفان ، قال : فاستأذن لي ربّي حتّى آتيه فاُصلّي فيه ركعتين فاستأذن الله عزّ وجلّ فأذن له وإنّ ميمنته لروضة من رياض الجنّة وإنّ وسطه لروضة من رياض الجنّة وإنّ مؤخّره لروضة من رياض الجنّة وإنّ الصلاة المكتوبة فيه لتعدل ألف صلاة وإنّ النّافلة فيه لتعدل خمسمائة صلاة و إنّ الجلوس فيه بغير تلاوة ولا ذكر لعبادة ولو علم الناس ما فيه لأتوه ولو حبواً . قال سهل : و روى لي غير عمرو أنّ الصّلاة فيه لتعدل بحجّة وأنّ النافلة [فيه] لتعدل بعمرة .

٢ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن أبي يوسف يعقوب بن عبدالله من ولد أبي فاطمة ، عن إسماعيل بن زيد مولى عبدالله بن يحيى الكاهلي عن أبي عبدالله عليه السلام قال : جاء رجلٌ إلى أمير المؤمنين صلوات الله عليه وهو في مسجد الكوفة فقال : السلام عليك يا أمير المؤمنين و رحمة الله و بركاته فردّ عليه ، فقال : جعلت فداك إنّي أردت المسجد الأقصى فأردت أن اُسلّم عليك وأودّعك ، فقال له : وأيّ شيء أردت بذلك ؟ فقال : الفضل جعلت فداك ، قال : فبع راحلتك وكل زادك وصلّ في هذا المسجد فإنّ الصلاة المكتوبة فيه حجّة مبرورة والنافلة عمرة مبرورة والبركة فيه على اثني عشر ميلاً ، يمينه يمن ويساره مكر وفي وسطه عين من دهن وعين من لبن وعين من ماء شراب للمؤمنين وعين من ماء طهر للمؤمنين منه سارت سفينة نوح وكان فيه نسر و يغوث و يعوق وصلّى فيه سبعون نبيّاً وسبعون وصيّاً أنا أحدهم وقال بيده في صدره ما دعا فيه مكروب بمسألة في حاجة من الحوائج إلّا أجابه الله وفرّج عنه كربته .

٣ ـ عليُّ بن محمّد ، عن سهل بن زياد ، عن عليّ بن أسباط ، عن عليّ بن شجرة ، عن بعض ولد ميثم قال : كان أمير المؤمنين عليه السلام يصلّي إلى الاُسطوانة السابعة ممّا يلي أبواب كندة وبينه و بين السابعة مقدار ممرّ عنز .

٤ - علي بن محمد، عن سهل زياد، عن ابن أسباط قال: وحدثني غيره أنه كان ينزل في كل ليلة ستون ألف ملك يصلون عند السابعة ثم لا يعود منهم ملك إلى يوم القيامة.

٥ - محمد بن يحيى، عن محمد بن إسماعيل؛ و أحمد بن محمد، عن علي بن الحكم، عن سفيان بن السمط قال: قال أبو عبدالله عليه السلام: إذا دخلت من الباب الثاني في ميمنة المسجد فعد خمس أساطين ثنتين منها في الظلال وثلاثة في الصحن فعند الثالثة مصلى إبراهيم عليه السلام و هي الخامسة من الحائط، قال: فلما كان أيام أبي العباس دخل أبو عبدالله عليه السلام من باب الفيل فتياسر حين دخل من الباب فصلى عند الأسطوانة الرابعة وهي بحذاء الخامسة، فقلت: أتلك أسطوانة إبراهيم عليه السلام؟ فقال لي: نعم.

٦ - علي بن محمد، عن سهل، عن ابن أسباط رفعه، عن أبي عبدالله عليه السلام قال: الأسطوانة السابعة مما يلي أبواب كندة في الصحن مقام إبراهيم عليه السلام والخامسة مقام جبرئيل عليه السلام.

٧ - محمد بن يحيى، عن محمد بن الحسين، عن محمد بن إسماعيل بن بزيع، عن أبي إسماعيل السراج قال: قال معاوية بن وهب وأخذ بيدي وقال: قال لي أبو حمزة وأخذ بيدي قال: وقال لي الأصبغ بن نباتة وأخذ بيدي فأراني الأسطوانة السابعة فقال: هذا مقام أمير المؤمنين صلوات عليه قال: وكان الحسن بن علي عليهما السلام يصلي عند الخامسة فإذا غاب أمير المؤمنين عليه السلام صلى فيها الحسن عليه السلام وهي من باب كندة.

٨ - علي بن إبراهيم، عن صالح بن السندي، عن جعفر بن بشير، عن أبي عبدالرحمن الحذاء، عن أبي أسامة، عن أبي عبيدة، عن أبي جعفر عليه السلام: قال: مسجد كوفان روضة من رياض الجنة صلى فيه ألف نبي وسبعون نبياً وميمنته رحمة و ميسرته مكر فيه عصا موسى و شجرة يقطين وخاتم سليمان ومنه فار التنور ونجرت السفينة و هي صرة بابل و مجمع الأنبياء عليهم السلام.

باب ۱۰۱

فضیلتِ مسجد اعظم کوفہ

۱۔ ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا مجھ سے، اے ہارون بن خارجہ تمہارے اور مسجد کوفہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہے کہا ایک میل ہے میں نے کہا نہیں، فرمایا کیا تم سب نمازیں وہاں پڑھتے ہو۔ میں نے کہا نہیں، فرمایا اگر تم وہاں ہوتے تو مجھے امید ہے کہ تم کوئی نماز وہاں پڑھنے سے نہ رہتے۔ فرمایا تم جانتے ہو اس مسجد کی کیا فضیلت ہے۔ کوئی نیک بندہ اور کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس نے مسجد کوفہ میں نماز نہ پڑھی ہو۔ حتیٰ کہ جب رسولؐ اللہ شب معراج کو چلے تو جبرئیل نے کہا کہ آپؐ جانتے ہیں کہ آپ اس وقت کہاں ہیں آپؐ مسجد کوفہ کے مقابل ہیں فرمایا اللہ سے اجازت لو کہ دو رکعت نماز پڑھوں۔ پس اللہ سے اجازت چاہی، پس اللہ نے اجازت دی۔ اس مسجد کے داہنی طرف جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے نماز واجب اگر اس میں پڑھی جائے تو وہ ایکہزار نمازوں کے برابر ہے اور اگر نافلہ پڑھی جائے تو پچاس نمازوں کے برابر ہے اور بغیر تلاوت و ذکر بھی اس میں بیٹھنا عبادت ہے اگر لوگ جان لیتے کہ اس میں کیا کیا فضائل ہیں تو اس میں آتے چاہے کتنی ہی تکلیف ہوتی، اور ایک روایت میں ہے کہ نماز واجب اس میں ادا کرنا ایک حج کے برابر ہے، اور نماز نافلہ ایک عمرہ کے برابر ہے (ض)

۲۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے ایک شخص امیرالمومنین علیہ السلام کے پاس آیا جبکہ آپ مسجد کوفہ میں بیٹھے تھے اس نے کہا السلام علیکم یا امیرالمومنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ، حضرت نے جواب دیا۔ اس نے کہا میں آپؐ پر فدا ہوں میں مسجد اقصیٰ جارہا ہوں آپؐ کی خدمت میں بغرض سلام و رخصت کو حاضر ہوا ہوں وہاں کس غرض سے جارہے ہو۔ حضرت نے پوچھا، اس نے کہا فضیلت حاصل کرنے کے لئے۔ فرمایا اپنی سواری اور کل زاد راہ فروخت کر دو اور اس مسجد میں نماز پڑھو کہ نماز واجب کا ثواب ایک حج مقبول کے برابر ہے اور نافلہ کا ایک عمرہ مقبولہ کے برابر ہے بارہ میل تک اس کی برکت پھیلی ہوئی ہے اس کے داہنی طرف برکت ہے اور بائیں طرف مکر (خلفائے جور کی حکومت جو بصرہ میں تھی) اس کے وسط میں روغن کا چشمہ ہے اور ایک چشمۂ آب ہے جس سے ارواح مومنین پیتی ہیں یہیں سے کشتی نوحؑ چلی تھی اور چکر کھائے تھے اور بتوں کو ڈبویا تھا ان میں ستر انبیاء اور اوصیائے انبیاء نے نماز پڑھی ہے ان میں سے ایک میں ہوں یہاں جس مصیبت زدہ نے دعا کی قبول ہوئی اور غم سے رہا ہوا۔ (مجہول)

۳۔ امیرالمومنین علیہ السلام نماز پڑھا کرتے تھے ساتویں ستون کے پاس جو قریب ہے ابواب کندہ سے اور حضرت کے اور ستون کے درمیان بہت تھوڑا فاصلہ ہوتا تھا۔ (ص)

۴۔ ایک شخص نے یہ بھی روایت کی ہے کہ یہاں ہر رات ۷۰ ہزار فرشتے ستون ہفتم کے قریب نماز پڑھتے ہیں اور ان میں سے کوئی فرشتہ

قیامت تک پھر نہیں لوٹتا۔

۵۔ فرمایا ابوعبداللہ علیہ السلام نے جب مسجد کے داہنی طرف دوسرے دروازہ سے داخل ہو تو پانچ ستون شمار کرو ان میں سے دو سایہ میں ہیں چھت کے نیچے اور تین صحن میں ہیں تیسرے کے پاس حضرت ابراہیم کا مصلّیٰ ہے اور وہ دیوار سے پانچواں ستون ہے۔

راوی نے کہا سفاح خلیفۂ عباسی کے دورِ حکومت میں حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام باب الفیل سے داخل ہوئے اور حضرت نے چوتھے ستون کے پاس نماز پڑھی جو پانچویں ستون کے مقابل ہے میں نے کہا کیا یہ ستون ابراہیم ہے فرمایا۔ ہاں۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ مراۃ العقول میں تحریر فرماتے ہیں کہ مسجد کوفہ کی مذکورہ بالا ہیئت باقی نہیں خلفائے عباسیہ نے اس میں بہت کچھ تغیر و تبدل کر دیا ہے۔ (مجہول)

۶۔ فرمایا ستون ہفتم وہ ہے جو ابواب کندہ سے ملا ہوا ہے یہ مقام ابراہیم ہے اور پانچواں ستون مقام جبرئیل ہے۔

۷۔ راوی نے بیان کیا اصبغ بن نباتہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ساتواں ستون دکھایا اور کہا یہ مقام امیرالمومنین علیہ السلام ہے امام حسن علیہ السلام پانچویں ستون کے پاس نماز پڑھتے تھے۔ جب امیرالمومنین نے انتقال کیا تو امام حسن علیہ السلام نے وہاں نماز پڑھی اور یہ ستون باب کندہ کے پاس ہے۔ (ض)

۸۔ فرمایا امام محمد باقر علیہ السلام نے کہ مسجد کوفہ ایک باغ ہے جنت کے باغوں میں سے۔ اس میں نماز پڑھی ہے ایکہزار انبیاء اور ستّر رسولوں نے، اس کے داہنی طرف رحمت ہے اور بائیں طرف مکر (بصرہ میں خلفائے جور کی حکومت تھی) اور اس مسجد میں عصائے موسیٰؑ ہے اور وہ درخت کدو ہے جو حضرت یونسؑ کے لئے بطن ماہی سے نکلنے کے بعد اگایا گیا تھا اور اس میں خاتم سلیمان ہے۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں بزمانہ نوحؑ تنور سے پانی اُبلا تھا یہیں سے کشتی نوحؑ چلی تھی اور یہی مسرہ بابل اور مجمع انبیاء ہے۔ (مجہول)

توضیح:- یہ فرمانا کہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے عام نگاہیں اس کو نہیں دیکھ سکتیں انبیاء و اوصیاء اور مومنین و مخلصین کی نگاہیں اس پوشیدہ باغ سے لذت اندوز ہو سکتی ہیں امام علی نقی علیہ السلام کو جب عباسی خلیفہ نے خان الصعالیک یعنی محتاج خانہ میں بطور مہمان رکھا تھا تو ایک بندۂ مومن نے عندالملاقات ایسی گندی جگہ میں آپؑ کے قیام پذیر ہونے پر اظہارِ رنج و ملال کیا تو آپؑ نے ہاتھ اٹھا کر فرمایا۔ ادھر دیکھ اس نے نظر اٹھائی تو ایک خوشنما نظر فریب چمنستان اس کے سامنے تھا فرمایا ہماری تفریح کا سامان خدا کی طرف سے تو ہے بندوں کے ذلیل کرنے سے ہم ذلیل نہیں ہوتے۔ اور ہماری آنکھیں وہ دیکھتی ہیں جو دوسرے نہیں دیکھتے۔ یہ واقعہ اس کا بھی ثبوت ہے کہ جنت آدم جنت ارضی بھی ہے جسے خدا نے نظرِ خلائق سے چھپا دیا ہے۔

عصائے موسیٰؑ کے متعلق شاید حضرت کی یہ مراد ہو کہ زمانہ سابق میں وہ یہاں دفن ہوا اور پھر ہمارے آئمہ علیہم السلام

تک پہنچا۔ بعض احادیث سے ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے تبرکات ہمارے آئمہ کے پاس رہے ہیں جو عام لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے۔ یا یہ مراد ہے کہ عصائے موسیٰ یہاں دفن ہے ہمیں وہ جگہ معلوم ہے جب چاہیں نکال لیں۔ اور درخت کدو سے ممکن ہے یہ مراد ہو کہ وہ اس سرزمین پر اُگا تھا اور حضرہ بابل سے یہ مراد ہے کہ جس طرح بابل مادی اموال کا مخزن تھا اسی طرح یہ سرزمین روحانی دولت سے مالامال ہے یا یہ کہ جس طرح بابل میں مجمع انبیاء رہا اسی طرح یہاں بھی رہا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ قدرت کے اسرار ہیں انسانی عقل و فہم کی وہاں تک رسائی نہیں۔ یہ باتیں تو انبیاء و اوصیائے انبیاء کو بذریعہ وحی و الہام بتائی جاتی ہیں۔ یہی جواب ہے ان تبرکات آئمہ کا جو ایک سے دوسرے تک پہنچتے رہے عام لوگوں کو اس لیے نظر نہیں آتے کہ وہ ان پر قبضہ کر لیتے۔ یہی جواب ہے امیرالمومنینؑ کے جمع کردہ قرآن کا کہ وہ ایک امام سے دوسرے امام تک پہنچتا رہا اور کسی کو اطلاع نہ ہوئی۔ یہ امور خصوصیات معصومین سے ہیں ورنہ عام لوگوں میں اور ان میں فرق کیا رہتا۔

﴿ باب ۲ ﴾

☆(مسجد السهلة)☆

١ ـ عدّةٌ من أصحابنا ، عن أحمد بن محمّد ، عن أحمد بن أبي داود ، عن عبدالله ابن أبان قال : دخلنا على أبي عبدالله عليه السلام فسألنا أفيكم أحدٌ عنده علم عمّي زيد بن عليّ ؟ فقال : رجل من القوم : أنا عندي علم من علم عمّك كنّا عنده ذات ليلة في دار معاوية بن إسحاق الأنصاريّ إذ قال : انطلقوا بنا نصلّي في مسجد السّهلة فقال أبو عبدالله عليه السلام : وفعل ؟ فقال : لا جاءه أمر فشغله عن الذّهاب ، فقال : أما والله لو أعاذ الله به حولاً لأعاذه أما علمت أنّه موضع بيت إدريس النبيّ عليه السلام والّذي كان يخيط فيه ومنه سار إبراهيم عليه السلام إلى اليمن بالعمالقة ومنه سار داود إلى جالوت وإنّ فيه لصخرة خضراء فيها مثال كلّ نبيّ ومن تحت تلك الصخرة اُخذت طينة كلّ نبيّ وإنّه لمناخ الراكب ، قيل : ومن الراكب ؟ قال : الخضر عليه السلام .

۲ ـ محمد بن يحيى ، عن عليّ بن الحسن بن علي ، عن عثمان ، عن صالح بن أبي الأسود قال : قال أبوعبدالله عليه السلام و ذكر مسجد السهلة فقال : أما إنّه منزل صاحبنا إذا قام بأهله .

۳ ـ عنه ، عن عمرو بن عثمان ، عن حسين بن بكر ، عن عبد الرّحمن بن سعيد الخزّاز ، عن أبي عبدالله عليه السلام قال : قال : بالكوفة مسجد يقال له : مسجد السهلة لو أنّ عمّي زيداً أتاه فصلّى فيه واستجار الله لأجاره عشرين سنة ، فيه مناخ الراكب وبيت إدريس النبيّ عليه السلام وما أتاه مكروبٌ قطّ فصلّى فيه بين العشائين و دعا الله إلّا فرّج الله كربته .

باب ۱۰۲

مسجد سہلہ

۱۔ ہم حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت نے ہم سے پوچھا کیا تم میں سے کسی کے پاس میرے چچا زید بن علی کا علم ہے۔ ہم میں سے ایک نے کہا۔ ہم ان کے پاس معاذ ابن اسحاق کے گھر میں ایک رات رہے تھے جب انھوں نے ہم سے کہا۔ مسجد سہلہ میں ہمارے ساتھ نماز پڑھنے چلو، حضرت نے فرمایا پھر وہ گئے، اس نے کہا نہیں، ایک ایسا امر پیش آیا کہ وہ رک گئے۔ فرمایا قسم خدا کی اگر وہاں سے پناہ مانگتے تو وہ پناہ دیتا۔ کیا تم نہیں جانتے یہ ادریس نبی کی جگہ ہے یہاں وہ کپڑے سیتے تھے اور یہیں سے ابراہیم عمالقہ اور داؤد جالوت سے لڑنے چلے تھے اس مسجد میں ایک سبز پتھر ہے جس میں انبیاء کی تصاویر ہیں اور اسی پتھر کے نیچے سے نبی کی خلقت کے لئے مٹی لی گئی تھی اور راکب کے اترنے کی جگہ ہے۔ پوچھا راکب کون ہے۔ فرمایا خضر علیہ السلام۔ (مجہول)

۲۔ فرمایا حضرت کہ قائم آل محمد جب ظہور کریں گے تو مسجد سہلہ ان کی پہلی منزل ہوگی۔ (مجہول)

۳۔ فرمایا حضرت نے کوفہ میں ایک مسجد ہے جس کا نام مسجد سہلہ ہے اگر میرے چچا زید یہاں آتے اور نماز پڑھ کر خدا سے دعا مانگتے تو وہ بیس برس ان کو پناہ دیتا۔ یہ راکب (خضر) کے اترنے کی جگہ ہے یہ ادریس نبی کا گھر ہے جو مصیبت زدہ یہاں آیا اس نے نماز پڑھ کر دعا مانگی تو اس کی مصیبت ضرور دور ہوئی۔ (مجہول)

ختم شد

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں.

منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدر آباد پاکستان

۷۸۶

۹۲_۱۱۰

یا صاحب الزماںؑ ادرکنیؑ

DvD
Version

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABEEL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.co.cc
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL USE